# طبیب اور غیر طبیب کے لئے

معمولات مطب سلیمی اور صدری اکسیری مخفی نسخہ جات و سچے مجربات کا نایاب مجموعہ

# مجربات سلطانی

LIKE US ON facebook
Tibbi Books for Atiba Karam

حصہ چہارم

مصنفہ

زبدۃ الحکما حکیم مولوی محمد یار خان کھوکھر قریشی علوی نقشبندی

سند یافتہ مدرسہ طبیہ سلیمیہ لاہور مصنف کتب طبیہ متعددہ

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز اردو بازار لاہور

## کیا آپ سوفیصدی مجرب بے خطا اور معرکہ انگیز نسخوں کے متلاشی ہیں

### اگر آپ اپنے فن کی اعجاز نمائی اور اپنے دست شفاء کی سچائی کا لوہا منوانا چاہتے ہیں تو

# طبی شہ پارے

### مصنفہ زبدۃ الحکماء حکیم مولوی محمدیار خان علوی للیانوی

آج ہی حاصل کیجئے جس میں انتہائی فراخدلی' صداقت پسندی اور بے مثال دیانتداری کے ساتھ 379 لاجواب طبی اسرار اور تجارتی مجربات کو پیش کر کے بے نقاب کر دیا گیا ہے۔ اس کا ایک ایک نسخہ موتیوں میں تولنے کے قابل ہے۔ ہمارا دعویٰ ہے کہ طبی مجربات کے موضوع پر اتنی دریا دلی اور اس حد تک سچائی کا اظہار اس سے پہلے کبھی کسی نے نہیں کیا۔ حکیم مفتی سلیم اللہ خانؒ کے منتخب جواہر پارے۔ ماہرین فن کے نادرہ کار تحفے اور دار الصحت سلطانیہ للیانی کے 40 عدد مشہور و مقبول تجارتی نسخہ جات مثلاً حب شاہی' حب سلطانی' طلائے غنی' طلائے شاہی' اکسیر سوزاک وغیرہ وغیرہ جن کی مفصل تعریف فہرست ادویہ میں درج ہے۔ جس پر ہماری تمام تر تجارت کا انحصار ہے۔ پورے اخلاص اور سچائی کے ساتھ پیش کر دیئے گئے ہیں۔ غرض اپنے تجارتی نسخہ جات کے علاوہ پچاس کے قریب اور صدری مخفی خاندانی نسخہ جات ایسے درج کئے گئے ہیں جو آج تک پوشیدہ رہے ہیں۔ ان تمام طبی اور تجارتی جواہرات خاص کو ظاہر کر کے بڑی قربانی کی گئی ہے۔ اگر انصاف کی نگاہ سے دیکھا جائے تو طبی دنیا میں اس کی نظیر ملنی محال ہے۔ طبی شہپارے کی مجوزہ قیمت فی الواقعہ اس کے ایک نسخہ کے بھی پاسنگ نہیں۔ اس میں بعض ایسے مخفی اسرار درج ہیں جو 100 سے لے کر 500 روپے نذرانہ دینے پر بھی ہاتھ نہیں آسکتے۔

آئیں کدھر ہیں آج قدر دان کمال کے
کاغذ پہ رکھ دیا ہے کلیجہ نکال کے

کتابت طباعت عمدہ کاغذ سفید ولائتی سرورق اعلیٰ مجلد لیمینیشن قیمت:-/60

ملنے کا پتہ: منیجر دار الصحت سلطانیہ للیانی براستہ بھلوال ضلع شاہ پور پنجاب

LIKE US ON facebook
Tibbi Books for Atiba Karam

# فہرس


| | |
|---|---|
| ...ات امراض سر | 407 |
| ...ن برائے نزلہ دائمی | 407 |
| ...بت دماغ | 407 |
| ...وائے مقوی دماغ | 407 |
| ...جون نزلہ و زکام دائمی | 408 |
| ...ف مقوی دماغ | 408 |
| ...خہ دیگر | 408 |
| ...ربل مقوی دماغ | 409 |
| ...جون مقوی دماغ و حافظہ | 409 |
| ...جون نزلہ ہر قسم | 409 |
| ...خہ دیگر | 409 |
| ...سیر جنون و مالیخولیا | 410 |
| ...ائے جنون | 410 |
| ...سیر مالیخولیا و جنون | 410 |
| ...رش مالیخولیا مراق | 410 |
| ...سیر عصابہ | 411 |
| ...سیر تسکین | 411 |
| ...سے جدوار | 412 |
| ...ب اکسیر لقوہ | 412 |
| ...سیر فالج | 412 |
| ...ئے سدر دوار | 413 |
| ...یگر مجرب | 413 |
| ...ب سم الفار | 413 |
| ...سیر لقوہ | 413 |
| ...سیر مرگی | ·14 |
| ...خہ دیگر مجرب | 414 |
| نسخہ دیگر مجرب | 414 |
| نسوار مرگی مجرب | 415 |
| روغن فالج | 415 |
| نسخہ دیگر مجرب | 415 |
| روغن اکسیر فالج | 415 |
| حب فالج وغیرہ | 416 |
| چٹنی مقوی دماغ | 416 |
| شربت برائے مالیخولیا | 416 |
| نسخہ دیگر | 417 |
| نسخہ دیگر | 417 |
| نسخہ دیگر | 417 |
| اکسیر درد ہر قسم | 418 |
| سعوط درد سر کہنہ | 418 |
| نسوار درد سر کہنہ | 418 |
| نسوار شقیقہ | 418 |
| نسخہ دیگر | 419 |
| اکسیر ام الصبیان و مرگی | 419 |
| اکسیر درد سر شدید | 419 |
| دوائے شقیقہ | 419 |
| معجون برائے قبض و مراق | 419 |
| حب نزلہ و سعال | 420 |
| اکسیر درد ہر قسم | 420 |
| نسوار صداع دردی | 420 |
| نسوار کرم دماغ مجرب | 420 |
| شربت ام الصبیان | 421 |
| اکسیر ام الصبیان | 421 |
| حب ام الصبیان مجرب | 421 |

| | |
|---|---|
| دوائے مسکن | 421 |
| اکسیر درد سر ہر قسم | 422 |
| ضماد برائے درد سر | 422 |
| دوائے عصابہ مجرب | 422 |
| دوائے شقیقہ | 422 |
| نسخہ برائے شقیقہ | 422 |
| کاغذی درد شقیقہ | 422 |
| درد سر دائمی | 423 |
| نسوار طلسمی | 423 |
| نسوار برائے بدبو دماغ | 423 |
| حب برائے رعشہ | 423 |
| حریرہ مقوی دماغ مجرب | 423 |
| دوائے منوم | 423 |
| نسخہ دیگر | 424 |
| نسوار اکسیر نزلہ و زکام مجرب | 424 |
| روغن اکسیر اوجاع | 424 |
| درد اول | 424 |
| دیگر مجرب | 424 |
| شربت سدر دوار | 425 |
| معجون سدر دوار | 425 |
| تریاق نزلہ دماغی | 425 |
| **مجربات امراض چشم** | 425 |
| سرمہ سفید | 426 |
| صوفی سرمہ | 426 |
| نسخہ دیگر | 426 |
| دوائے رمد چشم | 427 |
| شیاف گگرہ | 427 |
| نسخہ دیگر | 427 |
| سرمہ تریاق چشم | 427 |
| سرمہ مقوی بصر | 428 |
| سرمہ بیاض چشم | 428 |
| نسخہ دیگر | 428 |
| اطر-فل سبل | 428 |
| سرمہ اکسیر العین | 429 |
| پھولا کا اکسیری سرمہ | 429 |
| سرمہ مقوی بصر اعلیٰ | 429 |
| نسخہ دیگر | 429 |
| **مجربات امراض گوش** | 430 |
| دوائے درد کان | 430 |
| روغن ثقل سماعت | 430 |
| روغن گوش۔ | 430 |
| نسخہ دیگر مجرب | 431 |
| روغن گوش اکسیری | 431 |
| دوائے درد گوش | 431 |
| نسخہ دیگر فوری اثر | 431 |
| **مجربات امراض بینی (ناک)** | 431 |
| دوائے رعاف | 431 |
| نسخہ دیگر مجرب | 432 |
| نسوار نکسیر مجرب | 432 |
| اکسیر حابس الدم | 432 |
| مرہم برائے قروح الانف | 432 |
| دوائے بطلان شامہ | 433 |
| **مجربات امراض دندان** | 433 |
| دوائے درد دندان | 433 |
| نسخہ دیگر | 433 |
| دوائے پائیوریا | 434 |
| منجن دندان مجرب | 433 |

| | |
|---|---|
| منجن برائے استحکام دندان | 434 |
| منجن برائے ماخورہ | 435 |
| نسخہ دیگر | 435 |
| دوائے درد داڑھ | 435 |
| نسخہ دیگر | 435 |
| دوائے درد دانت ہر قسم | 436 |
| اکسیر درد دندان | 436 |
| دانت جانا | 436 |
| منجن برائے ورم لثہ | 436 |
| **مجربات امراض حلق و دہن** | 437 |
| اکسیر استرخا لہات | 437 |
| اکسیر قلاع | 437 |
| حب بحتہ الصوت | 437 |
| نسخہ دیگر | 437 |
| اکسیر آکلتہ الفم | 437 |
| اکسیر خناق | 438 |
| نسخہ سکہ | 438 |
| اکسیر برائے بدبوئے دہن | 438 |
| **مجربات امراض سینہ و پھیپھڑہ** | 439 |
| اکسیر دق | 439 |
| اکسیر دق سل | 439 |
| دق کا مجرب آسان نسخہ | 439 |
| دق سل کا دیگر طریق علاج | 440 |
| اکسیر ضیق النفس | 441 |
| نسخہ دیگر | 442 |
| نسخہ دیگر | 442 |
| اکسیر ضیق النفس بلغمی | 442 |
| لعوق ضیق النفس | 443 |
| لعوق ضیق النفس بلغمی مجرب | 443 |
| نسخہ دیگر | 443 |
| عرق شیر برائے سل دق | 443 |
| اکسیر نفث الدم | 443 |
| نسخہ دیگر | 444 |
| پرانی کھانسی کا مجرب نسخہ | 444 |
| حب اکسیر کھانسی کہنہ دور | 444 |
| اکسیر نمونیہ | 445 |
| نسخہ دیگر | 445 |
| اکسیر ذات الجنب | 445 |
| نسخہ دیگر سریع الاثر | 445 |
| نسخہ دیگر | 445 |
| کشتہ بارہ سنگا | 446 |
| اکسیر ذات الجنب مجرب | 446 |
| حب سعال خاص | 446 |
| نسخہ دیگر | 446 |
| کشتہ افیون | 447 |
| بخور برائے دمہ مجرب | 447 |
| حب سرفہ | 447 |
| نسخہ دیگر | 447 |
| شربت شفاء | 448 |
| حب نوازل | 448 |
| دیسی لال شربت | 448 |
| **مجربات امراض معدہ و امعاء و مقعد** | 449 |
| دوائے بواسیر ہر قسم | 450 |
| حب قبض کشاء | 450 |
| روغن مسہل خاص | 450 |
| اکسیر ریح بواسیر و مراق | 451 |

اکسیر ریح بواسیر
حب اکسیر بواسیر ہر قسم
اکسیر پیچش و سیج
اکسیر کدو دانہ
نسخہ دیگر سل
دواء القنب
اکسیر سنگرہنی
جوارش انگورہ خاص
مسہل عجیب
نسخہ دیگر
اکسیر ریف

## مجربات امراض جگر و طحال

اکسیر فولاد
معجون اکسیر جگر
شربت فولاد
عرق اکسیر طحال
ضماد برائے عظم طحال
اکسیر الکبد
معجون اکسیر جگر
عرق برائے طحال
دوائے یرقان
عرق طحال

## مجربات امراض قلب

دواء المسک معتدل
خمیرہ اکسیر قلب
مفرح و کشاء
اکسیر تقویت قلب و خفقان
دواء النقرہ

451 دوائے خفقان
451 اکسیر مقوی اعضاء رئیسہ
452 دوائے خفقان القلب
452 اکسیر قلب آسان
453 شربت خفقان القلب
453 سفوف اکسیر قلب
453 شربت بہار
453 شربت مفرح
454 معجون مقوی اعضاء رئیسہ

## 454 مجربات امراض گردہ و مثانہ

454 اکسیر ذیابیطس خاص
455 اکسیر سوزاک و قرحہ
455 دوائے ذیابیطس ہر قسم
455 نسخہ دیگر مجرب
456 اکسیر سوزاک
456 دوائے سلسل بول
457 اکسیر سنگ
457 نسخہ دیگر
457 دیگر سل
458 ذیابیطس کا مستند علاج
458 اکسیر درد گردہ

## 458 مجربات امراض مردان

459 حب مقوی و ممسک
459 کشتہ شنگرف سفید
459 حب برائے ضعف باہ
459 جریان ہر قسم کا مجرب نسخہ
460 حب اکسیر سرعت و امساک
460 طلائے مقوی باہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| حب خاص | 469 | اکسیر جریان واحتلام | 481 |
| حب مسک خالص | 470 | حب اکسیر احتلام | 482 |
| معجون خاص | 470 | دوائے احتلام | 482 |
| روغن مقوی خاص | 470 | کشتہ نقرہ اکسیر جریان | 482 |
| کشتہ طلا | | حب لوبان | 483 |
| کشتہ نقرہ | 471 | حلوائے گندر | 483 |
| اکسیر باہ | 471 | اکسیر باہ و امساک | 483 |
| حب مقوی و ممسک | 472 | نسخہ دیگر | 484 |
| سفوف مانع درور منی و مقوی باہ | 472 | سفوف ذکاوت حس | 484 |
| حب مقوی باہ عجیب | 473 | نسخہ دیگر | 486 |
| طلائے سستی | 474 | **مجربات امراض زنان** | 485 |
| سرعت انزال کا مجرب علاج | 474 | گولیاں مدر حیض | 485 |
| حب امساک | 474 | نسخہ برائے درد حیض | 485 |
| نسخہ دیگر | 475 | نسخہ احتباس طمث | 486 |
| حب اکسیر جریان | 475 | اکسیر کثرت حیض | 486 |
| حب مقوی باہ | 475 | سفوف سیلان الرحم | 486 |
| طلائے خاص الخاص | 476 | نسخہ دیگر مجرب | 486 |
| طلائے مجلوق وست | 476 | سفوف استحاضہ و کثرت حیض | 487 |
| طلائے ملذذ | 477 | اکسیر سیلان الرحم | 487 |
| نسخہ دیگر سہل | 477 | دوائے شبور رحم | 487 |
| طلائے خاص | 477 | اکسیر خارش شرمگاہ | 487 |
| طلائے سرخ کلان | 478 | شافہ مدر حیض | 488 |
| طلائے نایاب | 478 | عمل برائے اٹھراہ | 488 |
| طلائے مقوی | 479 | دوائے کثرت حیض | 488 |
| طلائے مطول و مسمن | 479 | نسخہ دیگر | 489 |
| طلائے مقوی باہ | 479 | دوائے اختناق الرحم | 489 |
| اکسیر جریان | 480 | دوائے عقر | 489 |
| قرص اکسیر جریان | 480 | حب حافظ الجنین | 489 |
| سفوف اکسیر جریان | 481 | نسخہ دیگر | 490 |

460 461 461 462 462 462 463 463 463 464 464 464 464 465 465 465 465 466 466 466 467 467 467 467 468 468 469 469

...دہ و مثانہ
...لاج
...ض مردان
...سک
...سفید
...ضعف باہ
...م کا مجرب نسخہ
...سرعت و امساک
...ی باہ

| | |
|---|---|
| حب پرسوت | 490 |
| اکسیرالدم | 490 |
| نسخہ دیگر | 491 |
| اکسیر مانع اسقاط | 491 |
| اکسیر عقر | 492 |
| مسقط حمل | 492 |
| سفوف اکسیر سیلان الرحم و جریان منی | 492 |
| دوائے اولاد نرینہ | 493 |
| اکسیر برائے ادرار حیض | 493 |
| دوشیزہ | 493 |
| **مجربات حمیات (تپ)** | 494 |
| عرق تپدق وغیرہ | 494 |
| شربت سعال خاص | 494 |
| حب اکسیر بخار | 495 |
| دوائے موتی جھرہ | 495 |
| حب موتی جھرہ | 495 |
| حب تریاق بخار | 495 |
| اکسیر دق سل و تپ دق | 496 |
| کھانسی کہنہ | 497 |
| نسخہ ستو پلادی چورن | 497 |
| نسخہ دیگر | 498 |
| نسخہ دیگر اعلیٰ | 497 |
| کشتہ گاؤدنتی | 497 |
| اکسیر بخار کہنہ | 498 |
| نسخہ دیگر | 498 |
| کشتہ نیلا توتیا سفید | 499 |
| اکسیر سیم | 499 |
| شربت حمی | 499 |
| عرق اکسیر بخار | 499 |
| عرق ملیریا مزمن | 500 |
| **مجربات امراض جلد** | 500 |
| اکسیر آتشک | 500 |
| حب اکسیر آتشک | 501 |
| نسخہ دیگر | 501 |
| اکسیر جذام | 502 |
| نسخہ دیگر | 502 |
| نسخہ دیگر | 502 |
| دوائے چھپاکی | 502 |
| نسخہ دیگر مجرب | 503 |
| روغن جراحات | 503 |
| مرہم جراحات | 503 |
| دوائے دفع خارش و مصفی خون | 504 |
| دوائے خارش ہر قسم | 504 |
| اکسیری تیل | 504 |
| جبوب مصفی خون | 504 |
| مرہم برائے ختنہ وغیرہ | 505 |
| جبوب چھپاکی | 505 |
| نسخہ دیگر | 505 |
| اکسیر جذام و آتشک وغیرہ | 506 |
| شربت اکسیر مصفی خون | 506 |
| روغن اکسیر داد و چنبل | 507 |
| جبوب داد | 507 |
| مرہم داد خارش | 507 |
| ⊙ دوائے گنج سر | 507 |
| مرہم شبور سراطفال | 508 |
| ⊙ بال قبل ازوقت سفید ہونا | 508 |
| دوائے خارش | 508 |
| دیسی آئیوڈین | 508 |

| | |
|---|---|
| مرہم اکسیر طاعون و بھرالی وغیرہ | 509 |
| دوائے دافع بہق ابیض | 509 |
| **مجربات امراض پشت** | 509 |
| سفوف الاوجاع | 509 |
| دوائے نقرس و عرق النساء | 509 |
| اکسیر وجع مفاصل | 510 |
| حب اکسیر عرق النساء | 510 |
| حب اکسیر وجع مفاصل | 510 |
| روغن مسکن | 511 |
| حلوائے گھیکوار | 511 |
| روغن درد ہر قسم | 512 |
| نسخہ دیگر | 512 |
| سفوف نقرس مجرب | 512 |
| روغن اوجاع | 512 |
| **متفرقات** | 513 |
| حلوائے سمن بدن | 513 |
| حب تارک افیون | 513 |
| خضاب جدید | 514 |
| خوبصورت بننے کی دوا | 514 |
| اشتہار | 515 |


LIKE US ON facebook

Tibbi Books for Atiba Karam

# مقدمہ

الحمد للہ شائقین طب اور ماہرین کی خدمت میں "مجربات سلطانی" کی چوتھی اور آخری جلد پیش کرنے کی سعادت حاصل ہو رہی ہے۔ 1923ء میں اس تالیف کی ابتدا ہوئی اور آج تک حصہ اول کے چار ایڈیشن، حصہ دوم کے دو ایڈیشن، حصہ سوم کے دو ایڈیشن شائع ہو کر اہل نظر سے خراج تحسین حاصل کر چکے ہیں۔ اشاعت کی اس رفتار سے بخوبی اندازہ ہو سکتا ہے کہ ہماری بے لوث طبی خدمات کو پذیرائی اور مقبولیت کے اعتبار سے کہاں تک کامیابی ہوئی۔

طبی دنیا کے مشاہیر زمانہ اور پاکستان کے حکمائے حاضرہ نے ہماری مخلصانہ کوششوں کی جس مربیانہ اسلوب سے داد دی اور حوصلہ افزائی فرمائی اس سے واضح ہو جاتا ہے کہ اس سلسلہ تالیف کی افادی حیثیت کس قدر اہمیت اور وقعت رکھتی ہے اور ہمارے لئے کس حد تک مایہ نازو افتخار ہے۔

مجربات سلطانی حصہ چہارم کی ترتیب و اشاعت گوناگوں مشکلات کے سبب معرض تاخیر و التوا میں پڑی رہی اور اب خدا خدا کر کے اسے طبع کرانے کی نوبت آئی ہے۔ اس تاخیر و التوا کے سبب جہاں احباب اور شائقین کو زحمت انتظار اٹھانا پڑی وہاں ہمیں ایسے بہترین نسخہ جات کی آزمائش کا موقع ملا جن کی بدولت قارئین کرام نہ صرف خدمت خلق کے پاکیزہ مقصد کو حاصل کر سکتے ہیں۔ بلکہ موجودہ دور انقلاب اور کساد بازاری میں ہزاروں روپے کما کر اپنی اقتصادی حالت اور شہرت کو چار چاند لگا سکتے ہیں۔

حال ہی میں منتخب و معیاری مجربات اور اپنے تجارتی خاص پیٹنٹ نسخہ جات کی نادر و نایاب کتاب موسومہ "طبی شہ پارے" تالیف کی گئی ہے جو نومبر 1950ء میں زیور طباعت سے آراستہ ہو کر منصۂ شہود پر آچکی ہے اور طبی دنیا میں نہایت مقبول ہو رہی ہے۔

اب بفضلہ تعالیٰ بلا خوف تردید کہا جا سکتا ہے کہ مجربات سلطانی ہر چہار حصص اور طبی شہ پارے طبی دنیا میں منتخبہ اور چوٹی کے مجربات کی ایک مکمل اور معرکتہ الاراء قرابادین (فارما کوپیا) کی حیثیت اختیار کر چکی ہے۔

توقع ہے کہ اہل نظر انشاء اللہ تعالیٰ اس بے نظیر مجموعہ کی صحیح قدر فرماتے ہوئے ہماری خدمات کا اعتراف کریں گے۔ **وذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاء**

اب انشاء اللہ العزیز **طبی شہ پارے** جلد دوم اور **کتاب العلاج** کی ترتیب زیر تجویز ہے۔
**وما توفیقی الا باللہ۔**

مخلص

**حکیم ملک محمد یار خان علوی**

اپریل 1951ء

# مجربات سلطانی حصہ چہارم

## مجربات امراض سر

### (1) معجون برائے نزلہ دائمی و تقویت دماغ

منافع: نزلہ دائمی کا خاص علاج ہے۔ ضعف دماغ کو دور کرتا اور ضعف حافظہ، قوت بصر، خشکی دماغ کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ اس کے تین چار ہفتہ کے استعمال سے دماغ خوب طاقتور ہوتا۔ حافظہ تیز ہو جاتا اور قوت بینائی کو طاقت حاصل ہوتی ہے۔ مجرب ہے۔

اجزاو ترکیب: خشخاش سفید 15 تولہ دھو کر صاف کرلیں۔ اس کا شیرہ کشید کر کے آگ پر رکھیں۔ جب پک جائے اوپر سے صاف پانی نتھار دیں اور پکہ کو تین تولہ نشاستہ گندم کے ہمراہ آدھ سیر گھی میں بریاں کریں تاکہ سرخ ہو جائے پھر اس میں ایک کلو چینی ملا کر حل کریں۔ بعدہ آگ سے اتار کر ادویہ ذیل کا سفوف ملا دیں۔ معجون تیار ہے۔ وہ ادویہ یہ ہیں۔ پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، پوست آملہ، گل سرخ، گل بنفشہ، گل نیلوفر مصفیٰ، کتیرا، صمغ عربی ہر ایک ڈیڑھ تولہ مغز سونف، مغز کشنیز ہر ایک تین تولہ مغز بادام مقشر، مغز پستہ، مغز اخروٹ، مغز چلغوزہ ہر ایک 5 تولہ، مغز پنبہ دانہ ڈھائی تولہ سب کو پیس کر سفوف تیار کرلیں۔

استعمال: 2 تولہ یا 3 تولہ صبح نہار استعمال کریں۔ بصورت قبض کوئی قبض کشا ادویات کو استعمال کرنی چاہیے۔

### (2) حلوائے مقوی دماغ

اسناد: حکیم محمد غوث صاحب کھوکھر چک نمبر 156 تحصیل چنیوٹ (جھنگ) کا عطیہ ہے۔

منافع: نہایت مقوی دماغ، قوت بصارت، قوت حافظہ، خشکی دماغ کو مفید ہے۔ منی پیدا کر کے اسے گاڑھا کرتا ہے۔ مقوی باہ اور ملذذ ہے۔ گردوں کو طاقت دیتا ہے جو درد کمر گردوں کی کمزوری سے ہو اس کے لئے مفید ہے۔ کثرت مطالعہ اور دماغی محنت اور کثرت جماع سے جب افعال دماغی میں کمی ہو کر ضعف دماغ کے آثار شروع ہو جائیں یا قوت بصارت میں کمی واقع ہو جائے ان حالات میں نہایت نافع و مجرب ہے۔ بدنی طاقت میں اضافہ کرتا ہے۔ خوش ذائقہ ہمہ صفت موصوف چیز ہے۔ مجرب المجرب۔

اجزا: کھویہ شیر ایک کلو 750 گرام، نشاستہ گندم، گوند ببول کوفتہ ہر ایک 5 تولہ، بالائی شیر ایک کلو مکھن بھینس دو کلو 250 گرام، مغز بادام کوفتہ ایک کلو، مغز پستہ کوفتہ آدھ پاؤ، کھانڈ سفید اڑھائی کلو۔

ترکیب: نشاستہ، کھویہ، گوند ببول، بالائی شیر علیحدہ علیحدہ مکھن میں بریاں کریں مگر گوند ببول کو بریاں کرنے سے پہلے مکھن کا پانی جلا لیں ورنہ گوند خراب ہو جائے گا۔ چینی کا قوام کریں جو زیادہ گاڑھا نہ ہو اس میں پہلے کھویہ بریاں شدہ ملائیں پھر دیگر اشیاء ملالیں بس تیار ہے۔ پھر کسی مرتبان میں ڈال لیں۔

**استعمال:** ڈھائی تولہ سے 5 تولہ تک صبح و شام حسب برداشت طبع استعمال کریں۔

## (3) معجون نزلہ و زکام دائمی

**منافع:** دماغ کو طاقت بخشتی ہے۔ نزلہ و زکام دائمی کے لئے مفید ہے۔ نسیان ضعف دماغ کو مفید ہے۔ قوت باہ میں اضافہ کرتی اور بدن کو طاقت دیتی ہے۔ عجیب الاثر نسخہ ہے۔

**اجزا:** کیرا، موصلی سفید، ثعلب مصری، گل بابونہ، کشتہ فولاد، کشتہ مرجان، کشتہ عقیق ہر ایک 6 ماشہ، کچلہ مدبر در شیر گاؤ ایک تولہ، ورق نقرہ، دار فلفل، زنجبیل، کشنیز خشک، زراوند ہر ایک تین ماشہ، بہمن سفید 2 تولہ، مغز بادام 3 تولہ، مغز چلغوزہ، مغز اخروٹ ہر ایک ڈیڑھ تولہ، ورق طلا ڈیڑھ ماشہ، مویز منقی 2 تولہ، شہد کف گرفتہ 50 تولہ۔

**ترکیب:** سب ک باریک پیس کر یکجان کر کے شہد میں ملالیں۔

**استعمال:** تین تین ماشہ صبح و شام شیر گاؤ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (4) سفوف مقوی دماغ

**منافع:** دماغی کمزوری اور دماغی محنت کرنے والوں کے لئے بہترین چیز ہے۔ دل و دماغ کو طاقت بخشتی ہے۔ سر چکراتا ہو۔ آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جاتا ہو۔ درد سر بوجہ کمزوری دماغ دامن گیر رہتا ہو۔ نسیان کا عارضہ ہو۔ سب کو دور کرتا اور دماغ کو خوب طاقت بخشتا ہے۔ مجرب ہے۔

**اجزا:** مغز بادام، مغز تخم خربوزہ، مغز تخم تربوز، خشخاش، مغز بادرنگ دانہ الائچی خورد ہر ایک تولہ تولہ، ثعلب مصری، کیرا، زیرہ سفید ہر ایک 6 ماشہ، موصلی سفید 9 ماشہ، سفوف برہمی بوٹی 3 تولہ، کشتہ مرجان، مرچ سیاہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔

**ترکیب:** سب کو باریک کر کے سفوف تیار کریں۔

**استعمال:** 2 ماشہ سے 3 ماشہ تک مکھن میں ملا کر صبح روزانہ استعمال کریں۔

## (5) نسخہ دیگر

**اسناد:** یہ نسخہ حکیم محمد غوث صاحب کا مجرب اور عطیہ خاص ہے۔

**منافع:** ضعف دماغ، نسیان، خشکی دماغ، ضعف بصر، نزلہ دائمی کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

**اجزا:** مغز بادام مقشر، مغز تخم کدو، مغز کشنیز، مغز تخم سونف، خشخاش سفید، دانہ الائچی سفید ہر ایک 5 تولہ، کشتہ مرجان، کشتہ چاندی ہر ایک 4 ماشہ، مصری کوزہ 25 تولہ۔

**ترکیب:** سب ادویہ پیس کر خوب ملالیں۔

**استعمال:** 6 ماشہ صبح و شام تازہ دودھ کے ہمراہ جس میں مصری ملائی گئی ہو اگر دودھ میں ایک انڈے کی زردی اور شہد بقدر مٹھاس ملا کر اس کے ہمراہ استعمال کیا جائے تو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ خصوصاً اس ترکیب سے قوت باہ کو خوب فائدہ ہوتا ہے۔

## (6) اطریفل مقوی دماغ

**منافع:** تقویت دماغ کی عجیب الاثر خاص دوا ہے۔ نزلہ و زکام کو رفع کر کے بصارت کو قوت بخشتی ہے۔ مجرب بارہا۔

**اجزا:** پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، پوست آملہ، پوست ہلیلہ کابلی، مغز کشنیز خشک، مغز سونف، مغز بادام، مغز تربوز، مغز خربوزہ، مغز خیارین، مغز نارجیل ہر ایک 5 تولہ، گل اسطوخودوس، گل سرخ ہر ایک دو تولہ، طباشیر، دانہ الائچی خورد، دانہ الائچی کلاں، صمغ عربی، کتیرا، گاؤزبان، گل گاؤزبان ہر ایک تولہ تولہ ورق نقرہ ایک دفتری، دیسی گھی، مصری تین پاؤ۔

**ترکیب:** حسب دستور اطریفل تیار کریں۔

**استعمال:** دو دو تولہ صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان، عرق بادیان ہر ایک چھ چھ تولہ۔

## (7) معجون مقوی دماغ و حافظہ

**اسناد:** ایک حکیم صاحب نے اپنا یہ خاص معمول بتایا ہے جو بہت موثر و مفید ہے۔

**منافع:** دماغ کو طاقت بخشتی اور قوت حافظہ کو تیز کرتی ہے۔ ضعف بصارت کے لئے عمدہ موثر دوا ہے۔ مغلظ منی، مقوی باہ، دافع نسیان اور طلباء دماغی محنت کرنے والوں کے لئے عجیب چیز ہے۔

**اجزا:** برادہ چوب چینی، دارچینی، دانہ الائچی خورد، ثعلب مصری، موصلی سفید، موصلی سیاہ، مغز بادام، مغز پستہ، کیرا، خرما ہر ایک دو دو تولہ، چہار مغز ایک پاؤ۔

**ترکیب:** سب کو جدا جدا باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔

**استعمال:** رات کو سوتے وقت آدھ سیر دودھ کو جوش دے کر جب گاڑھا ہو جائے دو تولہ یہ سفوف ملا کر مصری سے شیریں کر کے پی لیں۔

## (8) معجون نزلہ ہر قسم

**منافع:** نزلہ جدید اور کہنہ میں نہایت مفید و مجرب ہے۔ دو ہفتہ استعمال کرنے سے دماغ کو خوب طاقت حاصل ہوتی ہے اور حافظہ تیز ہو جاتا ہے۔

**اجزا:** کشنیز خشک 4 تولہ، پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، پوست آملہ اسطوخودوس، مغز بادام ہر ایک 2 تولہ، تخم دھتورہ سیاہ ایک تولہ، روغن بادام خالص خانہ ساز 4 تولہ، شہد خالص تین پاؤ۔

**ترکیب:** خشک دوائیں کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کر کے شہد میں ملا لیں۔

**استعمال:** دو دو ماشہ صبح و شام شیر گاؤ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (9) نسخہ دیگر

**منافع:** نزلہ، زکام دائمی کمزوری دماغ اور نسیان کو نہایت مفید ہے۔

**اجزا:** کشنیز خشک، مغز بادام مقشر، مغز سونف ہر ایک 16 تولہ، دانہ الائچی خورد 6 تولہ، طباشیر 4 تولہ، مویز منقیٰ 5 تولہ، ورق نقرہ 50 عدد، روغن گاؤ 20 تولہ، مصری سیر۔

**ترکیب:** خشک ادویہ باریک پیس کر ورق نقرہ ملاتے اور کھرل کرتے جائیں پھر اس سفوف کو روغن زرد میں ڈال کر ہاتھوں سے خوب مل کر چرب کر لیں اور مصری کا مناسب پانی میں قوام بنا کر سفوف ملا لیں۔ معجون تیار ہے۔

**استعمال:** پانچ پانچ تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ گائے نیم گرم استعمال کریں۔

## (10) اکسیر جنون و مالیخولیا

**منافع:** یہ دوا جنون مالیخولیا کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس کے علاوہ مرگی، بے خوابی، اختناق الرحم کو بہت فائدہ بخشتی ہے۔

**اجزاو ترکیب:** پوست ہلیلہ کابلی 4 تولہ، پوست ہلیلہ زرد، آملہ مقشر، ہلیلہ سیاہ ہر ایک تین تولہ، تربد سفید موصوف، بسفائج فستقی، اسطو خودوس ہر ایک ڈیڑھ تولہ، پوٹاشیم برومائیڈ، سوڈیم برومائیڈ ہر ایک 4 تولہ سب دوائیں جدا جدا پیس کر سفوف بنا لیں۔

**استعمال:** چھ ماشہ ہمراہ عرق سونف 10 تولہ استعمال کریں۔

## (11) دوائے جنون

**اسناد:** ایک مشہور دواخانہ کی مشہور و کامیاب دوا ہے۔ جس کا نسخہ آپ کو آسانی سے حاصل ہو رہا ہے۔

**منافع:** جنون (دیوانگی) اختناق الرحم (ہسٹیریا) کے لئے نہایت موثر و مفید ہے۔

**اجزاو ترکیب:** چھوٹی چندن بوٹی کی جڑیں دھو کر سایہ میں خشک کر لیں اور کوٹ کر سفوف بنا لیں۔ 5 تولہ سفوف میں 90 مرچ سیاہ پیس کر ملا لیں۔

**استعمال:** ایک ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

## (12) اکسیر مالیخولیا و جنون

**منافع:** ہر قسم کے جنون، مالیخولیا، ہذیان، توحش و بے خوابی میں مفید و مجرب ہے۔ دوسرے دن اپنا اثر دکھاتا ہے۔ نہایت مستند نسخہ ہے۔

**اجزا:** زہر مہرہ خطائی، جدوار خطائی، ابریشم مسحوق، عود صلیب ہر ایک ایک تولہ، افیون خالص 9 ماشہ، تخم کاہو، بادر نجبویہ، گل گاؤزبان ہر ایک 3 تولہ، صندل سفید 2 تولہ۔

**ترکیب:** سب دوا کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں۔

**استعمال:** ایک ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ شیرہ مغز بادام و خیارین یا ماء الجبن شیر بز استعمال کریں۔

## (13) جوارش مالیخولیا مراقی

**منافع:** مالیخولیا مراقی کے لئے (خصوصاً جب گرم مزاج ہو) بہت فائدہ کرتی ہے۔ ہضم کی اصلاح کرتی اور

مفرح طبع ہے۔ مجرب و معمول ہے۔

اجزاو ترکیب: مربہ سنترہ، مربہ سیب ہر ایک 2 تولہ، مربہ ہلیلہ، مربہ آملہ ہر ایک 5 عدد، رب ہلیلہ، رب انار، اطریفل زمانی، عرق گلاب ہر ایک 5 تولہ، الائچی خورد 9 ماشہ، مصطگی 9 ماشہ، مغز کشنیز تین ماشہ، گل سرخ، گل سیوتی، عود خام، طباشیر ہر ایک ڈھائی ماشہ، زیرہ سفید 2 ماشہ، عرق کیوڑہ دو تولہ، عرق بید مشک 4 تولہ، گل گاؤزبان، تخم تلسی ہر ایک 7 ماشہ، مصری 20 تولہ جوارش تیار کریں۔

استعمال: 5 ماشہ سے 9 ماشہ تک صبح و شام استعمال کریں۔

## (14) اکسیر عصابہ

اسناد: حکیم محمد عبدالرحمٰن شاہ صاحب قریشی مالک رحمانی دہلی دواخانہ خوشاب کا عطیہ و مجرب ہے۔

منافع: درد عصابہ جو طلوع آفتاب کے وقت شروع ہو کر آہستہ آہستہ بڑھتا جاتا ہے اور دوپہر کے بعد کم ہونا شروع ہو جاتا ہے اور شام تک ختم ہو جاتا ہے۔ اس کی مستند اکسیر ہے۔ زیادہ سے زیادہ تین دن میں درد عصابہ کلی طور پر کافور ہو جاتا ہے۔ مجرب المجرب ہے۔

اجزا: نوشادر تین ماشہ، کونین سلفاس ایک ماشہ، اسپرین 4 رتی۔

ترکیب: سب کو پیس کر سفوف تیار کریں۔ تین خوراک بنالیں۔

استعمال: ایک پڑیہ 12 بجے رات ایک سحری کے وقت اور ایک صبح سورج نکلنے سے نصف گھنٹہ قبل ہمراہ تریاق عصابہ جس کا نسخہ درج ذیل ہے۔ اسطوخودوس 6 ماشہ، کشنیز خشک 4 ماشہ، فلفل سیاہ 6 عدد، ان کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں شیرہ نکال کر یعنی گھوٹہ بنا کر تین حصے کر کے تینوں پڑیہ اس کے ہمراہ استعمال کریں۔ درد پہلے دن موقوف ہو جاتا ہے۔ مگر احتیاطاً" دوسرے تیسرے دن بھی اسی طریق پر تازہ نسخہ بنا کر استعمال کرنا چاہئے۔ دوران استعمال میں گرم دودھ میں گھی ملا کر شیریں کر کے دن میں دو دفعہ استعمال کرنا چاہئے یا صرف دودھ ہی استعمال کیا جائے۔ قبض ہو تو رات کو سوتے وقت اطریفل زمانی 9 ماشہ ہمراہ شیر گاؤ یا عرق سونف استعمال کرنا ضروری ہے۔

## (15) اکسیر تسکین

اسناد: حکیم جمال دین صاحب جراح شاگرد حکیم احمد الدین صاحب موجد طب جدید کا عطیہ خاص ہے۔

منافع: جنون، مالیخولیا، مراق، اختناق الرحم کی نایاب اکسیر ہے۔ اوجاع عصبی، بے خوابی، صرع، کثرت احتلام، سوزش کابوس، درد سر، ام الصبیان، یاوہ گوئی، ذکاوت حس، جریان کو نہایت مفید ہے۔ جنون کے مریض کو جلد تسکین دیتی ہے۔ دو تین یوم میں ہی اسے نیند آنے لگ جاتی اور وحشت بے قراری کو آرام ہو جاتا ہے۔ نہایت مجرب اطمینانی دوا ہے۔

اجزا: افیون 6 ماشہ، پوٹاسیم برومائیڈ ایمونیم برومائیڈ، سوڈیم برومائیڈ ہر ایک 15 ماشہ، ابریشم مقرض، صندل سفید، جدوار، بادیاں ہر ایک تولہ تولہ، تخم کاہو، بادرنجبویہ ہر ایک 2 تولہ۔

**ترکیب:** تمام ادویہ علیحدہ علیحدہ کوٹ کر سفوف بنا لیں۔
**استعمال:** 2 ماشہ یا 3 ماشہ حسب مزاج و طاقت مریض ہمراہ پانی یا بدرقہ مناسبہ استعمال کریں۔

## (16) حب جدوار

**منافع:** نزلہ و زکام کہنہ و دائمی کے علاوہ امساک کے لئے بہت مفید ہے۔ باوجودیکہ آسان ترکیب ہے۔ سریع الاثر اور مجرب آزمودہ ہے۔ تازہ نزلہ کو بھی مفید ہے۔
**اجزا:** جدوار، درونج عقربی، طباشیر، دارچینی، مومیائی ہر ایک 7 ماشہ، زعفران، جاوتری، مصطگی، افیون، اجوائن خراسانی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ، مشک خالص جندبید ستر ہر ایک 1 ماشہ۔
**ترکیب:** سب کو باریک پیس کر عرق گلاب میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔
**استعمال:** ایک گولی صبح نہار ہمراہ پانی استعمال کریں۔ امساک کے لئے جماع سے تین گھنٹے پہلے ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## (17) حب اکسیر لقوہ

**منافع:** لقوہ کے لئے ایک حکیم صاحب کا معمول اور مجرب ہے۔ ہم نے بھی اس کا تجربہ کیا۔ واقعی مفید ثابت ہوا۔
**اجزا:** مٹھ تیلیہ تولہ کوڑ ڈھائی تولہ، مویز منقیٰ حسب ضرورت، باتھوں بوٹی دو کلو۔
**ترکیب:** باتھوں بوٹی کوٹ کر ایک ہانڈی میں ڈالیں اس کے درمیان مٹھ تیلیہ رکھ کر اوپر چپنی دے کر نیچے نرم نرم آنچ جلائیں۔ جب بوٹی کا پانی خشک ہو جائے آگ بند کر دیں۔ اور سرد کر کے مٹھ تیلیہ بمعہ کوڑ کوٹ کر مویز منقیٰ اس قدر ملائیں کہ گولیاں بن سکیں۔ سب کو خوب کوٹ کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔
**استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام چینی میں رکھ کر ہمراہ دودھ استعمال کریں اور دوران استعمال میں دودھ گھی زیادہ استعمال کریں۔ منضج مسہل کے بعد زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔

## (18) اکسیر فالج

**منافع:** فالج، لقوہ، رعشہ وغیرہ کے لئے بعد از تنقیہ اکسیر ثابت ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ وجع المفاصل (گنٹھیا) اور ہر قسم کے ریاحی دردوں کے لئے عجیب الاثر مستند نسخہ ہے۔
**اجزا:** مٹھ تیلیہ مدبر 27 ماشہ، سیماب مکھن شیریں ہر ایک 9 ماشہ، کچلہ مدبر 18 ماشہ، زنجبیل، جائفل ہر ایک 6 ماشہ، فلفل دراز، سہاگہ بریاں، گندھک، آملہ سار مدبر، مال کنگنی ہر ایک تولہ تولہ، زعفران اصلی [illegible] ماشہ، مرچ سیاہ 7 ماشہ، خرمہرہ زرد سوختہ 11 عدد، آب ادرک، آب کیلہ ہر ایک 15 تولہ۔
**ترکیب:** سیماب و سکہ کو عقد کریں۔ دوسری دواؤں کو کوٹ چھان کر رکھیں۔ پھر سب کو آب ادرک میں کھرل کریں۔ پھر آب کیلہ میں کھرل کریں تاکہ خشک سفوف بن جائے۔ سکہ کے ٹکڑے بنا کر گلا

...ب میں ملا دیں۔ عقد ہو جائے گا۔

...تعمال: تنقیہ کے بعد دانہ موٹھ کے برابر دوائی لے کر پان میں رکھ کر رات کو سوتے وقت کھائیں۔
...یوم بلاناغہ استعمال کریں ارو صبح و شام کھانا کھانے کے بعد 2 تولہ آب ادرک ایک پیالی چائے دودھ
...میں ملا کر استعمال کیا کریں۔ جہاں پان کا رواج نہ ہو دوائی آب ادرک 2 تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔
...ران استعمال میں مناسب وقفہ سے مریض کو تین بار مسہل بھی دینا چاہئے۔ سرد، بلغمی اور ریاح انگیز
...ے پرہیز کریں۔ معمولی امراض میں تنقیہ کی ضرورت نہیں۔

## (19) دوائے سدر دوار

...فع: سدر دوار (سر چکرانا) کے لئے مجرب و آزمودہ ہے۔ اس کے استعمال سے اکثر دو دنوں میں ہی
...ر ہو جاتا ہے۔

...زا: گل سرخ 5 ماشہ، ہلیلہ سیاہ 4 ماشہ، مغز بادام 11 عدد۔

...یب واستعمال: سردائی کی طرح گھوٹ چھان کر استعمال کریں۔ یہی وزن صبح و شام تازہ تیار کر کے
...

## (20) دیگر مجرب

...زا: کشنیز خشک، خشخاش سفید ہر ایک تین ماشہ، مغز پنبہ دانہ (بنولہ) 6 ماشہ۔

...یب واستعمال: ایک پاؤ پانی میں گھوٹ چھان کر گلقند ڈھائی تولہ ملا کر استعمال کریں۔ یہی وزن صبح
...م تازہ تیار کر کے استعمال کرنا چاہئے۔

## (21) حب سم الفار

...فع: رعشہ کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

...جوہر سم الفار 10 رتی، ورق نقرہ 40 عدد، ورق طلا 20 عدد، پوست ہلیلہ زرد، کشتہ فولاد ہر ایک تولہ

...یب: لعاب گھیکوار میں ایک گھنٹہ کھرل کر کے شہد کی مدد سے تین رتی کی مقدار میں گولیاں بنا لیں۔

...تعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ عرق اسطو خودوس 5 تولہ۔

## (22) اکسیر لقوہ

...حکیم محمد بخش ستیانہ (جھنگ) کا عطیہ اور معمول مطب ہے۔

...فع: لقوہ کے لئے مفید ہے۔ نیز عارضی سردی، ولادت کے بعد پرسوت کا پیدا ہو جانا، شری یعنی کھن،
...کی امراض مثل فالج، تشنج، رعشہ، خدر اور ریحی دردوں کو پورا پورا فائدہ کرتی ہے۔ عارضی سردی
...بالخصوص مفید ہے۔ بارہا کی مجرب ہے۔

**اجزا:** ہڑتال ورقی، جائفل، جلوتری، لونگ ہر ایک چھ ماشہ مرغ جوان جس نے اذان نہ دی ہو ایک عدد۔

**ترکیب:** سب ادویہ جدا جدا باریک پیس کر ملالیں اور چار پہر تک خوب کھرل کریں۔ مرغ کو ذبح کرکے اس کے پروبال اور آلائش دور کرکے اس کی سنگدان کو چیرا دے کر آلائش سے صاف کریں اور کھرل کی ہوئی ادویہ مذکورہ کو سنگدان میں بھر کر مرغ کے شکم میں ڈال کر سی دیں اور دیگچہ قلعی شدہ میں ایک پاؤ گھی ڈال کر اس میں مرغ کو نرم آنچ پر بریاں کریں۔ ساتھ ساتھ ہلاتے رہنا چاہئے۔ جب خوب سرخ ہو جائے مرغ کو نکال کر رکھ لیں۔ جب سرد ہو جائے سنگدان سے دوائی نکال کر محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** نصف رتی سے ایک رتی تک صبح و شام مویز منقیٰ میں لپیٹ کر دودھ گرم کے ساتھ استعمال کرنا چاہئے۔ اور چھٹانک ڈیڑھ چھٹانک گھی روزانہ اس کے دوران استعمال میں روٹی کے ساتھ یا گوشت وغیرہ میں پکا کر کھانا چاہئے۔ سرد اشیاء تیل آچار سے پرہیز۔

## (23) اکسیر مرگی

**منافع:** مرگی کا خاص اور مجرب نسخہ ہے خواہ جس قدر کہنہ مرض ہو انشاء اللہ کامیابی ہوتی ہے آج کل ایک طبیب کا معمول مطب ہے۔

**اجزا:** آدمی کی کھوپری کی ہڈی جو عموماً قبرستان میں مل جاتی ہے ڈھائی تولہ، پوست ہلیلہ زرد 2 تولہ، عود صلیب، پوست ہلیلہ کابلی سورنجان، سنبل الطیب، ہلیلہ سیاہ ہر ایک تولہ تولہ، الائچی خورد 5 ماشہ، عقر قرحہ جدوار ہر ایک 8 ماشہ، دارچینی 3 ماشہ سب کو باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔

**استعمال:** چار چار ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بنفشہ مالیدہ عرق سونف ہر ایک تین تولہ۔

## (24) نسخہ دیگر مجرب

**منافع:** مرگی (صرع) کا سہل الحصول کثیر المنفعت عجیب الاثر نسخہ ہے۔ کچھ عرصہ تک متواتر استعمال کرنا چاہئے تاکہ دورہ رک جائے مجرب ہے۔

**اجزا:** جند بید ستر 6 ماشہ، اسطو خودوس، عقر قرحہ، پوٹاسیم برومائیڈ ہر ایک ڈھائی تولہ، سرکہ انگوری 5 تولہ شہد ایک پاؤ۔

**ترکیب:** خشک ادویہ سفوف بنا کر سرکہ میں خوب کھرل کریں پھر شہد میں ملالیں۔

**استعمال:** 6 ماشہ سے 9 ماشہ تک روزانہ دودھ گائے آدھ کلو کے ہمراہ صبح استعمال کریں۔

## (25) نسخہ دیگر مجرب

**اجزا:** جند بید ستر تین ماشہ، کافور، افیون، ہیرا ہینگ، اسطو خودوس، بسفائج، جدوار خطائی، کندر ہر ایک ماشہ، مصبر، عود صلیب ہر ایک 4 ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو الگ الگ باریک کرکے خوب کھرل کریں اور چنے کے برابر حبوب بنالیں۔

**استعمال:** ایک گولی صبح ایک گولی دوپہر ایک گولی شام ایک عشاء ہمراہ قہوہ دارچینی استعمال ہو۔

## (26) نسوار مرگی مجرب

**اجزا:** ڈنڈا دار (آک) 2 تولہ گل کنیر سفید 'کشمیری پتر ہر ایک تولہ تولہ۔

**ترکیب:** ڈنڈا دار خشک کر کے سب کو کوٹ کر عرق گلاب خالص میں کھرل کر کے نسوار تیار کر لیں۔

**استعمال:** دورہ کے وقت ناک میں پھونکیں۔

## (27) روغن فالج

**منافع:** فالج کے بہت تیل ہیں مگر یہ نسخہ باوجود آسان اور ارزاں ہونے کے عمدہ موثر اور مفید ثابت ہو چکا ہے۔ ہمارا کئی بار کا آزمودہ خاص نسخہ ہے۔

**اجزا:** تخم دھتورہ 'اجوائن خراسانی ہر ایک 9 ماشہ' مٹھہ تیلیہ 'مال کنگنی ہر ایک 6 ماشہ' جوزبوا' زنجبیل' عقر قرحہ 'کرفس' انیسون ہر ایک تولہ تولہ' سب کو نیم کوب کر کے دو کلو پانی میں جوش دیں۔ حتیٰ کہ آدھ کلو رہ جائے پھر مل چھان کر روغن بابونہ روغن گل' روغن کنجد' روغن ارنڈ ہر ایک 10 تولہ اضافہ کر کے دوبارہ جوش دیں۔ جب پانی خشک ہو جائے۔ جند بید ستر ایک تولہ باریک پیس کر ملا دیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** حسب دستور گرم کر کے مالش کیا کریں۔ مریض کو سردی سے بچائیں۔

## (28) نسخہ دیگر مجرب

**اسناد:** حکیم محمد بخش صاحب ستیانہ ضلع جھنگ کا عطیہ خاص ہے۔

**منافع:** فالج' لقوہ' رعشہ 'کزاز' تمدد' استرخاء' اوجاع مفاصل 'بلغمی اور ریحی دردوں ضعف اعصاب وغیرہ جملہ امراض باردہ کے لئے بارہا کا آزمودہ مستند نسخہ ہے۔

**اجزا:** برگ مدار تازہ' روغن السی' روغن سرسوں' روغن زرد ہر ایک 20 تولہ' روغن مال کنگنی 10 تولہ' روغن دار چینی ولائتی 5 تولہ۔

**ترکیب:** برگ مدار کو آدھ کلو پانی میں تر کریں۔ جب گل جائیں جوش دے کر مل چھان کر اس پانی میں روغن السی روغن سرسوں اضافہ کر کے ابالیں حتیٰ کہ صرف تیل رہ جائے بعدہ روغن زرد' روغن مال کنگنی اور روغن دار چینی ملا کر محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** دن میں دو دفعہ گرم کر کے مالش کیا کریں۔

## (29) روغن اکسیر فالج

**منافع:** فالج' لقوہ' رعشہ وغیرہ تمام اعصابی امراض کے لئے یہ روغن نہایت اکسیر ہے۔ جوڑوں کے دردوں کے لئے بھی بہت فائدہ مند ثابت ہوا اور مجرب ہے۔

**اجزا:** برگ مدار' برگ دھتورا' برگ ارنڈ' برگ سنبھالو 'کنڈیاری افتیمون ہر ایک 5 تولہ' سورنجاں تلخ'

بابونہ خشک، قسط تلخ، کا نپھل ہر ایک 2 تولہ۔

**ترکیب:** تمام ادویہ تین کلو پانی میں رات کو بھگو رکھیں۔ صبح جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر روغن کنجد آدھ کلو ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پانی جل کر صرف تیل باقی رہ جائے تو اتار کر نیم گرم ہی کپڑے میں چھان لیں اور بوتل میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** صبح و شام مالش کریں۔

## (30) حب فالج وغیرہ

**منافع:** فالج، لقوہ، رعشہ، سرسام کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

**اجزا:** مرچ سیاہ چار ماشہ، میٹھا تیلیہ مدبر، جائفل، زعفران، قرنفل، بیر بہوٹی ہر ایک 2 ماشہ۔

**ترکیب:** پہلے میٹھا تیلیہ اور مرچ سیاہ کو ملا کر 4 پہر کھرل کریں پھر دوسرے اجزا باریک پیس کر ملا دیں اور خوب کھرل کر کے قدرے دیسی گھی اور شہد ملا کر کھرل کر کے مسور کے برابر گولیاں بنا لیں۔

**استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گائے استعمال کریں۔

## (31) چٹنی مقوی دماغ

**اسناد:** یہ نسخہ حکیم محمد بخش صاحب ساکن ستیانہ کا عطیہ ہے۔ آپ نے بڑے دعوے کے ساتھ پیش کیا ہے۔ آپ اس کو کثرت سے استعمال کرتے ہیں۔

**منافع:** دماغ، جگر اور دل کو طاقت بخشتا ہے۔ مقوی بصارت اس قدر ہے کہ اس کے استعمال سے بفضلہ عینک کی عادت چھوٹ جاتی ہے۔

**اجزا:** مغز بادام مقشر 7 عدد، دانہ الائچی کلاں 3 ماشہ، مصری کوزہ 2 تولہ سب کو گھوٹ کر مکھن گائے تین تولہ اکسیر مروارید ی 4 رتی ملا کر نہار صبح استعمال کیا جائے۔

**نسخہ اکسیر مرواریدی:** مروارید ناسفتہ ماشہ طباشیر، دانہ الائچی خورد ہر ایک تین ماشہ روح کیوڑہ، روح بید مشک ہر ایک تولہ تولہ میں کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

## (32) شربت برائے مالیخولیا

**منافع:** مالیخولیا کا ہمہ صفت موصوف اصولی نسخہ ہے۔ دل، دماغ، جگر کو تقویت اور تفریح بخشتا اور توحش، وسواس سوداوی کو مفید ہے۔ اعضاء رئیسہ کو خصوصیت سے بہت مفید ہے۔ میرا نیز کئی شاگردوں کا معمول ہے۔

**اجزا:** زرشک شیریں ڈھائی تولہ، گاؤزبان، گل سرخ، ابریشم، بورہ صندل سفید، تخم کاسنی ہر ایک 6 ماشہ، بادرنجبویہ، بہمن سفید، گل بنفشہ، گل نیلوفر ہر ایک تولہ تولہ، چوب عود، کشنیز خشک، الائچی خورد، چھڑیلہ ہر ایک 6 ماشہ، چینی آدھ کلو۔

**ترکیب:** حسب دستور شربت تیار کریں۔

**استعمال:** تین تولہ صبح تین تولہ عصر عرق گاؤزبان یا سادہ پانی ملا کر استعمال کیا جائے۔

## (33) نسخہ دیگر

**منافع:** اس میں بھی مذکورہ بالا فوائد پائے گئے ہیں۔ مالیخولیا کو جلد نفع بخشتا ہے۔ اخلاط کی اصلاح خوب کرتا ہے۔ قبض رفع کرتا اور طبیعت کو جلد سکون بخشتا ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔ مالیخولیا صفراوی کو خاص طور پر مفید ہے۔

**اجزا:** سناء مکی، گل سرخ گل نیلوفر، گل گاؤزبان ہر ایک ساڑھے سات ماشہ، تخم کاسنی نیم کوفتہ، تخم خیارین نیم کوفتہ ہر ایک 21 ماشہ، عناب 30 دانہ، آلوبخارا پندرہ دانہ، ترنجبین 9 ماشہ، مصری 750 گرام، عرق گلاب، عرق نیلوفر، عرق بید مشک ہر ایک 750 گرام۔

**ترکیب:** خشک ادویات کو عرقیات میں رات کو قلعی شدہ دیگچہ میں تر کریں۔ صبح دو تین جوش دے کر اور مل چھان کر مصری اضافہ کر کے شربت تیار کریں۔

**استعمال:** 2 تولہ صبح 2 تولہ عصر حسب خواہش آب خالص ملا کر استعمال کیا جائے۔

## (34) نسخہ دیگر

**اسناد:** یہ نسخہ ہمارے علاقہ کے مشہور و معروف جید طبیب حکیم الہ دین صاحب مرحوم شیخوپوری کا معمول مطب ہے۔

**منافع:** مالیخولیا کو جلد نفع بخشتا، وحشت کو دفع کرتا، خلط سودا کو خوب خارج کر کے قبض رفع کرتا ہے۔ مجرب خاص نسخہ ہے۔

**اجزا:** افتیموں ولائتی در پارچہ بستہ، برگ سناء ہر ایک تین تولہ، گاؤزبان، بادر نجبویہ ہر ایک 2 تولہ، اسطوخودوس ڈھائی تولہ، ابریشم مقرض ایک تولہ، نبات 500 گرام۔

**ترکیب:** حسب دستور شربت تیار کریں۔

**استعمال:** 2 تولہ صبح 2 تولہ عصر شیر گاؤ جوشیدہ میں ملا کر استعمال کیا کریں۔

## (35) نسخہ دیگر

**منافع:** مالیخولیا مراقی اور دماغی ہر قسم کے لئے بے حد مفید ہے۔ قبض رفع کر کے جگر اور معدہ کو طاقت بخشتا اور مزاج کی اصلاح کرتا ہے۔ چند دنوں میں ہی اپنا اثر دکھاتا ہے۔ کئی دفعہ کا مجرب اور آزمودہ ہے۔

**اجزا:** عناب 30 دانہ، آلوبخارا 5 تولہ، تخم کاسنی، گل سرخ ہر ایک 7 تولہ، افسنتین، تخم خیارین کوفتہ ہر ایک 2 تولہ، تخم خربوزہ نیم کوفتہ 3 تولہ، ترنجبین ایک کلو۔

**ترکیب:** سوائے ترنجبین کے دیگر ادویہ رات کو سیر بھر پانی میں تر کریں۔ صبح دو تین جوش دے کر اور مل چھان کر گرما گرم میں ترنجبین حل کریں اور دوبارہ کپڑے میں چھان کر قوام تیار کر لیں۔

**استعمال:** تین تین تولہ صبح اور عصر تازہ پانی ملا کر نوش کریں۔

## (36) اکسیر درد ہر قسم

**منافع:** درد سر ہر قسم کو جلد تسکین بخشتی ہے۔ مزید براں ہر قسم کے دردوں کو مفید ہے۔ عصاب شقیقہ اور اعصابی دردوں کو ازحد مفید ہے۔ ایک حکیم صاحب نے اپنا معمول خاص بتایا تھا جو تجربہ کے بعد عمدہ تسلی بخش ثابت ہوا۔ دل پر خراب اثر نہیں کرتا۔

**اجزا:** دانہ الائچی خورد، کشنیز خشک، پوٹاسیم برومائیڈ، فنسٹین ہر ایک ہم وزن۔

**ترکیب:** سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

**استعمال:** ایک ماشہ عرق بادیان یا گرم دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ اگر ایک خوراک سے فائدہ نہ ہو تو آدھ گھنٹہ کے بعد دوسری خوراک دے دیں۔

## (37) سعوط درد سر کہنہ

**منافع:** پرانے درد سر کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

**اجزا:** پدماکھ، صندل سفید، پیپل، اصل السوس ہر ایک ساڑھے چار ماشہ آب آملہ تازہ ساڑھے چار تولہ، دھلی ہوئی تلی کا تیل ڈھائی تولہ۔

**ترکیب:** خشک ادویہ باریک پیسیں اور آب آملہ و روغن کنجد میں ملا کر جوش دیں حتیٰ کہ ادویہ جل جائیں اور خالص تیل باقی رہ جائے۔

**استعمال:** تین چار قطرے ناک میں ٹپکائیں۔ چند روز کے استعمال سے درد سر جاتا رہے گا۔

## (38) نسوار درد سر کہنہ

**اسناد:** حکیم محمد غوث صاحب کا معمول و عطیہ خاص ہے۔

**منافع:** کہنہ درد سر کی زود اثر اطمینانی اکسیر ہے۔ اس سے برسوں کے سر درد کو فائدہ ہوتا دیکھا گیا ہے۔

**اجزا:** نک چھکنی ایک تولہ، لونگ 3 ماشہ، مرچ سیاہ ڈیڑھ ماشہ، کافور 6 رتی۔

**ترکیب:** سب ادویہ خوب کھرل کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** حسب دستور دن میں دو دفعہ نسوار لیں۔

## (39) نسوار شقیقہ

**منافع:** درد سر شقیقہ (آدھا سیسی) کہنہ کو بفضلہ تین دن میں فائدہ بخشتی ہے۔ ہم نے اس کا بارہا تجربہ کیا ہے۔

**اجزا:** نوشادر، فلفل سفید ہم وزن۔

**ترکیب:** خوب کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** صبح اور شام تھوڑی سی نسوار لیں۔

## (40) نسخہ دیگر

اجزاو ترکیب: سمندر پھل 2 ماشہ، بکری کے دودھ ایک تولہ میں گھس کر مخالف طرف ناک میں نسوار لیں۔ اگر تمام سر میں درد ہو تو دونوں نتھنوں میں ناس لی جائے بہت جلد آرام ہوتا ہے۔

## (41) اکسیر ام الصبیان و مرگی

منافع: ام الصبیان اور مرگی کا خاص الخاص نسخہ ہے۔ کچھ عرصہ تک متواتر استعمال کیا جائے تو انشاء اللہ نجات ہو جاتی ہے۔

اجزا: بسفائج، عود صلیب قسم اعلیٰ ہر ایک تولہ تولہ، تربد موصوف بار وغن بادام چرب کردہ، برگ سناء ہر ایک ڈیڑھ تولہ، نوشادر ٹھیکری 7 ماشہ، مغز بادام پندرہ عدد، چینی 3 تولہ۔

ترکیب: سب ادویہ علیحدہ علیحدہ پیس کر سفوف بنالیں۔

استعمال: چھ چھ ماشہ صبح و شام پانی کے ہمراہ، بچہ کو حسب عمر کسی عرق میں حل کر کے دیں۔

## (42) اکسیر درد سر شدید

منافع: شدید درد سر کو فی الفور زائل کرتی ہے۔ مجرب و مستند چیز ہے۔

اجزا: رسوت 6 ماشہ، افیون ماشہ، تخم کاہو، تخم کاسنی ہر ایک 4 ماشہ، زعفران 4 رتی۔

ترکیب: سب کو باریک کر کے تخم بالنگو کے لعاب میں حل کر کے کپڑے پر لگا کر کنپٹی پر چپکا دیں۔

## (43) دوائے شقیقہ

منافع: شقیقہ اور عصابہ کا مشہور نسخہ ہے۔ اس میں نوشادر کا اضافہ کرنے سے زیادہ قوی الاثر اور مفید ثابت ہوا ہے۔ مجرب بارہا۔

اجزا: اسطوخودوس 5 ماشہ، کشنیز خشک تین ماشہ، فلفل سیاہ 5 دانہ، نوشادر 5 رتی۔

ترکیب: طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل آدھ پاؤ پانی میں شیرہ نکال کر پی لیا جائے۔ اسی طرح تین چار یوم تک بلاناغہ استعمال کیا جاتا ہے۔ ساتھ نسوار نمبر 39 یا نسوار عشری مندرجہ حصہ اول مجربات سلطانی استعمال کرنی چاہیئے۔

## (44) معجون برائے قبض و مراق

اسناد: دارالصحت سلطانیہ میں ہمیشہ تیار ہوتی ہے۔ سہل اور ارزاں ہونے کے باوصف بہت مفید ہے۔

منافع: قبض دائمی کے لئے نہایت مفید ہے۔ آنتوں کی خشکی اور ضعف معدہ کو دور کرتی ہے اور قبض کی عادت دور ہو جاتی ہے۔ ریاح خارج کرتی اور بھوک پیدا کرتی ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزا: برگ سناء، مغز سونف ہر ایک 3 تولہ، مغز بادام مقشر 5 تولہ، مغز خیارین 2 تولہ، دانہ الائچی خورد تولہ، قند سفید 10 تولہ۔

**ترکیب:** سب کو کوٹ کر سفوف تیار کریں۔
**استعمال:** رات کو سوتے وقت 9 ماشہ سے ایک تولہ تک گرم دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (45) حب نزلہ و سعال

**منافع:** نزلہ نیا اور کہنہ نیز کھانسی ہر قسم اور زکام کے لئے مجرب اور معمول ہے۔ نیز قوت باہ، امساک اور سرعت انزال کی عجیب الصفت اکسیری دوا ہے۔ ایک حکیم صاحب کی ہر وقت کی معمول ہے۔ سہل الحصول ہونے کے باوصف بہت سریع الاثر ہے۔ اس کا ہر مطب میں تیار رہنا لازم ہے۔
**اجزا:** شنگرف رومی، کافور، افیون خالص، جائفل ہر ایک برابر وزن۔
**ترکیب:** سب کو جدا جدا باریک پیس کر ملا کر خوب کھرل کریں۔ حتیٰ کہ نرم ہو کر گولیاں بننے کے لائق ہو جائے پھر چنے سے قدرے چھوٹی گولیاں تیار کرلیں۔
**استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شربت بنفشہ 3 تولہ، عرق بادیان، عرق گاؤزبان ہر ایک 6 تولہ یا دودھ گرم یا چائے کے ساتھ، قوت باہ اور امساک وغیرہ کے لئے دودھ کے ہمراہ وقتی امساک کے لئے جماع سے دو یا تین گھنٹہ قبل دو گولیاں آدھ سیر دودھ کے ساتھ استعمال کی جائیں۔ اس دن غذا کم اور دودھ زیادہ استعمال کریں۔

## (46) اکسیر درد سر ہر قسم

**منافع:** ہر قسم درد سر کو پانچ منٹ میں فائدہ بخشتی ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔
**اجزا:** فنسٹین، انٹی فیرین، شوگر آف ملک ہر ایک تولہ تولہ، کیفین سائٹراس اسپرین، کشنیز خشک ہر ایک 6 ماشہ، مصری تین تولہ۔
**ترکیب:** مغز کشنیز کوٹ لیں پھر سب اشیاء کو ملا کر سفوف بنالیں۔
**استعمال:** ایک ماشہ عرق گاؤزبان یا پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (47) نسوار صداع دودی

**منافع:** اگر دماغ یا ناک میں کیڑے پڑ جائیں۔ ناک سے چھوہا گرتا ہو تو اس نسوار کے استعمال سے کیڑے نکل جاتے ہیں اور صحت ہو جاتی ہے۔
**اجزا و ترکیب:** پرانے جوتے کا چمڑا کسی میدان یا جنگل سے لا کر آگ میں جلا کر راکھ بنالیں۔ اس راکھ کو شیشی میں رکھیں۔
**استعمال:** دن میں دو مرتبہ بطور نسوار استعمال کریں۔

## (48) نسوار گرم دماغ مجرب

**اجزا و ترکیب:** بیخ حرمل سایہ میں خشک کی ہوئی 2 تولہ، مونگ کابلی تولہ باریک کھرل کر کے نسوار تیار

کریں اور بطور نسوار استعمال کریں۔

## (49) حب ام الصبیان مجرب

**اجزاو ترکیب:** انگوزہ، ریوند عصارہ ہم وزن گلقند میں کھرل کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** ایک ایک گولی صبح وشام عرق سونف کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (50) شربت ام الصبیان

**منافع:** ام الصبیان (بچوں کی مرگی) کے لئے مجرب ہے۔

**اجزا:** ابریشم خام، گل گاؤزبان، تخم تلسی، گاؤزبان، اسطو خودوس ہر ایک دو دو تولہ، تخم خیارین کوفتہ، انیسوں ولایتی درپارچہ بستہ ہر ایک ڈھائی تولہ، برگ سناء 3 تولہ، سفائج کوفتہ ایک تولہ، عرق گلاب 15 تولہ، نبات سفید 2 پاؤ۔

**ترکیب:** حسب دستور شربت تیار کریں۔

**استعمال:** مطابق عمر 6 ماشہ سے ڈیڑھ تولہ تک صبح وشام پانی ملا کر استعمال کریں۔

## (51) اکسیر ام الصبیان

**منافع:** ام الصبیان کے لئے ایک طبیب کا معمول مطب نسخہ ہے۔ گو اس کے اجزاء قیمتی ہیں مگر عمدہ سریع الاثر و مجرب ہے۔

**اجزا:** جدوار خطائی، عود صلیب، فادزہر حیوانی، اندر جو شیریں، مصبر، مرکی، گاؤ روہن ہر ایک تولہ تولہ، زہر مہرہ خطائی، مشک خالص ہر ایک 3 ماشہ، جندبید ستر، ہینگ ہر ایک 9 ماشہ، انیسوں 3 تولہ، دانہ الائچی خورد 6 ماشہ۔

**ترکیب:** سب ادویہ پیس کر عرق گاؤزبان میں کھرل کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** ایک ایک گولی صبح وشام شیر والدہ یا عرق گاؤزبان میں حل کر کے استعمال کریں۔

## (52) دوائے مسکن

**اسناد:** ایک دواخانہ میں کثرت سے استعمال ہوتی ہے۔ فی الواقعہ اس کا ہر مطب میں تیار رہنا ضروری ہے۔

**منافع:** درد سر ہر قسم کو جلد تسکین بخشتی ہے اس کے علاوہ ہر قسم کی دردوں کو نافع و مجرب ہے۔

**اجزا:** ست پودینہ، ست اجوائن، کافور، ست الائچی ہر ایک 6 ماشہ، ویزلین 1 پاؤ۔

**ترکیب:** خشک ادویہ شیشی میں ڈال کر تھوڑی دیر تک دھوپ میں رکھیں جب حل ہو جائیں ویزلین میں اچھی طرح ملا لیں۔

استعمال: درد سر میں پیشانی پر مالش کریں۔ دیگر دردوں میں درد کی جگہ مالش کریں۔ فی الفور آرام ہو گا۔

## (53) اکسیر درد سر ہر قسم

منافع: سخت سے سخت درد سر کو چند منٹ میں تسکین بخشتی ہے۔ دیگر ہر قسم کی دردوں کو مفید ہے۔ نیز اور بخار کو نافع ہے۔ مجرب اور معمول ہے۔

اجزا: خشین 2 تولہ، کیفین سائٹراس، اسپرین ہر ایک تولہ تولہ، قند سفید 6 ماشہ، گیرو 2 ماشہ۔

ترکیب: سب کو پیس کر یکجان کرلیں۔

استعمال: 4 رتی سے 6 رتی تک تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (54) ضماد برائے درد سر

منافع: ہر قسم درد سر کو پانچ منٹ میں نفع بخشتی ہے۔ مجرب ہے۔

اجزا: افیون، زعفران ہر ایک 4 رتی، لوبان ماشہ، چاول ساٹھی 4 ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کر عرق گلاب میں کھرل کر کے پیشانی پر ضماد کریں۔

## (55) دوائے عصابہ مجرب

اجزا و ترکیب: کونین سلفاس 10 گرین، فرائی کارب 4 گرین، انٹی فیرین 3 گرین سب کو ملا کر دن چڑھنے سے ایک گھنٹہ پہلے کیپسول میں بند کر کے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ دو دن میں آرام ہو جائے گا۔ یہ اور کو کنار حسب ضرورت پانی میں پیس کر پیشانی پر ضماد کریں۔

## (56) دوائے شقیقہ

اجزا: سونف، مویز منقی، گلسرخ، دانہ الائچی خورد ہر ایک 6 ماشہ، سناء مکی، مغز بادام ہر ایک تولہ تولہ، گلقند 6 تولہ، پوست ہلیلہ زرد 7 ماشہ، گل بنفشہ 9 ماشہ۔

ترکیب: خشک ادویہ کوٹ چھان کر گلقند میں ملالیں۔

استعمال: چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بنفشہ استعمال کریں۔

## (57) لخلخہ برائے شقیقہ

اجزا: روغن کدو، روغن گل، روغن خشخاش، روغن بادام، سرکہ، کافور ہر ایک 11 ماشہ افیون 7 رتی۔

ترکیب: افیون پیس کر سب اشیاء کو ایک فراخ منہ شیشی میں ملالیں۔

استعمال: درد شروع ہونے سے پہلے چند بار شیشی کو ہلا کر سونگھائیں۔

## (58) کاغذی درد شقیقہ

منافع: درد سر شقیقہ (آدھا سیسی) کو جلد نفع بخشتی ہے۔

اجزا: گل ارمنی، زعفران، زنجبیل، قرنفل کلاہ دار، افیون ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کر پانی میں کھرل کر کے کنار دشتی کے برابر گولیاں بنالیں۔
استعمال: اٹھنی کے برابر دو سفید کاغذ کتر کر ان میں سوئی سے کئی سوراخ بنالیں۔ ایک گولی کو پانی میں حل کر کے ان پر لگا کر دونوں کنپٹیوں پر چپکا دیں۔ خشک ہونے کے بعد درد کو آرام ہو جاتا ہے۔

## (59) درد سردائی

منافع: درد سردائی، ریح بواسیر، مراق، قبض کے لئے مفید ہے۔
اجزا: سناء مکی ڈھائی تولہ، زیرہ سفید 4 ماشہ، نمک سوچر 6 ماشہ، بادام روغن حسب ضرورت۔
ترکیب: سناء کو کوٹ کر بادام روغن سے چرب کر کے باقی دوائیں کوٹ کر ملالیں۔
استعمال: چار یا چھ ماشہ رات کو سوتے وقت ہمراہ آب خالص استعمال کریں۔

## (60) نسوار طلسمی

منافع: درد سر، شقیقہ، عصابہ، نزلہ، زکام میں برقی اثر دکھاتی ہے۔ مجرب۔
اجزا: پوست ریٹھہ ایک عدد، نوشادر ایک رتی، کائپھل تولہ، پر منگنیٹ آف پوٹاش 1 رتی۔
ترکیب: سب کو باریک پیس کر نسوار تیار کریں۔
استعمال: بوقت ضرورت تھوڑی سی نسوار لیں۔

## (61) نسوار برائے بدبو دماغ

منافع: بدبو دماغ، گرم دماغ، درد سر، بے ہوشی، چکر آنا، نزلہ، زکام کو مفید ہے۔
اجزا و ترکیب: کافور، نوشادر، سہاگہ ہم وزن کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔
استعمال: وقت ضرورت تھوڑی سی دوا مکھن میں ملا کر نسوار لیں۔

## (62) حب برائے رعشہ

منافع: رعشہ کے لئے مجرب الجرب ہے۔ نیز تمام عصبی امراض کو مفید ہے۔
اجزا: اسطو خودوس، قرنفل ہر ایک دو دو ماشہ، دار چینی، پوست ہلیلہ کابلی، پودینہ ہر ایک ایک تولہ 9 ماشہ، زہد، غاریقون، حلتیت، جند بید ستر ہر ایک تولہ تولہ، زعفران، عقر قرحا ہر ایک 9 ماشہ، سم الفار سفید 4 رتی۔
ترکیب: سب کو کھرل کر کے شہد کے ہمراہ مرچ سیاہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔
استعمال: تین تین گولیاں صبح و شام ہمراہ آب گرم بعد از غذا استعمال کریں۔

## (63) حریرہ مقوی دماغ مجرب

اجزا و ترکیب استعمال: نشاستہ گندم، نخود بریان، مغز پنبہ دانہ، روغن زرد ہر ایک تولہ تولہ خشخاش سفید، مغز بادام شیریں، مغز کدو شیریں، مغز تخم کاہو ہر ایک 9 ماشہ کھانڈ سفید 2 تولہ حسب دستور حریرہ بنا

کر استعمال کریں۔

## (64)دوائے منوم

**منافع:** بے خوابی کے لئے بہت مفید و مجرب ہے۔
**اجزا و ترکیب استعمال:** ٹنکچر کلوروفارم ایٹ مارفین 10 بوند، ٹنکچر ہائیو سائمس ٹنکچر کارڈی مم کمپونڈ ہر ایک پانچ پانچ بوند، پوٹاسیم برومائیڈ، سوڈیم برومائیڈ ہر ایک 2 رتی، عرق گاؤزبان 4 تولہ سب کو ملا کر بوتل کو خوب ہلائیں تاکہ حل ہو جائے۔ یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی ایک خوراک صبح بعد غذا اور ایک خوراک بوقت خواب پلائیں۔ جتنی خوراکیں مطلوب ہوں۔ اکٹھی تیار کر لیں۔

## (65)نسخہ دیگر

**اجزا و ترکیب:** تخم کاہو بریان، تخم بھنگ بریان، تخم خشخاش ہر ایک 6 ماشہ۔ تینوں کو کوٹ کر پوٹلی بنائیں اور مریض کو سونگھاتے رہیں۔

## (66)نسوار اکسیر نزلہ و زکام مجرب

**منافع:** نزلہ و زکام کے لئے نہایت موثر اور مفید ہے۔ تمام دماغی امراض کے لئے عجیب ہے۔
**اجزا و ترکیب استعمال:** اسطوخودوس، کائپھل ہر ایک تولہ تولہ، برگ کشمیری، کلونجی ہر ایک دو دو تولہ، چھلکا ریٹھہ، دانہ الائچی خورد، سنبل الطیب ہر ایک 6 ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر نسوار بنائیں اور بوقت ضرورت استعمال کریں۔

## (67)روغن اکسیر اوجاع

**منافع:** درد سر، شقیقہ، عصابہ، درد دندان کے لئے نایاب تحفہ ہے۔ اس کے علاوہ ہر قسم کی دردوں کے لئے نہایت مفید ہے۔
**اجزا و ترکیب استعمال:** کافور، کلورل ہائیڈریٹ ہر ایک چار چار ماشہ، کوکین چار رتی سب کو ملا کر کھرل کر لیں۔ جب حل ہو کر روغن کی شکل میں آجائیں۔ شیشی میں محفوظ رکھیں اور مقام درد پر پھریری سے لگائیں۔

## (68)دردِ اول

**منافع:** درد اول (جو ایک قسم کا درد سر ہے) کے علاوہ درد شقیقہ درد عصابہ کے لئے بھی مفید و مجرب ہے۔
**اجزا و ترکیب:** اسطوخودوس 2 ماشہ، جلوتری، بالچھڑ ہر ایک تین ماشہ، کشمیری پتہ 9 ماشہ، کافور ماشہ سب کو باریک پیس کر نسوار تیار کریں۔
**استعمال:** دن میں دو یا تین دفعہ نسوار لیں۔

## (69) دیگر مجرب

منافع: اگر مندرجہ بالا نسخہ سے ٹھیک آرام نہ ہو یا پھر درد شروع ہو جائے تو اس دوا کو استعمال میں لائیں۔

اجزاو ترکیب: نمک شیشہ ایک تولہ ایسی جگہ کا دھواں جہاں صرف دودھ ہی گرم کیا جاتا ہو دونوں کو ملا کر کنپٹی کی تڑپتی ہوئی رگ پر پچھنے لگا کر مل دیں۔ درد بند ہو گا۔

## (70) شربت سدر دوار

منافع: سدر دوار (سر چکرانا) کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ خصوصاً جو گرمی و خشکی سے ہو۔

اجزاو ترکیب: آب آملہ سبز ایک کلو، شیر گاؤ 2 کلو ملا کر دیگچہ قلعی شدہ میں جوش دیں۔ جب دودھ پاؤ رہ جائے نتھار لیں اور چینی ایک کلو ملا کر شربت تیار کریں۔

استعمال: تین تین تولہ صبح و شام تازہ پانی ملا کر استعمال کریں۔

## (71) معجون سدر دوار

اجزا: اسطو خودوس تین تولہ کشنیز خشک تولہ، مرزنجوش 9 ماشہ، مصطگی، پوست ہلیلہ کابلی، کندر ہر ایک 4 ماشہ، شہد خالص 17 تولہ۔

ترکیب: سب ادویات کوٹ چھان کر شہد میں ملا لیں۔

استعمال: چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ یا شیرہ مغز بادام 15 عدد استعمال کریں۔

## (72) تریاق نزلہ دماغی

منافع: نزلہ دماغی کے لئے تریاق ہے۔ مزید براں شقیقۃ العین کے لئے مجرب ہے۔

اجزاو ترکیب: رسکپور ساڑھے تین تولہ، مین پھل تین عدد، مین پھل کے دو دو ٹکڑے کرکے رسکپور [illegible] برابر ان میں داخل کرکے ان کو ملا کر الگ الگ کپڑے میں باندھ لیں۔ تین پوٹلیاں الگ الگ بن جائیں گی پھر ان کو دیگچہ قلعی شدہ میں لٹکا کر ایک کلو شیر گاؤ ڈال کر آگ پر رکھیں۔ حتیٰ کہ شیر خشک ہو جائے۔ دوبارہ پھر ایک کلو شیر گاؤ ڈال کر وہ بھی اسی طرح خشک کریں۔ بعدہ آب ترہد ایک کلو ڈال کر خشک کریں پھر رسکپور نکال کر اس میں فلفل سیاہ، دارچینی، کتھ سرخ، لونگ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ پیس [illegible] کر خوب کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔

استعمال: بقدر دو جو مسکہ میں رکھ کر صبح استعمال کریں یا چوری یعنی مالیدہ مرغن یا حلوہ کے لقمہ میں لپیٹ کر استعمال کریں۔ بعدہ وہی مالیدہ یا حلوہ بقدر اشتہا کھا لیں۔

پرہیز: ترش و شیرینی و نمک سے ضروری ہے۔ اس دوائی کے ساتھ دودھ، گھی مرغن غذا ضروری ہے۔ [illegible] ہفتہ کا استعمال کافی ہوتا ہے۔

# مجربات امراض چشم

## (73) سرمہ سفید

**اسناد:** ایک انگریز ڈاکٹر کا خاص مخفی نسخہ ہے۔ اس نے اپنے ایک ملازم پر خوش کر اسے بتایا تھا جو پانچ روپیہ فی تولہ عام فروخت ہو رہا ہے۔ نسخہ فی الحقیقت نہایت قابل قدر ہے۔

**منافع:** آنکھوں کی تمام امراض خصوصاً خارش چشم، دھند، ککرے، ضعف بصارت ابتدائی موتیا بند کے لئے نہایت مفید مجرب اور نہایت سہل و ارزاں ہے۔

**اجزا:** طوطیا سبز ایک تولہ کے ٹکڑے کر کے ایک کورے ٹھیکرے میں ڈال کر کوئلوں کی آنچ پر رکھیں۔ جب سفید ہو جائے اتار لیں۔ اس سے ایک ماشہ لے کر ایک تولہ بورک ایسڈ ملا کر خوب کھرل کر کے سرمہ بنا لیں۔

**استعمال:** رات کو سوتے وقت دو یا تین سلائیاں استعمال کرنی چاہئے۔

## (74) صوفی سرمہ

**اسناد:** حکیم صوفی عبدالرحمن صاحب بھلوال کا خاص نسخہ ہے۔

**منافع:** دھند، خارش چشم، ککرے، پڑبال، سفیدی، رمد کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ رمد کے بعد جو سفیدی ہو جاتی ہے۔ اس کا خاص علاج ہے۔

**اجزا:** برادہ جست یا کشتہ جست، نوشادر ٹھیکری، کوڑی زرد سوختہ ہم وزن آب لیموں تازہ حسب ضرورت۔

**ترکیب:** سب کو کوٹ کر آب لیموں تازہ چھان کر اس قدر ڈالیں کہ خوب تر ہو جائے۔ بیس دن کے بعد کھرل کر کے سرمہ بنا لیں اور کپڑے سے چھان کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** حسب ضرورت رات کو استعمال کریں۔

## (75) نسخہ دیگر

**اسناد:** یہ نسخہ بھی صاحب ممدوح کا عطیہ اور معمول ہے۔

**منافع:** سرخی چشم، دھند، غبار، خارش وغیرہ کے لئے نہایت مفید، مقوی بصر اور عام استعمال کے لئے عمدہ سرمہ ہے۔

**اجزا و ترکیب:** سرمہ سیاہ حسب ضرورت دس گنا عرق گلاب خالص میں کھرل کریں پھر بحساب ایک تولہ سرمہ کے سرد چینی 14 دانہ، کافور ایک ماشہ کوٹ چھان کر ملا دیں اور کچھ دیر کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** حسب دستور سلائی سے استعمال کریں۔

## (76) دوائے رمد چشم

منافع: رمد (آنکھ دکھنا) کی سریع الاثر آسان مجرب اور معمول ہے۔ مریض خواہ جس قدر تکلیف میں ہو آنکھیں سرخ ہوں اور ورم آگیا ہو ایک دو دن میں ہی آرام ہو جاتا ہے۔

اجزا: بھنگڑہ خام، رسوت مصفی ہر ایک تین ماشہ، مصری 1 ماشہ، افیون چھ رتی، طوطیا سبز بریان شدہ تین رتی، عرق گلاب خالص 5 تولہ۔

ترکیب: خشک ادویہ باریک پیس کر سب کو ایک صاف شیشی میں ملا کر خوب حل کریں۔

استعمال: پچکاری کے ذریعہ دو تین بوند آنکھ میں ڈالیں۔ آنکھوں کو سرد ہوا اور سرد پانی سے بچائیں۔ قبض نہ ہونے دیں۔

## (77) شیاف ککرہ

منافع: ککرہ (جرب الاجفان) کی مجرب دوا ہے۔

اجزا: توتیا سبز، بھنگڑہ سفید، سہاگہ، سون مکھی، زنگار، ہیرا کسیس سبز ولائتی ہر ایک 6 ماشہ، کشتہ جست کی تین ماشہ۔

ترکیب: تمام ادویہ باریک کر کے سفوف تیار کریں پھر گوند کیکر کے لعاب میں حل کر کے شیاف بنالیں اور خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک شافہ لے کر ککروں پر صبح و شام گھس دیا کریں۔

## (78) نسخہ دیگر

اجزا و ترکیب: مصری خانہ زنبور، کتھہ گلابی ہر ایک تولہ تولہ، توتیا سبز تین ماشہ باریک پیس کر پانی میں کھرل کر کے شیاف بنائیں۔

استعمال: صبح و شام عرق گلاب میں گھس کر ککروں پر لگائیں۔

## (79) سرمہ تریاق چشم

منافع: بصارت کو تیز کرتا اور رمد (آنکھ دکھنا) سبل، جالا، پھولا، ککرہ وغیرہ کو رفع کرتا ہے۔ ہمیشہ استعمال میں رکھا جائے تو قوت بصارت ٹھیک رہتی ہے۔

اجزا: سرمہ سیاہ آٹھ تولہ کافور، افیون ہر ایک ماشہ ماشہ، بھنگڑہ بریاں، زنک سلفاس، زعفران خالص ہر ایک ڈیڑھ ماشہ، توتیا سبز بریاں 4 رتی، عرق گلاب 1 پاؤ۔

ترکیب: دوائیں علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر ایک پختہ کھرل میں ڈال کر عرق گلاب تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں حتی کہ سب عرق ختم ہو کر سرمہ خشک ہو جائے۔

استعمال: ایک ایک یا دو دو سلائیاں صبح و شام یا صرف رات کو استعمال کریں۔

## (80) سرمہ مقوی بصر

**منافع:** نہایت مقوی بصر اور آنکھوں کی تمام امراض کو مفید ہے۔ اس کے استعمال سے نظر تیز ہو جاتی ہے اور عینک کی عادت چھوٹ جاتی ہے۔ مجرب المجرب۔

**اجزا و ترکیب:** چیل کے ایک یا دو تازہ انڈے لا کر ان میں سوراخ کر کے سرمہ سیاہ کی چھوٹی چھوٹی ڈلیاں بھر کر سوراخ کے منہ پر مرغی کے انڈے کا ٹکڑا رکھ کر اوپر گل حکمت کر کے محفوظ جگہ رکھ دیں۔ جب انڈوں کا اندرونی پانی سرمہ میں جذب ہو کر خشک ہو جائے انڈوں کا اوپر والا چھلکا اتار کر پھینک دیں اور جو کچھ ان کے اندر ہے معہ سرمہ کھرل کر کے موٹے کپڑے سے چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** روزانہ رات کو سلائی سے آنکھ میں لگایا کریں۔

## (81) سرمہ بیاض چشم

**منافع:** بیاض چشم (پھولا) کو مفید ہے۔ دھند کو رفع کرتا اور بصارت کو تیز کرتا ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

**اجزا:** زنگار چھ ماشہ، سمندر جھگ، کشتہ جست ہر ایک تولہ تولہ، سرمہ سیاہ، پھٹکڑی بریان ہر ایک ماشہ ماشہ، زعفران، افیون ہر ایک 2 ماشہ، توتیا سبز ایک رتی، مرچ سفید تین عدد، عرق گلاب 10 تولہ۔

**ترکیب:** خشک ادویہ باریک پیس کر عرق گلاب کے ساتھ کھرل کریں۔

**استعمال:** حسب دستور صبح و شام سلائی سے لگائیں۔

## (82) نسخہ دیگر

**منافع:** پھولا، جالا، رتوندی، ناخنہ، دھند، غبار کے لئے مفید و مجرب ہے۔ نظر تیز کرتا اور عینک کی عادت چھڑا دیتا ہے۔

**اجزا:** شورہ قلمی، سرمہ سیاہ ہر ایک 7 ماشہ، فلفل دراز 4 ماشہ، برگ سرس، تخم سرس ہر ایک ماشہ ماشہ، کشتہ جست 2 ماشہ، برگ نیم، چاکسو ہر ایک 2 رتی، عرق سونف عمدہ 5 تولہ۔

**ترکیب:** سرمہ کو گرم کر کے آب ترپھلا میں تین چار دفعہ بجھائیں پھر سب اجزا باریک پیس کر عرق سونف سے پختہ کھرل میں خوب کھرل کریں۔

**استعمال:** دو سے تین سلائی تک رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔

## (83) اطریفل سبل

**منافع:** سبل چشم (جالا) اور جملہ امراض چشم کو مفید ہے۔ مقوی دماغ ہے۔

**اجزا:** ترپھلہ تین تولہ، کشنیز خشک، سونف ہر ایک تولہ تولہ، گل منڈی 5 تولہ، شہد 20 تولہ۔

**ترکیب:** خشک ادویات کوٹ چھان کر شہد میں ملا لیں۔

**استعمال:** چھ ماشہ صبح و شام دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (84) سرمہ اکسیر العین

منافع: آنکھوں سے پانی جاری ہونے کے لئے نہایت نافع ہے اس کے علاوہ رمد (آنکھیں دکھنا) دھند، سرخی کو مفید ہے۔ مجرب المجرب خاص نسخہ ہے۔

اجزا: کشتہ جست 4 تولہ، بھنگڑی بریان مصری ملتانی ہر ایک 2 تولہ، سونٹھ بے ریشہ 9 ماشہ، افیون تین ماشہ۔

ترکیب: پہلے زنجبیل کو باریک پیس کر بھنگڑی بریاں ملا کر کھرل کریں بعدہ کشتہ جست، مصری اور آخر افیون ملا کر خوب کھرل کر کے سرمہ تیار کریں۔

استعمال: رات کو تین تین سلایاں دونوں آنکھوں میں لگایا کریں۔

## (85) پھولا کا اکسیری سرمہ

منافع: پھولا (سفیدی چشم) کا اکسیری سرمہ ہے۔ خواہ کتنی پرانی تکلیف ہو، بہت جلد آرام ہو جاتا ہے۔ کئی احباب کا تجربہ شدہ ہے۔

اجزا: آملہ سار، نوشادر، ٹھیکری اصلی ہر ایک تولہ تولہ، برادہ تانبہ 6 ماشہ، آب لیموں تازہ سات تولہ۔

ترکیب: خشک ادویہ پیس کر چینی یا شیشہ کے برتن میں ڈال کر آب لیموں ڈال دیں جب خشک ہو جائے باریک پیس کر سرمہ تیار کر لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: صبح و شام ایک ایک سلائی استعمال کریں۔

## (86) سرمہ مقوی بصر اعلیٰ

ماخذ: دار الصحت سلطانی للیانی میں تیار رہتا ہے۔

منافع: نہایت اعلیٰ مقوی بصر ہے۔ اگر اس کو ہمیشہ استعمال کیا جائے تو قوت بصارت کبھی کمزور نہیں ہوتی عینک کی عادت بھی دور ہو جاتی ہے۔ عام استعمال کرنے کا عمدہ نسخہ ہے۔ بارہا تجربہ ہو چکا ہے۔

اجزا: کشتہ جست 4 تولہ، سرمہ سیاہ، بھنگڑی بریاں ہر ایک دو تولہ، صدف کلاں سوختہ، مرجان سوختہ، ت سفید کشمیری ہر ایک تولہ تولہ، ورق نقرہ ایک سو دس عدد، عرق گلاب عمدہ، عرق سونف عمدہ ہر ایک حسب ضرورت۔

ترکیب: خشک ادویہ باریک پیس کر عرق گلاب و سونف اس قدر ملا کر کھرل کریں کہ سرمہ آنکھوں میں لگانے کے قابل تیار ہو جائے۔ خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ہر روز سلائی سے استعمال کریں۔

## (87) نسخہ دیگر

منافع: یہ نسخہ بہت ہی مفید قابل قدر ہے۔ اس سے چند روز میں عینک کی عادت ترک ہو جاتی ہے۔

ضعف بصارت، دھند، سرخی چشم اور جالا کے لئے اکسیر سے کم نہیں۔ آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچاتا ہے۔ اس کو نظرانداز نہیں کرنا چاہئے۔

**اجزا:** سرمہ اصفہانی 1 تولہ، جوہر اربعہ 3 ماشہ، مروارید اصلی، ممیرا اصلی ہر ایک ماشہ ماشہ۔

**ترکیب:** پختہ کھرل میں خوب کھرل کر کے سرمہ تیار کریں۔

**استعمال:** صبح و شام یا صرف ایک وقت تین تین سلایاں دونوں آنکھوں میں استعمال کریں۔

**جوہر اربعہ:** شورہ قلمی، پھٹکڑی، نوشادر، طوطیا سبز ہر ایک 20 تولہ الگ الگ باریک پیس کر ملا کر ایک مٹی کی ایسی کوری ہانڈی میں ڈالیں جو چار حصے خالی رہے۔ اس کو گل حکمت کر کے نیچے دو گھنٹہ تک بیری کی لکڑی کی آگ جلائیں۔ ایک تولہ کے قریب جوہر سرپوش پر لگ جائے گا۔ یہی جوہر اربعہ ہے۔ یہ اکیلا بھی پھولا اور جالا کے لئے اکسیر ہے۔

# مجربات امراض گوش

## (88) دوائے درد کان

**منافع:** اس کے استعمال سے شدید درد کان کو بھی تین منٹ میں آرام ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

**اجزا:** بورک ایسڈ، کوکین ہائیڈرو کلور ہر ایک 5 گرین، کاربالک ایسڈ 7 بوند، مارفیہ، ہائیڈرو کلور 3 گرین، سپرٹ ریکٹی فائیڈ 20 بوند، گلسرین 4 ڈرام۔

**ترکیب:** سب کو شیشی میں ڈال کر خوب ہلائیں تاکہ حل ہو جائیں۔

**استعمال:** کان کو پہلے ہائیڈروجن سے صاف کر کے دو بوند صبح و شام ڈالیں۔

## (89) روغن ثقل سماعت

**منافع:** کری گوش یعنی بہرہ پن کے لئے مجرب ہے۔ عموماً ایک ہفتہ میں شفا ہو جاتی ہے۔

**اجزا:** روغن بادام تلخ 4 تولہ، روغن تارپین ولایتی 8 ماشہ دونوں کو ملا کر شیشی میں ڈالیں۔

**استعمال:** رات کو سوتے وقت دو بوند کان میں ڈال کر روئی سے بند کر دیں۔

## (90) روغن گوش

**منافع:** درد کان کے لئے مفید ہے۔ کان سے پیپ بہتی ہو۔ ورم کان، کان میں پھنسی ہو، بہرہ پن شائیں شائیں کی آواز آنا وغیرہ جملہ امراض کان کو مفید ہے۔ درد کان خواہ جس سبب سے ہو تسکین بخشتا ہے مجرب اور معمول ہے۔

**اجزا:** پیاز مقشر، لہسن یعنی تھوم مقشر ہر ایک 4 تولہ، روغن سرسوں 5 تولہ، کافور 6 رتی، افیون 4 رتی۔

**ترکیب:** پیاز اور تھوم کوٹ کر روغن میں جلائیں جب سرخ ہو جائے چھان کر کافور اور افیون پیس کر ملا دیں تاکہ حل ہو جائیں۔ شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: تین قطرہ ہر چار گھنٹہ کے بعد نیم گرم استعمال کریں۔

## (91) نسخہ دیگر مجرب

اجزاو استعمال: گلسرین کے چند قطرے صبح وشام کان میں ڈالیں۔

## (92) روغن گوش اکسیری

منافع: درد گوش کو جلد تسکین بخشتا ہے۔ کان بہنا، پھنسی، بہرہ پن، ٹیس ورم گوش وغیرہ کان کی جملہ امراض کے لئے نہایت مفید ہے۔

اجزا: آب برگ دھتورہ، آب پیاز، آب برگ مدار ہر ایک 5 تولہ، روغن کنجد 8 تولہ، کافور، ٹنکچر اوپیم ہر ایک 6 ماشہ، سرکہ انگوری 5 تولہ۔

ترکیب: تمام پانی اور روغن کو کڑچھے میں ملا کر جوش دیں۔ جب پانی جل جائے چھان کر اس میں کافور ب حل کر کے یکجان کر لیں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: روزانہ چار قطرہ کان میں ڈالیں اور اگر درد کی تکلیف زیادہ ہو تو دن میں دو بار استعمال کیا جائے۔

## (93) دوائے درد گوش

منافع: درد گوش خواہ زخم وغیرہ سے ہو خواہ ورم کی وجہ سے فی الفور بند ہو جاتا ہے۔

اجزاو ترکیب: کوڑی زرد سوختہ، سمندر جھاگ ہر ایک ماشہ ماشہ باریک پیس کر کان میں ڈال کر اوپر سے لیموں تازہ کا پانی چھ سات قطرے ڈالیں کان میں جوش پیدا ہو کر شور سنائی دے گا تین چار منٹ کے بعد وہ گرم پانی کان سے نکال کر روئی ڈال دیں۔

## نسخہ دیگر فوری اثر

اجزاو ترکیب: ٹنکچر اوپیم، ٹنکچر بیلے ڈونا ہر ایک 3 ماشہ، گلسرین 2 تولہ سب کو ملا کر شیشی میں ڈالیں۔

استعمال: چار قطرے کان میں ڈالیں۔

# مجربات امراض بینی (ناک)

## (94) دوائے رعاف

منافع: رعاف یعنی نکسیر کی سریع الاثر مجرب دوا ہے۔ انشاء اللہ ایک دن میں آرام ہو جاتا ہے۔

اجزاو ترکیب: کیلشیم گلوکونیٹ، سنگ جراحت کوفتہ ہر ایک ماشہ ماشہ ملا کر ہمراہ شربت انار 2 تولہ پانی ملا کر ایسی چار خوراک دن میں استعمال کریں۔ فرائی پر کلورائیڈ سے روئی تر کر کے ایک دو قطرے ناک میں [illegible]۔

## (95) نسخہ دیگر مجرب

**اجزا:** بھنگرہی 2 تولہ، بھیڑی کا دودھ آدھ کلو۔

**ترکیب:** بھنگرہی کوٹ کر دودھ میں ملا کر ایک قلعی شدہ دیگچی میں ڈال کر آگ پر پکائیں۔ جب دودھ خشک ہو جائے پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** ایک ایک ماشہ صبح و شام پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (96) نسوار نکسیر مجرب

**اجزا:** مازو، کشنیز خشک، بھنگرہی، گیرو ہم وزن۔

**ترکیب:** سب ادویہ الگ الگ پیس کر خوب باریک کر لیں۔

**استعمال:** جب نکسیر جاری ہو ایک چٹکی بھر ناک میں بطور نسوار استعمال کریں۔

## (97) اکسیر حابس الدم

**اسناد:** تلمیذ رشید حکیم ملک محمد غوث صاحب بخاروی کا معمول و عطیہ خاص ہے۔ نسخہ اس قابل ہے کہ اسے ہر مطب میں تیار کر کے رکھا جائے۔

**منافع:** نکسیر کو ایک یوم میں بند کرتی ہے۔ اس کے علاوہ جسم کے جس حصہ سے خون آرہا ہو مثلاً نفث الدم، قے الدم، بول الدم، کثرت حیض و نفاس خون بواسیری وغیرہ کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ پہلی خوراک سے فائدہ معلوم ہو جاتا ہے۔ خون بند کرنے والی سب دواؤں سے یہ اکسیری نسخہ زیادہ موثر اور مجرب ہے۔ اس ۔ خاصہ ہے۔ قابض نہیں اور نہ ہی اس سے اور کسی قسم کی تکلیف ہوتی ہے۔ مرف خون کو بند کر دیتی ہے۔ جسم کے جس حصہ سے خون آرہا ہو بلا تکلیف چند خوراکوں سے حکماً "بند ہو جاتا ہے۔ یونانی اور ایلوپیتھی دواؤں کا یہ عجیب و غریب مرکب اس مقصد کے لئے نہایت کامیاب ثابت ہوا ہے۔ تجربہ کے بعد آپ اس اکسیری نسخہ کی خود داد دیں گے خواہ جس قدر خون آرہا ہو بند ہو جاتا ہے۔

**اجزا:** گیرو، ٹینک ایسڈ، کیلشیم لکٹیٹ کہربا شمعی، دم الاخوین ہر ایک 2 تولہ۔

**ترکیب:** پیسنے والی ادویہ پیس کر سب کو ملا کر سفوف بنا لیا جائے۔

**استعمال:** انار دانہ ایک تولہ کو آدھ پاؤ پانی میں گھوٹ کر اس کے ہمراہ ایک ماشہ سے 2 ماشہ تک دوائی پھانک لی جائے یا ایک تولہ انجبار کو 10 تولہ پانی میں بھگو کر یا لعاب بہدانہ ایک تولہ یا شربت انجبار 3 تولہ کے ہمراہ استعمال کی جائے۔ حسب ضرورت دن میں دو یا تین خوراک استعمال کی جائیں۔ شدت مرض کی حالت میں دن میں چار خوراک بھی استعمال کی جاسکتی ہیں۔ ورنہ عام حالتوں میں دو خوراک دی جاتی ہیں۔ غذا سے دو گھنٹہ پہلے یا پیچھے استعمال کرنا چاہئے۔ غذا بہت گرم نہ دی جائے۔

## (98) مرہم برائے قروح الانف

**اسناد:** قبلہ استاذیم حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کے معمولات خاص سے ہے۔

منافع: ناک کی پھنسیوں اور زخموں کے لئے نہایت مفید ہے۔ خصوصاً اگر ثبور اور قروح خبیثہ حازہ ہوں اس کے علاوہ ہر قسم کے زخموں کے لئے بہت مفید و مجرب ہے۔

اجزا: روغن گل 10 تولہ' مردہ سنگ ایک تولہ' شنگرف تین ماشہ' زنگار 2 ماشہ' سفیدہ کاشغری تولہ' موم 4 تولہ' کافور تولہ' سفیدی بیضہ مرغ 2 عدد۔

ترکیب: روغن گل کو خوب گرم کر کے مردہ سنگ کھرل شدہ ڈال کر لوہے کی سیخ سے ہلاتے رہیں۔ جب رنگ سیاہ ہو جائے شنگرف اور زنگار باریک شدہ ڈال دیں اور پانچ منٹ تک ہلاتے رہیں پھر اتار کر سفیدہ ڈالیں۔ پھر موم ڈال دیں تاکہ پگھل کر مل جائے۔ جب ٹھنڈا ہونے کے قریب ہو سفیدی بیضہ میں کافور خوب کھرل کر کے شامل کر دیں۔ اور اچھی طرح حل کر لیں۔

استعمال: حسب دستور زخموں پر لگانا چاہئے۔

### (99) دوائے بطلان شامہ

منافع: بطلان قوت شامہ (سونگھنے کی قوت کا زائل ہو جانا) کی مفید دوا ہے۔

اجزا: مرچ سیاہ' مشک خالص' کائپھل' ناگ کیسر' دانہ الائچی خورد' چھڑیلہ' زعفران' زنجبیل ہر ایک ماشہ' نمک بھکنی' روغن گاؤ ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: خشک ادویہ کو باریک پیس کر روغن میں ملا لیں۔

استعمال: دن میں چار دفعہ اس کی نسوار لیں۔

## مجربات امراض دندان

### (100) دوائے درد دندان

منافع: دانتوں کے درد ہر قسم خصوصاً کرم خوردہ دانت کے درد کے لئے بے خطا و مجرب المجرب ہے۔

اجزا: کاربالک ایسڈ 1 ماشہ' کلورل ہائیڈریٹ 6 ماشہ' کافور' تھائی مول ہر ایک 3 ماشہ۔

ترکیب: کافور باریک کر کے سب ادویہ کو ایک شیشی میں ڈال کر تھوڑی دیر تک دھوپ میں رکھیں تاکہ حل ہو جائیں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: روئی سے لگائیں اگر دانت میں سوراخ ہو تو روئی تر کر کے سوراخ میں رکھیں۔

### (101) نسخہ دیگر

منافع: درد داڑھ کی خاص اکسیر ہے۔ اس کا اثر فوری اور یقینی ہوتا ہے۔ مجرب ہے۔

اجزا: کلوروفارم پیور' کریزوٹ پیور' ٹنکچر اوپیم' ٹنکچر بنزائین ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب: سب کو ایک شیشی میں ڈالیں اور خوب ہلا کر ملا لیں۔

استعمال: بوقت ضرورت روئی پر لگا کر درد کی جگہ لگائیں۔ اگر داڑھ میں سوراخ ہو تو روئی تر کر کے

احتیاط سے سوراخ میں رکھ دیں۔

## (102) دوائے پائیوریا

**منافع:** پائیوریا (ما خورہ) کے لئے بہت مفید اور مجرب ہے۔ اس سے پیپ اور خون آنا بند ہو جاتا اور منہ کی بدبو رفع ہو جاتی ہے۔ ہلتے ہوئے دانت مضبوط ہو جاتے ہیں۔ مطب کا معمول بھروسہ کا نسخہ ہے۔

**اجزا:** ٹنکچر آیوڈین، ر یکٹی فائیڈ ایک ڈرام، یوکلپٹس آئیل، **مینتھاہپ** آئیل ہر ایک 35 بوند، ٹنکچر مرہ ایک ڈرام، ست پودینہ، ست اجوائن ہر ایک 5 گرین، کافور 14 رتی، **ایسڈ** کاربالک، کریازوٹ ہر ایک 5 بوند۔

**ترکیب:** سب اشیاء ایک فراخ منہ شیشی میں ڈال کر تھوڑی دیر تک دھوپ میں رکھیں تاکہ حل ہو جائیں۔

**استعمال:** مسوڑھوں پر دن میں تین مرتبہ روئی سے لگایا کریں۔

## (103) منجن دندان مجرب

**اسناد:** شاگرد رشید حکیم عبدالعزیز صاحب مخدوم سکنہ لنگر مخدوم ضلع جھنگ کا مجرب وعطیہ خاص ہے۔

**منافع:** دانتوں کی جملہ تکالیف مثل پیپ آنا، درد دنداں مسوڑھوں سے خون اور بدبو آنا، دانتوں کا ہلنا اور میلے کچیلے رہنا وغیرہ کا شافی علاج ہے۔ دانتوں کو خوب صاف کرتا اور ان کی امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔ مجرب المجرب ہے۔

**اجزا:** سہاگ یعنی دنداسہ "جو عام پنساریوں سے مل سکتا ہے" ایک تولہ، سوڈا بائی کارب چھ ماشہ، ست پودینہ 4 رتی۔

**ترکیب:** سہاگ کو باریک کوٹ چھان کر سب اشیاء باہم ملا کر باریک سفوف بنا لیں اور شیشی میں بند رکھیں۔

**استعمال:** حسب ضرورت دانتوں پر مل کر لعاب نیچے گراتے رہیں۔ بعد میں ایک گھنٹہ تک کھانا یا پانی وغیرہ کوئی چیز استعمال نہ کریں۔

## (104) منجن برائے استحکام دندان

**اسناد:** دارالصحت سلطانیہ للیانی میں اس کا بارہا تجربہ ہو چکا ہے۔

**منافع:** ہلتے ہوئے دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔ اس کے استعمال کے چند منٹ بعد ایسا محسوس ہوتا ہے کہ دانتوں کو مسوڑھوں میں جکڑ دیا گیا ہے۔ دانتوں کے درد اور میل کچیل کے لئے نافع ہے۔

**اجزا:** طباشیر کبود 6 ماشہ، مصطگی رومی، الائچی خورد ہر ایک تولہ تولہ، مازو سوختہ، مائیں خورد، سپاری سوختہ، صدف سوختہ ہر ایک تین تولہ، پھٹکڑی سفید 4 تولہ، توتیا سبز بریان تین ماشہ، مرچ سیاہ، گلسرخ، گلنار فارسی، سنگ جراحت، زنجبیل ہر ایک 2 تولہ۔

ب: جملہ ادویہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

ستعمال: حسب ضرورت صبح وشام دانتوں پر ملیں اور ایک گھنٹہ تک کوئی چیز کھائیں پئیں نہیں۔

## (105) سنون برائے مانخورہ

ار: شاگرد رشید عزیز حکیم ملک محمد غوث صاحب کا معمول و عطیہ خاص ہے۔

ع: مانخورہ کا مجرب اور سریع الاثر منجن ہے۔ کئی دفعہ اس کا تجربہ ہوا ہے۔ چند دنوں تک آرام ہو ہے۔

زا: زنگار، انزروت، لوٹہ کھار ہر ایک تولہ تولہ، پھٹکڑی سفید، قلمی شورہ ہر ایک 8 ماشہ، مردار سنگ 16 نوشادر، سماکہ ہر ایک 4 ماشہ، نیلہ تھوتھہ بریان ایک ماشہ۔

یب: سب ادویہ باریک پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

ستعمال: رات کو سوتے وقت چھال پیپل اور چھال شہتوت ہر ایک تولہ تولہ پانی میں جوش دے کر ے کرکے منجن دانتوں پر مل کر لعاب نیچے گراتے رہیں۔ پھر سورہیں۔

## (106) نسخہ دیگر

: عزیز حکیم محمد اعظم خان صاحب کھوکھر سکنہ پاہڑیاں والی ضلع گجرات کا عطیہ خاص ہے۔

ع: ملسخوورہ دندان کا خاص مجرب سریع الاثر نسخہ ہے۔

زا: نیلہ تھوتھہ ماشہ ملسخوورہ، نمک سیاہ، طباشیر ہر ایک 4 ماشہ، دم الاخوین الائچی خورد، دارچینی ہر دو ماشہ، مازو، سپاری سوختہ ہر ایک ایک عدد۔

یب: تمام اجزا کوٹ پیس کر منجن بنالیں۔

ستعمال: حسب ضرورت صبح وشام استعمال کریں۔

## (107) دوائے درد داڑھ

ع: درد داڑھ اور درد دانت کے لئے عجیب الاثر ہے۔ درد خواہ کیڑا لگ جانے یا نزول وغیرہ سے ہو مجرب ہے۔

زا: عاقر قرحا اصلی، نوشادر، مرچ سیاہ ہر ایک تولہ تولہ، کافور 2 ماشہ۔

یب: سب کو پیس کر ملا کر خوب کھرل کرکے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

ستعمال: وقت ضرورت دانتوں پر دن میں دو تین بار ملیں۔

## (108) نسخہ دیگر

ع: دانتوں اور داڑھ کے درد کے لئے حضرت قبلہ استاذیم حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم کے ت سے ہے۔

اجزا: کافور بھنگڑی بریان، عقرقرحا اصلی، مرچ سیاہ، نوشادر ٹھیکری مازو ہر ایک 2 تولہ۔
ترکیب: سب کو الگ الگ پیس کر خوب کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔
استعمال: بوقت ضرورت درد کرنے والے دانت پر مل کر لعاب نیچے گراتے رہیں۔

## (109) دوائے درد دانت ہر قسم

منافع: درد دانت ہر قسم کو ازحد مفید ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔
اجزا: کونین سلفاس، چونہ سفید ہر ایک ماشہ ماشہ، نیلہ تھوتھہ رتی، مارفیا نصف رتی۔
ترکیب: سب ادویہ کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔
استعمال: درد کرنے والے دانت پر مل دیں اگر دانت میں سوراخ ہو تو قدرے روئی میں لپیٹ کر سوراخ میں رکھیں۔

## (110) اکسیر درد دندان

منافع: درد دندان کی آسان اور ارزاں اکسیر ہے۔ دانتوں کے ہر قسم درد کو منٹوں میں دفع کر کے صحت بخشتی ہے۔ مجرب ہے۔
اجزا: عقرقرحہ، زیرہ سفید، نمک لاہوری، اجوائن دیسی، نوشادر ہر ایک تین ماشہ، مرچ سیاہ دو ماشہ، بھنگڑی بریاں، خرمہرہ سوختہ ہر ایک 6 ماشہ، افیون سوختہ 4 رتی۔
ترکیب: سب کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔
استعمال: وقت ضرورت دانتوں پر ملیں۔

## (111) دانت چبانا

منافع: جو شخص رات کو نیند کے وقت دانت چباتا ہو اس کے لئے بہت مفید ہے۔ مقوی دماغ اور مقوی اعصاب بھی ہے۔ حافظہ کو طاقت بخشتی ہے۔ مجرب ہے۔
اجزا: مغز نارجیل یعنی گری کھوپا مسکہ گائے اکاس بیل ہر ایک 5 تولہ۔
ترکیب: تینوں ادویہ کوٹ کر نغدہ بنالیں اور کوزہ گلی میں بند کر کے آٹھ سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔
استعمال: ایک رتی مکھن کے ہمراہ استعمال کریں۔ بچوں کو دو چاول بھر مکھن میں ملا کر دیں۔

## (112) منجن برائے ورم لثہ

منافع: ورم لثہ (مسوڑھوں کے ورم) کے لئے نہایت ہی اکسیر ہے۔
اجزا: مازو، مائیں، بھنگڑی، نیلہ تھوتھہ، سہاگہ، نوشادر، مرچ سیاہ ہر ایک تولہ تولہ۔
ترکیب: سب کو الگ الگ پیس کر ملالیں۔
استعمال: دن میں دو تین مرتبہ مسوڑھوں پر لگا کر منہ ڈھیلا چھوڑ دیں۔

# مجربات امراض حلق و دہن

## (113) اکسیر استرخاء لہات

مرسلہ: جناب حکیم جمال الدین صاحب للیانوی کا عطیہ خاص ہے۔

نفع: استرخاء لہات (کوے کا لٹک جانا) کے لئے سینکڑوں دفعہ کا مجرب ہے۔ ایک دفعہ تجربہ کر کے دیکھیں۔

اجزاء: کتھ سفید' طباشیر' دانہ الائچی خورد' سروچینی' بھنگڑی سفید بریان ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: تمام ادویہ باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: بوقت ضرورت حلق میں کوے پر لگائیں۔

## (114) اکسیر قلاع

نفع: قلاع (منہ آنا) کی بہت مفید اور مجرب دوا ہے۔

اجزاء: طباشیر' کباب چینی' الائچی خورد' سنگجراحت' کافور' کتھ پاپڑیہ ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: تمام ادویہ جدا جدا کوٹ پیس کر خوب ملالیں۔

استعمال: دن میں دو تین بار مناسب مقدار منہ میں ملیں۔

## (115) حب بحتہ الصوت

نفع: یہ گولیاں بحتہ الصوت (گلا بیٹھنا) کے لئے مفید ہیں۔ ان کے استعمال سے آواز صاف ہو جاتی ہے۔

اجزاء: کیرا' نشاستہ' صمغ عربی' رب السوس' مغز کدو' مغز خیارین' نبات سفید ہر ایک برابر وزن۔

ترکیب: سب کو کوٹ چھان کر کنار دشتی کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: صبح' دوپہر و شام ایک ایک گولی منہ میں رکھ کر ان کا لعاب چوسیں۔

## (116) نسخہ دیگر

نفع: بحتہ الصوت اور نفث الدم کے لئے نہایت مفید ہے۔

اجزاء: تخم کتان تین تولہ' حلبہ' مغز بادام شیریں مقشر ہر ایک 14 ماشہ' کیرا' اصل السوس مقشر' مغز چلغوزہ' مغز' صمغ عربی ہر ایک 7 ماشہ' شہد حسب ضرورت۔

ترکیب: سب کو کوٹ چھان کر شہد اس قدر ملائیں کہ لعوق بن جائے۔

## (117) اکسیر آکلتہ الفم

نفع: جب مسوڑھے گل جائیں۔ مسوڑھوں سے خون بہتا ہو اور لب جھڑنے کا خطرہ ہو۔ پائیوریا کی

تکلیف بیزار کر رہی ہو ایسی نازک حالتوں میں یہ ذرور اکسیر کا کام دیتا ہے۔ نہایت مخفی صدر نسخہ ہے۔
اس سے تعفن دور ہو جاتا اور گوشت ٹھیک ہو کر دانت مضبوط ہو جاتے ہیں۔

**اجزاو ترکیب:** ہڑتال ورقیہ حسب ضرورت لا کر کھرل کریں اور شیر خوار لڑکے کے پیشاب میں زکر کے نئے کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے آگ دیں۔ جب گل حکمت سرخ ہو جائے نکال کر پیس لیں۔

**استعمال:** پہلے مسوڑھوں کو سرکہ سے صاف کریں پھر یہ ذرور مسوڑھوں پر لگائیں۔ دوائی لگا کر منہ کو کھلا چھوڑ دینا چاہیے۔ تاکہ لعاب باہر نکلے یہ ذرور حلق میں نہ جانا چاہیے۔

## (118) اکسیر خناق

**منافع:** خناق (ورم حلق) کو ایک روز میں انشاء اللہ مکمل آرام ہوتا ہے۔ خصوصاً خناق بلغمی کے لئے جس میں لیسدار گاڑھی رطوبت آلات حلق پر چمٹی ہوئی ہو نہایت مفید ہے۔ تمام بلغم قطع ہو کر نکل جاتا ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

**اجزاو ترکیب استعمال:** فلفل سیاہ، فلفل دراز، زنجبیل، تخم ہالیون، نمک سنگ، تخم ترب ہر ایک تولہ تولہ کوٹ چھان کر آب ادرک 6 تولہ، سرکہ خالص 3 تولہ ملا کر غرغرے کریں۔

## (119) کشتہ سکہ

**منافع:** سوزش حلق، تپ صفراوی والوں کو بے حد مفید و مجرب ہے۔ ہر قسم کا خون بند کرتا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** سکہ کے ٹکڑے کر کے کڑاہی آہنی میں پگھلا کر اس سے چھ گنا سفوف تج کی چٹکی ڈالتے جائیں اور ہرنولی کی لکڑی سے ہلاتے رہیں۔ جب تج ختم ہو گی سکہ کشتہ ہو جائے گا۔ صاف کر کے نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ استعمال کریں۔

## (120) حب برائے بدبوئے دہن

**منافع:** منہ کی بدبو کو رفع کر کے منہ میں خوشبو پیدا کرتی اور منہ کا ذائقہ عمدہ پیدا کرتی ہیں۔ آواز صاف کرتی ہیں۔ اگر پان میں رکھ کر استعمال کی جائیں تو گلہ صاف کرتی ہیں۔

**اجزا:** طباشیر 3 ماشہ، گل سرخ، صندل سفید، پوست ہلیلہ زرد ہر ایک 14 ماشہ، سپاری، کبابہ، لونگ، خولنجاں، عقرقرحا ہر ایک سات ماشہ، مشک خالص، کافور ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو باریک پیس کر عرق گلاب میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

**استعمال:** ایک گولی منہ میں رکھ کر چوستے رہیں۔ دن میں تین یا چار گولیاں استعمال کریں۔

# مجربات امراض سینہ و پھیپھڑہ

## (121) اکسیر دق

اسناد: تلمیذ رشید حکیم مولوی عمر حیات صاحب (فاضل دیوبند) ساکن دھنی کلاں ضلع گجرات پاکستان کا عطیہ خاص ہے۔ آپ کو حکیم کرم دین صاحب سے حاصل ہوا۔ حکیم صاحب کا مشہور اور مستند نسخہ ہے۔

منافع: تپ دق کا خاص مجرب اور سریع الاثر نسخہ ہے۔ ایک ہفتہ میں کافی فائدہ ہو جاتا اور دو ہفتہ میں آرام ہو جاتا ہے۔ گو نسخہ محنت طلب ضرور ہے مگر تپ دق جیسی عسر البرء مرض کے لئے نہایت مفید ہے۔

اجزاء و ترکیب: ابرک سیاہ محلوب کو 1 تولہ گدھی کے دودھ میں خوب تر کر کے کھرل کریں۔ جب قرص تیار ہو جائے ایک کوزہ گلی میں بند اور گل حکمت کر کے خشک ہونے پر ہوا سے بچا کر پانچ سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر ابرک نکال کر دوبارہ گدھی کے دودھ میں تر کریں اور کھرل کر کے قرص بنا کر حسب دستور سابق پانچ سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ اسی طرح ایک سو آنچ پوری کریں۔ پندرہ بیس آنچوں کے بعد کوزہ گلی تبدیل کر لیا کریں۔ جب سو آنچ پوری ہو جائے ابرک کھرل کریں۔

استعمال: صبح ایک رتی ہمراہ شربت مرکب تین تولہ، شربت لال اصلی ایک تولہ حسب منشاء پانی یا عرق گاؤزبان 10 تولہ ملا کر یا مکھن یا گلقند میں ملا کر دیں۔ گرم، ترش اور تیل دار اشیاء سے پرہیز ہے۔

## (122) اکسیر دق سل

اسناد: یہ نسخہ بھی حکیم صاحب ممدوح کا عطیہ خاص ہے۔

منافع: تپ دق اور سل کے درجہ اول و دوم میں مفید ہے۔ خاص مخفی صدری نسخہ ہے، بہت جلد اپنا اثر دکھاتا ہے۔ شائقین تیار کر کے فائدہ حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

اجزاء: ابرک سیاہ محلوب 10 تولہ، روغن بیخ مدار ایک بوتل۔

ترکیب: ابرک کو بھیڑی کے دودھ میں کھرل کر کے قرص بنا کر کوزہ گلی میں رکھ کر روغن مدار سے تر کریں۔ پھر گل حکمت کر کے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے کے بعد نکال کر دوبارہ بھیڑی کے دودھ میں کھرل کر کے قرص بنا کر کوزہ گلی میں رکھ کر روغن مذکور سے تر کریں اور کوزہ گلی میں بند اور گل حکمت کر کے خشک ہونے پر پانچ سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ اسی طرح آنچیں دیتے رہیں حتیٰ کہ ایک بوتل روغن بیخ مدار ختم ہو جائے۔ ہر بار پانچ سیر کی آگ دیں۔ کشتہ ابرک سیاہ عمدہ تیار ہو جائے گا۔ پیس کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: ایک رتی مسکہ یا ملائی میں رکھ کر صبح یا عصر کو استعمال کریں۔ گرم، ترش اور تیل دار اشیاء سے پرہیز کریں۔

## (123) سل دق کا مجرب آسان نسخہ

اسناد: حکیم محمد عبد الرحمٰن صاحب ساکن کوٹلہ مغلاں کا عطیہ خاص ہے۔

**منافع:** دق سل کا مجرب نسخہ ہے۔ ہفتہ عشرہ میں شفاء ہونی شروع ہو جاتی ہے۔ اس سے کئی مریضوں کو فائدہ ہوا ہے۔ اس سے کئی مریضوں کو فائدہ ہوا ہے۔ لطف کی بات یہ ہے کہ نہایت سہل ترکیب ہے۔ پرانے تپوں میں بھی مفید ہے۔

**اجزا:** ہڑتال گاؤدنتی 5 تولہ 'مین پھل چھ چھٹانک 'اپلا صحرائی 25 سیر۔

**ترکیب:** ہڑتال کے ٹکڑے کر کے رکھ لیں۔ مین پھل کوٹ چھان کر تھوڑا تھوڑا پانی ڈال کر گھوٹے جائیں۔ جب لیس پیدا ہو جائے اس کی دو ٹکیاں بنالیں۔ ایک ٹکیہ پر ہڑتال کے ٹکڑے فاصلہ سے رکھ کر اوپر دوسری ٹکیہ چپکا دیں اور ان کے لب ملا کر اوپر کپڑا لپیٹ کر خفیف گل حکمت کر کے خشک کر لیں پھر 25 سیر جنگلی اپلوں کی گڑھے میں آنچ دیں۔ سرد ہونے پر ہڑتال نکال کر باریک کھرل کر لیں۔ سفید براق کشتہ تیار ہو گا۔

**استعمال:** جس کے پھیپھڑے سے ابھی خون آرہا ہو اسے رات کو 4 رتی سے ایک ماشہ تک ایک تولہ گلقند میں رکھ کر کھلا دیں۔ اگر بعد میں بھی دو تین تولہ گلقند کھالے تو اچھا ہے۔ اوپر عرق کیوڑہ یا عرق گلاب آدھ پاؤ پلایا جائے۔ اگر خون نہ آرہا ہو تو یہی مقدار کشتہ ملائی میں کھلا کر اوپر سے دودھ گائے نیم جوش دادہ ایک پاؤ سے دو پاؤ تک یا جس قدر دودھ مریض ہضم کر سکے پلائیں۔ انشاء اللہ ہفتہ عشرہ تک فائدہ نظر آئے گا۔ جب تک مکمل شفا نہ ہو جائے کشتہ کا استعمال جاری رکھنا چاہیے۔ باقی پرہیز اور غذا وغیرہ معالج اپنی حسب منشا تجویز کر سکتا ہے۔

## (124) دق و سل کا دیگر طریق علاج

**منافع:** دق و سل کا مفید ترین مجرب علاج ہے۔ اس کے استعمال سے تپ 'کھانسی اور کمزوری کو بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔ دق کے جراثیم کا ازالہ کر کے نڈھال سے نڈھال اور کمزور سے کمزور مریض کی جان میں جان آجاتی ہے۔ عرق ماء اللحم گو مشکل ضرور ہے مگر بن جانے کی صورت میں طب جدید (ڈاکٹری) کی مروجہ دواؤں سے بدرجہا بہتر ثابت ہوا ہے۔ اہل غرض بوقت ضرورت اس عجیب طریق علاج سے ضرور مستفید ہوں۔

**اجزا و ترکیب:** ابریشم' آلو بخارا' گل سرخ' تخم کرفس' بادر نجبویہ' اسطوخودوس' برگ گاؤزبان' برگ شاہترہ' برگ پودینہ خشک' سورنجان شیریں ہر ایک دو دو تولہ' گل گاؤزبان' گل نیلوفر' گل سیوتی' گل خیرا' گل کرہل' گل نیم' گل انار' تخم خیارین' دارچینی' کباب چینی' بادیان' زیرہ سفید' درونج عقربی' سنانج' زرنب' سعد کوفی' سنبل الطیب' بوزیدان' خولنجان' مکو خشک' ثعلب مصری' شقاقل مصری' بہمن سفید' ستاور' موصلی سنبل' موصلی سیاہ' موصلی سفید' تودری زرد' تودری سرخ' حب بلسان' عود بلسان' اسارون' سلیخہ' ملٹھی' زعفران' عود غرقی ہر ایک تولہ تولہ برگ تنبول 400 عدد' چوب چینی' کشنیز مقشر' کشمش سبز' انجیر زرد ہر ایک ایک پاؤ' مویز منقی آب جوش (بڑا منقہ سرخ رنگ کا) خوبانی' ریوند چینی' آب انار ترش و شیریں' آب انگور ہر ایک دو دو پاؤ شہد خالص 8 سیر' مشک خالص ایک ماشہ' تیتر 15 عدد

20 عدد' جوان مرغ تین عدد' گوشت حلوان 12 سیر بدستور عرق کشید کریں۔
استعمال: شام کے وقت 5 تولہ عرق میں اسٹی لین دو یا تین قطرہ ملا کر پلایا جائے۔ صبح کوست گلو خالص ایک تولہ' کشتہ ابرک سیاہ ایک ماشہ' کشتہ ابرک سفید' کشتہ ہڑتال گئو دنتی' کشتہ ہڑتال ورقیہ' کشتہ فولاد ہر ایک تین ماشہ باہم ملا کر ایک ماشہ کی مقدار میں ہمراہ شربت عناب 3 تولہ' شیر بز 12 تولہ استعمال کریں۔
وقت سہ پہر بہدانہ 2 ماشہ' گل بنفشہ 6 ماشہ' سپستان 7 دانہ' گاؤزبان' ملٹھی' خاکشی ہر ایک 4 ماشہ پانی میں جوش دے کر مل چھان کر شربت اعجاز تین تولہ شامل کر کے پلائیں۔ اگر کھانسی کی شدت ہو تو حب سعال ایک یا دو منہ میں رکھ کر چوستے رہیں۔
نسخہ حب سعال: طباشیر' زعفران' زہر مہرہ کھرل شدہ ہر ایک 2 ماشہ' افیون ہر ایک 6 ماشہ' الائچی سفید' صمغ عربی' کیرا' خشخاش' شکر تیغال ہر ایک 1 ماشہ' رب السوس' بسبلسہ' جوزبوا' دار چینی ہر ایک ایک ماشہ سب کو کوٹ پیس کر پانی میں خوب کھرل کریں۔ اور نخود کے برابر حبوب تیار کریں۔

## (125) اکسیر ضیق النفس

اسناد: حکیم کرم الٰہی صاحب سکنہ پنج گرائیں ضلع جموں کا عطیہ ہے۔
منافع: ضیق النفس (دمہ) کے لئے نہایت مفید اور مجرب ہے۔
اجزا: سم الفار سفید دودھیہ بے چمک سالم ڈلی 2 تولہ' انڈا مرغی تازہ اسی دن کا' شیر گاؤ چھ لٹر۔
ترکیب: دودھ کڑہائی آہنی میں ڈال کر اس میں سم الفار اور انڈا سالم ایک عدد ڈال کر کڑہائی کے نیچے آگ بیری یا کیکر کی درمیانہ درجہ کی جلائیں۔ حتیٰ کہ دودھ کا کھویہ بن جائے پھر آگ سے اتار کر سرد کر کے انڈا نکال کر اس سے زردی علیحدہ کر کے رکھ لیں یہی زردی کار آمد ہے۔
نوٹ: کھوا کو زمین میں دفن کر دیں۔
استعمال: ایک چاول سے دو چاول تک یہ زردی منقہ میں لپیٹ کر پہلے کچھ ناشتہ کر کے پانی کے ساتھ نگل لیں۔ صرف دن میں ایک بار استعمال کرنا چاہئے۔ اس کے دوران استعمال میں دودھ جوش دیا ہوا اور گھی زیادہ استعمال کرنا چاہئے۔
غذا: شوربہ گوشت بز یا چوزہ مرغ یا مالیدہ یعنی چوری مرغن' شوربہ نخود' کدو' توری' پالک' ٹینڈے' خرفہ دلیہ گندم مرغن۔
پرہیز: ترش' بادی اور قابض اشیاء مثل چاول' لسی اچار سے پرہیز ہے۔ گوشت گائے مچھلی منع ہے۔ یاد رہے اگر مرض زیادہ اور کہنہ ہو تو پہلے قے کرا لیں۔
دوائے مقئی: کاہی سرخ تین ماشہ پیس کر کڑچھی آہنی میں ڈال کر اوپر شورہ قلمی 3 ماشہ ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پگھل کر پانی کی طرح ہو جائے تو گرم گرم ہی کھرل میں ڈالیں۔ جب سرد ہو جائے کھرل کریں۔ جب قے کرانی ہو دلیہ گندم میٹھا اور مرغن شکم سیر ہو کر کھالے پھر تھوڑی دیر کے بعد دوائے مقئی ایک سے 3 رتی تک کھانڈ سفید دانہ دار میں ملا کر ہمراہ دو گھونٹ پانی گرم دیں۔ اگر تلخی کرے اور گھبراہٹ ہو

تو کچی لسی پلائیں۔ قے شروع ہو جائے گی۔ اس کے بعد اسہال آئیں گے۔ دوسرے دن دوائے ضیق النفس مذکور دیں۔

## (126) نسخہ دیگر

**منافع:** ضیق النفس (دمہ) کے لئے ازحد مفید و مجرب ہے۔ نیا مرض تین چار دن میں اور کہنہ ہفتہ عشرہ میں رفع ہو جاتا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** حسب ضرورت چھوٹی چھوٹی مچھلیاں لے کر ایک برتن میں رکھیں۔ ان پر شیرمدار (آک) اس قدر ڈالیں کہ دو انگل اوپر آجائے پھر بند جگہ سایہ میں خشک کریں۔ بعدہ مٹی کے توے پر رکھ کر اوپر مٹی کا پیالہ اوندھا رکھ کر نیچے سرکنڈے وغیرہ کی سخت آگ جلائیں۔ جب مچھلیاں جل کر خاک ہو جائیں کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** 4 رتی بتاشہ یا کھانڈ میں رکھ کر کھائیں۔ بعد میں ایک سیر گرم دودھ پئیں۔ جس میں 5 تولہ گھی ملایا گیا ہو۔ آہستہ آہستہ حسب طاقت مریض بڑھاتے جائیں۔ صرف ایک وقت ناشتہ کے بعد استعمال کرنا چاہئے۔ گرم، ترش اور قابض تیل دار اشیاء سے پرہیز چاہئے۔

## (127) نسخہ دیگر

**اجزاو ترکیب:** بھنگ ہی پیس کر لوہے کی کڑچھی میں ڈال کر شیرمدار سے خوب تر کر کے آگ پر بریاں کریں تاکہ پھول ہو جائے پھر باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** 2 رتی سے 3 رتی تک صبح ناشتہ کے بعد مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔

## (128) اکسیر ضیق النفس بلغمی

**منافع:** یہ نسخہ دمہ بلغمی کو چند روز میں اپنا اثر دکھاتا ہے۔ علاوہ ازیں قوت باہ اور اعصابی امراض مثل فالج، لقوہ، گنٹھیہ وغیرہ کے لئے ازحد مفید ہے۔ ایک طبیب نے بڑے دعویٰ سے پیش کیا ہے۔ مجرب ہے۔

**اجزاو ترکیب:** برادہ تانبہ خالص ایک تولہ ڈنڈا تھوہر کے پانی میں چار پہر تک پختہ کھرل میں زوردار ہاتھوں سے کھرل کریں اور گولی بنا کر خشک کریں اور ڈنڈا تھوہر دس فٹ کے قریب لمبا لا کر اس میں سوراخ کر کے گولی تانبہ داخل کریں اور روئی آمیختہ مٹی سے کپڑا لتھیڑ کر سوراخ والی جگہ کو چاروں طرف سے خوب لپیٹ کر محکم کر دیں اور خشک کر کے بیس سیر مینگنی بز کے درمیان گڑھے میں آگ دیں۔ آٹھ یوم کے بعد جب آگ خوب سرد ہو جائے تانبہ کی گولی نکال کر پیس کر نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** ایک چاول بھر بتاشہ یا کھانڈ سفید میں رکھ کر اوپر گھی آمیختہ دودھ گرما گرم پئیں۔ گائے کے گوشت چاول، قند سیاہ، اچار، تیل وغیرہ مضر اشیاء سے پرہیز۔

## (129) شربت ضیق النفس

**منافع:** ضیق النفس (دمہ) بلغمی اور کھانسی بلغمی کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

**اجزا:** گل بنفشہ، زوفا، پرسیاوشان، مویز منقی، بیخ سوسن کوفتہ، ملٹھی خراشیدہ کوفتہ، لسوڑیاں کوفتہ ہر ایک 5 تولہ، گاؤزبان، خطمی، خبازی ہر ایک 2 تولہ کوئیہ ابریشم تین تولہ قند سفید تین پاؤ۔

**ترکیب:** سب ادویہ رات کو ایک سیر پانی میں تر کریں۔ صبح جوش دے کر جب ڈیڑھ پاؤ رہ جائے مل کر چھان لیں اور قند سفید ملا کر شربت تیار کریں۔

**استعمال:** تین تین تولہ صبح و شام عرق گاؤزبان چھ تولہ ملا کر نوش کریں۔

## (130) لعوق ضیق النفس بلغمی مجرب

**اجزا:** السی بریان 5 تولہ، ملٹھی خراشیدہ 2 تولہ، مغز بادام 10 تولہ، شہد 18 تولہ۔

**ترکیب:** ادویہ باریک پیس کر شہد میں ملا لیں۔

**استعمال:** ایک ایک تولہ صبح و شام استعمال کریں۔

## (131) نسخہ دیگر

**اجزا و ترکیب:** آرد جو شیر مدار میں تر کر کے قرص بنا کر خشک کر لیں اور گائے کے گھی میں بریاں کریں حتیٰ کہ سیاہ ہو جائے پھر پیس کر برابر کھانڈ ملا کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** دو ماشہ مکھن یا ملائی میں لپیٹ کر صبح استعمال کریں۔ پہلے کچھ ناشتہ کر لینا چاہئے۔

## (132) عرق شیر برائے سل دق

**منافع:** یہ نسخہ سل دق کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس کے علاوہ مالیخولیا مراقی کے لئے معمول و مجرب ہے۔ مرطب دماغ و بدن ہے۔ گرمی و خشکی زائل کرتا ہے۔ مصفی خون ایک طبیب کا عام دستور العمل ہے۔

**اجزا:** نیلوفر 10 تولہ، تخم مکو، بورہ صندل سفید، بورہ صندل سرخ، گاؤزبان، تخم کاہو، مغز کدو، تخم خرفہ، تخم خیارین ہر ایک 2 تولہ، تخم کاسنی، گل گاؤزبان، زہر مہرہ سائیدہ، طباشیر آسمانی ہر ایک تولہ تولہ کشنیز خشک ½ تولہ، گیرو 1 تولہ، برگ کاسنی، برگ کاہو، کدو تازہ ہر ایک 7 تولہ، عرق بید مشک ڈیڑھ بوتل عرق شاہترہ، عرق مکو ہر ایک ایک بوتل، شیر بز 15 سیر۔

**ترکیب:** حسب دستور عرق کشید کریں۔

**استعمال:** 6 تولہ صبح 6 تولہ عصر استعمال کریں۔

## (133) اکسیر نفث الدم

**اسناد:** عزیز حکیم محمد غوث صاحب کھوکھر بخاروی نے اپنا مجرب نسخہ عنائت کیا ہے۔ نسخہ فی الواقعہ آسان

اور عجیب الاثر ہے۔

**منافع:** نفث الدم (خون تھوکنا) کا سہل سریع الاثر اور مجرب نسخہ ہے۔ پہلے دن اپنا اثر دکھاتا ہے اور بے ضرر نسخہ ہے۔ کسی مزاج کو مضر نہیں پڑتا۔

**اجزا:** کیلشیم لیکٹیٹ، کشتہ گئودنتی، کشتہ سنگ جراح، کشتہ مرجان، کشتہ بارہ سنگا، کشتہ ابرک سفید، دم الاخوین، گیرو ہر ایک تولہ تولہ۔

**ترکیب:** آخری دونوں دوائیں پیسکر سب کو خوب کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** دو دو ماشہ صبح و شام تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کیا جائے۔

## (134) نسخہ دیگر

**منافع:** نفث الدم (خون تھوکنا) کے لئے نہایت مفید ہے۔ بول الدم، سوزش بول، سوزاک کو مفید ہے۔ کئی دفعہ کا تجربہ شدہ بے ضرر اصولی نسخہ ہے۔

**اجزا:** گل سرخ، طباشیر، گل ارمنی، گل مختوم، تخم خرفہ، شادنج عدسی مغسول، کہربا شمعی ہر ایک 5 ماشہ، صمغ عربی، گلنار، خشخاش سفید، رب السوس، اقاقیہ، مروارید با صدف سوختہ صندل سفید، صندل سرخ، انجبار، دم الاخوین زہر مہرہ خطائی، سودہ، مغز کدو، مغز خیارین، مغز تربوز ہر ایک تین ماشہ۔

**ترکیب:** سب دوائیں باریک کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

**استعمال:** تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت مندرجہ ذیل استعمال کرنا چاہئے۔

**نسخہ شربت:** انجبار، صندل سفید، صندل سرخ ہر ایک 7 تولہ، قند سفید 21 تولہ حسب دستور شربت تیار کریں۔

## (135) پرانی کھانسی کا مجرب نسخہ

**منافع:** کھانسی کہنہ کا سریع الاثر اور منتخب نسخہ ہے جس سے پہلے روز ہی فائدہ ہوتا ہے۔ اور چند روز میں کلی فائدہ ہو جاتا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** وائنم اپیکاک، ٹنکچر سلا ہر ایک 2 ڈرام، ٹنکچر کمفر کمپونڈ 4 ڈرام، سپرٹ کلوروفارم تین ڈرام، پانی بارہ اونس سب کو ایک شیشی میں جمع کر کے خوب ہلائیں تاکہ یک ذات ہو جائیں۔

**استعمال:** 2 تولہ صبح 2 تولہ دوپہر 2 تولہ شام شیشی کو ہلا کر پلایا کریں۔

## (136) حب اکسیر کھانسی کہنہ ودمہ

**منافع:** کھانسی کہنہ، دمہ بلغمی، نزلہ زکام بلغمی کے لئے مفید ہے۔ ضعف معدہ، ضعف اعصاب، اعصابی امراض، نزلہ کہنہ کی مجرب دوا ہے۔

**اجزا:** مٹھ تیلیہ، سیماب مصفی، آملہ سار، سہاگہ خام، کباب چینی، زنجبیل ہر ایک 7 ماشہ، فلفل دراز ہر ایک تولہ تولہ، چترہ 4 ماشہ، عقرقرحہ 11 ماشہ۔

ترکیب: سیماب اور آملہ سار کو باہم کھرل کر کے کجلی تیار کریں۔ باقی ادویہ باریک کوٹ کر چھان لیں پھر سب کو ملا کر آب برگ بھنگرہ میں کھرل کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں تیار کریں۔
استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ مضرات سے پرہیز کریں۔

## (137) اکسیر نمونیا

منافع: ذات الجنب' ذات الریح کی حکمی دوا ہے۔ اس کی پہلی دوسری خوراک سے فائدہ ہو جاتا ہے۔ بارہا تجربہ ہوا ہے۔
اجزا: جوہر لوبان کافور' افیون' زعفران' اسپرین کشتہ بارہ سنگا ہر ایک 3 ماشہ۔
ترکیب: سب کو باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔
استعمال: تین رتی ہمراہ دودھ گرم دن میں دو یا تین بار استعمال کی جائے۔

## (138) نسخہ دیگر

منافع: نمونیا و ذات الجنب کی سہل الحصول سریع التاثیر اکسیر ہے۔ تین خوراک سے کافی آرام ہو جاتا ہے۔
اجزا: افیون رتی' کیلومل' کشتہ بارہ سنگا ہر ایک 2 رتی۔
ترکیب: تینوں ادویہ کھرل کر کے اس کی تین پڑیاں بنا لیں۔
استعمال: ہر چار گھنٹہ کے بعد ایک پڑیہ گرم چائے کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (139) اکسیر ذات الجنب

منافع: یہ نسخہ ذات الجنب' نمونیہ' درد سینہ وغیرہ کو جلد نفع بخشتا ہے۔ معمول مطب ہے۔
اجزا: کشتہ بارہ سنگا ایک تولہ' افیون تین ماشہ' زعفران خالص 6 ماشہ۔
ترکیب: سب کو عرق گلاب میں کھرل کر کے اور خشک کر کے رکھیں۔
استعمال: نصف رتی شہد میں ملا کر دیں۔ ایسی تین خوراک یومیہ استعمال کریں۔

## (140) نسخہ دیگر سریع الاثر

اجزا: ملٹھی تیلیہ' زعفران ہر ایک 2 ماشہ' افیون 4 ماشہ۔
ترکیب: سب کو باریک کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: ایک رتی پانی 5 تولہ میں حل کر کے پلائیں اور بقدر ضرورت گرم پانی میں حل کر کے درد کی جگہ بھی ضماد کریں۔

## (141) نسخہ دیگر

اجزا و ترکیب استعمال: افیون ماشہ چونہ 4 ماشہ' شورہ قلمی 8 ماشہ باریک کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔ دو

ماشہ ہمراہ لسی خام دیں۔

## (142) کشتہ بارہ سنگا

**منافع:** یہ نسخہ نمونیا' ذات الجنب' درد سینہ و پشت وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ ایک دن میں آرام ہوتا ہے۔

**اجزا:** برادہ بارہ سنگا تین تولہ' شیر تھوہر ڈنڈا پانچ تولہ' اپلہ تین کلو۔

**ترکیب:** برادہ بارہ سنگا کو ایک پیالہ چینی یا مٹی میں ڈال کر شیر تھوہر ڈال دیں اور دھوپ میں رکھ دیں۔ دن میں دو بار ہلا دیا کریں۔ جب خشک ہو کوزہ گلی میں بند کرکے اپلے توڑ کر ان کے درمیان رکھ کر محفوظ الہوا جگہ آگ دے دیں۔ سیاہ رنگ کا کشتہ تیار ہو گا۔ پیس کر نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** ایک رتی کھانڈ میں ملا کر گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ پہلی دوسری حد تیسری خوراک سے آرام ہو جاتا ہے۔ ایک دن میں دو یا تین خوراک استعمال کرانی چاہیے۔ پانی کی بجائے آب نخود پلا دیں۔ جس میں نمک اور مصالحہ پلایا گیا ہو۔

## (143) اکسیر ذات الجنب مجرب

**اجزا و ترکیب:** مرغی کا انڈا ایک سال تک محفوظ جگہ رکھ دیں۔ بعدہ جو کچھ انڈے سے نکلے باریک پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** دو چاول منقہ یا پتاشہ میں رکھ کر کھلائیں بعد میں کوئی عرق یا پانی ایک دو گھونٹ پلا دیں۔

## (144) حب سعال خاص

**منافع:** کھانسی ہر قسم کا مجرب و معمول نسخہ ہے۔ نیز نزلہ زکام کو ازحد مفید ہے۔

**اجزا:** افیون 7 ماشہ' صمغ عربی 14 ماشہ' کندر میعہ سائلہ رب السوس ہر ایک 28 ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو باریک کرکے پانی میں کھرل کریں اور نخود سے قدرے چھوٹی گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام پانی کے ہمراہ نگل لی جائے۔

## (145) نسخہ دیگر

**منافع:** کھانسی کہنہ' کھانسی خشک' ضعف صدر اور ریہ کا عجیب الاثر نسخہ ہے۔ مجرب ہے۔

**اجزا:** صمغ عربی' بہدانہ شیریں' رب السوس اصلی' خطمی' کتیرا' تخم خشخاش' تخم خرفہ سیاہ' قند سیاہ کہنہ ہر ایک 5 ماشہ' مغز بادام شیریں' مغز باقلائے مقشر' مغز خیارین' مغز چلغوزہ ہر ایک 9 ماشہ۔

**ترکیب:** خشک ادویہ کوٹ کر شہد خالص حسب ضرورت ملا کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** ایک گولی دو گھنٹہ بعد منہ میں رکھ کر چوسیں۔

## (146) کشتہ افیون

منافع: کھانسی اور ضیق النفس کے لئے کثیر المنفعت کئی احباب کی معمول ہے۔

اجزا: افیون خالص ایک تولہ شیر مدار ایک پاؤ اپلے 5 سیر۔

ترکیب: افیون شیر مدار میں آمیز کر کے ایک کوزہ گلی میں بند کر کے چار مرتبہ گل حکمت کریں اور 5 سیر اپلا دشتی میں ہوا سے بچا کر پھونک لیں۔ جب سرد ہو پیس کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: ایک چاول پان میں رکھ کر استعمال کریں۔ اگر پان میسر نہ ہو سکے ملائی یا مکھن میں استعمال کریں۔

## (147) بخور برائے دمہ مجرب

اجزا و ترکیب: برگ دتورہ خشک' اجوائن دیسی' اجوائن خراسانی' ہلدی بھنگ خشک ہم وزن لے کر باریک سفوف بنائیں۔

استعمال: ایک چٹکی بھر انگاروں پر ڈال کر دھواں لیں یا حقہ میں رکھ کر بطور تمباکو پئیں۔ دورہ کی حالت میں استعمال کیا جائے تو نفع ہوتا ہے۔

## (148) حب سرفہ

منافع: سرفہ (کھانسی) ہر قسم کے لئے سریع الاثر مجرب ہے۔ تین یوم میں آرام ہو جاتا ہے۔ کئی احباب کا معمول نسخہ ہے۔

اجزا: آرد ملٹھی بے ریشہ 2 تولہ' افیون' مغز کشنیز ہر ایک 9 ماشہ' جائفل 6 ماشہ' زعفران ایک ماشہ۔

ترکیب: تمام ادویہ کا سفوف بنا کر آب برگ پان میں کھرل کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ آب خالص استعمال کریں۔

## (149) نسخہ دیگر

منافع: شدید کھانسی کے لئے جس سے رات کو نیند نہ آتی ہو مجرب و آزمودہ ہے۔ انشاء اللہ پہلے دن فائدہ ہوگا اور تین یوم میں کلی فائدہ ہو جاتا ہے۔

اجزا: افیون مالوی' زعفران' جدوار خطائی تلخ ہم وزن روغن بادام حسب ضرورت۔

ترکیب: ادویہ کھرل کر کے روغن بادام حسب ضرورت اضافہ کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔

استعمال: ایک گولی عصر ایک رات کو سوتے وقت ہمراہ پانی نگل لی جائے۔ مرغن مرطوب استعمال کریں۔

## (150) شربت شفا

**منافع:** تپ موسمی معہ سعال (کھانسی) کھانسی ہر قسم، تپ دق درجہ اول و دوم میں نہایت مفید ہے۔ بارہا کا مجرب خاص مستند نسخہ ہے۔

**اجزا:** گل بنفشہ، پرسیاؤشاں، تخم خطمی، تخم خبازی، بیہدانہ، زوفا، ملٹھی ہر ایک 2 تولہ، گل نیلوفر، عناب، لسوڑیاں، تخم خشخاش سفید ہر ایک تین تولہ، گاؤزبان ڈھائی تولہ، قند سفید ڈیڑھ کلو۔

**ترکیب:** حسب دستور شربت تیار کریں۔

**استعمال:** پانچ پانچ تولہ صبح و شام آب تازہ حسب ضرورت ملا کر استعمال کریں۔

## (151) حب نوازل

**منافع:** نزلہ دائمی اور کھانسی کہنہ کے لئے نہایت مجرب ہے۔

**اجزا:** تخم دھتورہ سیاہ تین ماشہ، تخم خشخاش سفید، طباشیر، صمغ عربی، بزرالبنج سفید، تخم کاہو، کوکنار، مغز حب الحلب ہر ایک 6 ماشہ، تخم خشخاش سیاہ ایک ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو باریک پیس کر پانی کی مدد سے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** صبح، دوپہر اور شام دو دو گولیاں منہ میں رکھ کر چوسیں۔

## (152) دیسی لال شربت

**اسناد:** دیسی لال شربت کا ایک نسخہ مجربات سلطانی حصہ دوئم میں درج ہو چکا ہے جو نہایت مفید ہے اور اس کی بہت احباب نے تصدیق کی ہے۔ یہ نسخہ اس سے جداگانہ طرز کا ہے جو بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ ہم نے اور ہمارے شاگردوں اور دوستوں نے اس کا بارہا تجربہ کیا نہایت زود اثر اور بے خطا پایا۔

**منافع:** سل، کھانسی ہر قسم، تپ دق، نزلہ، زکام ہر قسم کے لئے نہایت مفید ہے۔ پھیپھڑوں کی کمزوری، پرانی کھانسی، ضعف جگر، اختلاج القلب کے لئے مفید ہے۔ پہلے دن اپنا اثر دکھاتا ہے۔

**اجزا:** کوکنار، گاؤزبان، تخم کاسنی، ملٹھی، بورہ صندل سفید ہر ایک دو تولہ گلو خشک، برگ بانسہ، خشخاش سفید ہر ایک 5 تولہ، زوفا، تخم خرفہ، لسوڑیاں، گل بنفشہ ہر ایک تولہ تولہ، ٹنکچر سلا، ٹنکچر سینگا ہر ایک 8 ماشہ۔

**ترکیب:** خشک ادویہ نیم کوب کر کے رات بھر مناسب پانی میں تر کریں۔ صبح قرعہ انبیق کے ذریعہ ایک بوتل عرق کشید کریں پھر اس میں مصری ایک سیر ملا کر شربت تیار کریں۔ اخیر میں ہر دو ٹنکچر ملا کر ٹنکچر کوچی نیل اس قدر ملائیں کہ رنگ سرخ ہو جائے۔

**استعمال:** دو دو تولہ صبح اور عصر پانی یا کوئی مناسب عرق ملا کر استعمال کریں۔

## (153) نسخہ اکسیر کھانسی

**اسناد:** دارالصحت سلطانیہ میں ہمیشہ استعمال ہوتا ہے۔

**منافع:** کھانسی ہر قسم کا بہترین سریع الاثر نسخہ ہے۔ انشاء اللہ پہلے دن اثر دکھاتا ہے۔ مجرب المجرب ہے۔
**اجزا:** ایمونیا کارب 15 گرین' ایمونیا کلورائیڈ 20 گرین' وائنم اپیکاک 20 بوند' سپرٹ کلوروفارم 30 بوند' ٹنکچر کمفر کمپونڈ 45 بوند' ایکسٹریکٹ گلسرائز لیکوئیڈ ایک ڈرام' سیرپ ٹولو 2 ڈرام' آب خالص چار اونس۔
**ترکیب:** سب کو شیشی میں ملا کر خوب ہلائیں تاکہ یکجان ہو جائیں۔
**استعمال:** 2 تولہ صبح 2 تولہ شام شیشی ملا کر استعمال کریں۔

## (154) لعوق سعال ہر قسم

**منافع:** کھانسی ہر قسم کا مجرب المجرب اور معمول نسخہ ہے۔
**اجزا:** آرد ملٹھی' مکو سنگی' گھاں' شکر تیغال' کیرا' اتیس ہر ایک دو دو تولہ' شہد دو چند۔
**ترکیب:** سب کو کوٹ چھان کر شہد میں ملالیں۔
**استعمال:** حسب ضرورت دن میں تین چار دفعہ استعمال کریں۔

# مجربات امراض معدہ وامعاء ومقعد

## (155) دوائے بواسیر ہر قسم

**منافع:** بواسیر ہر قسم کی مفید ترین لاجواب دوا ہے۔ جو تجربہ میں کامیاب ثابت ہو چکی ہے۔
**اجزا:** سافٹ سوپ (ایک قسم کا نرم صابن ہوتا ہے جو انگریزی دوا فروشوں سے مل جاتا ہے) چھ ماشہ' قند سیاہ کہنہ (جو کم سے کم دس سالہ ہو) 5 تولہ' آملہ سار مصفی 4 تولہ' کشتہ فولاد 6 ماشہ' سفوف چھلکا ریٹھہ ایک تولہ' رسوت مصفی 5 تولہ' بادام روغن خانہ ساز حسب ضرورت۔
**ترکیب:** بادام روغن کے سوا باقی اشیاء ملا کر بادام روغن اس قدر ملائیں کہ معجون کی شکل بن جائے پھر ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔
**استعمال:** 1 ماشہ صبح 1 ماشہ شام گولیاں بنا کر پانی کے ہمراہ نگل لیا کریں۔
**پرہیز:** گرم' ترش' تیل دار بادی اور قابض اشیاء مثل گوشت' اچار' چاول' لال مرچ' بینگن' مسور وغیرہ سے پرہیز کریں۔
**ترکیب تصفیہ آملہ سار:** آملہ سار 8 تولہ پیس کر گھی سے چرب کریں اور آہنی کڑچھی میں گرم کریں۔ جب گل جائے ایک پیالہ چینی میں آدھ کلو شیر گاؤ ڈال کر اس کے منہ پر باریک کپڑا باندھ کر ڈال دیں۔ آملہ سار نیچے چلی جائے گی۔ تھوڑی دیر کے بعد اسے نکال کر دوبارہ پیس کر گھی ملا کر گرم کر کے دودھ میں ڈالیں۔ اسی طرح پانچ چھ دفعہ عمل کریں۔
**ترکیب تصفیہ رسوت:** رسوت خالص ایک پاؤ کوٹ کر آدھ سیر پانی میں تر کریں۔ چار پہر کے بعد اوپر

سے صاف پانی نتھار کر کڑاہی آہنی میں پکائیں۔ ثفل کو پھینک دیں۔ جب خشک ہو جائے اسے دوبارہ آدھ سیر پانی ملا کر چوبیس گھنٹے تک رکھ دیں۔ پھر اوپر سے زلال الگ کر کے پکائیں۔ ثفل کو پھینک دیں۔ پھر اسی طرح دو دفعہ دودھ گائے میں صاف کریں۔

**ترکیب کشتہ فولاد**: بورہ فولاد خالص حسب ضرورت ایک چینی کے پیالہ میں ڈال کر آب پھل جامن پختہ اس قدر ڈالیں کہ پانی دو انگل اوپر آجائے۔ پیالہ کو دھوپ پر رکھ دیں۔ اور دن میں دو بار ہلا دیا کریں۔ جب خشک ہو جائے دوبارہ آب جامن بدستور ملا کر خشک کر لیں اور پیس کر ایک چٹکی بھر پانی پر ڈالیں۔ اگر فولاد پانی پر تیر جائے تو تیار سمجھیں۔ ورنہ پھر آب ثمر جامن ڈالیں حتیٰ کہ پانی پر تیر جائے۔ بس تیار ہے۔ اگر جامن کا موسم نہ ہو تو اس دستور سے لعاب گھیکوار سے تیار کر لیں۔ یہ بھی ناممکن ہو تو عام کشتہ فولاد آبی جو تر بھلہ کے پانی، تربوز کے پانی انار لیموں وغیرہ کے ذریعہ تیار کیا گیا ہو شامل ترکیب کریں۔

## (156) حب قبض کشاء

**منافع**: یہ نسخہ قبض دائمی اور عارضی ہر قسم کے لئے مفید ہے۔ تبخیر کو نافع ہے۔ ریاح شکم، باؤ گولہ، درد شکم، اپھارہ، نفخ کے لئے عجیب الاثر ہے۔ تپ کو مفید ہے۔ بارہا کا مجرب ہے۔

**اجزاو ترکیب**: حنظل یعنی اندرائن پختہ شدہ تازہ پانچ کلو لا کر ان کے ٹکڑے کر کے سات کلو آب تازہ میں جوش دیں۔ جب ایک کلو کے قریب پانی رہ جائے آگ سے اتار کر اندرائن کو مل کر پھینک دیں اور پانی کو کپڑے میں چھان کر دوبارہ آگ پر رکھیں۔ جب قوام گاڑھا ہو جائے تربد موصوف 4 تولہ، ہلیلہ زرد 10 تولہ، زنجبیل بے ریشہ 4 تولہ باریک کوٹ چھان کر ملا دیں اور کونڈا ڈنڈا میں گھوٹ کر چنے کے برابر گولیاں تیار کر لیں اور خشک کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال**: ایک یا دو گولیاں پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (157) روغن مسہل خاص

**اسناد**: حکیم کرم الٰہی صاحب ساکن پنج گرائیں (جموں) کا عطیہ ہے۔

**منافع**: آتشک، خارش وغیرہ، خرابی خون کے تمام امراض کے لئے مفید ہے۔ سخت مزاجوں کے لئے عمدہ مسہل ہے۔ زیادہ گرمی گھبراہٹ پیدا نہیں کرتا۔ آزمودہ ہے۔ فقیروں سنیاسیوں کا نسخہ ہے۔

**اجزا**: مغز جمالگوٹہ، کافور دیسی ہر ایک 5 تولہ، شیر گائے چھ کلو۔

**ترکیب**: دونوں ادویہ کوٹ کر دودھ میں ملا کر رات کو ضامن لگا کر رکھ دیں۔ صبح حسب دستور اس کا مکھن حاصل کریں اور اس مکھن کو گرم کر کے صاف کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال**: تین قطرے دانہ الائچی کوفتہ یا چاول سونف کوفتہ یا کھانڈ میں ملا کر دیں۔ غذا کھچڑی مرغن یا دلیہ گندم مرغن ہونی چاہئے۔

## (158) حابس اسہال ہر قسم

**منافع:** اسہال ہر قسم جدید اور قدیم کے لئے اکسیر ہے۔ معمول مطب ہے۔

**اجزا:** کشتہ صدف مروارید، کشتہ پوست بیضہ مرغ ہر ایک تولہ تولہ، افیون 6 ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو پیس کر یکجان کرلیں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** 1 رتی مربہ آملہ میں ملا کر استعمال کریں۔ اگر زیادہ تکلیف ہو دن میں دو خوراک دینی چاہئے۔

## (159) اکسیر ریح البواسیر و مراق

**منافع:** ریح البواسیر اور مراق کی فوری اثر یقینی اکسیر ہے۔ اس مرض کے بہت نسخے ہیں۔ مگر ہر مزاج ہر حال میں فائدہ بخشنے والے کم دیکھنے میں آئے ہیں۔ ہر دوا کسی خاص حالت میں مفید ثابت ہوا کرتی ہے۔ اس نسخہ کا یہ خاصہ ہے کہ ہر حالت ہر درجہ اور ہر مزاج میں جلد فائدہ بخشتی ہے۔ تجربہ کے بعد حقیقت عیاں ہو گی۔ اس سے قبض کو خوب فائدہ ہوتا ہے۔ ریاح خارج ہوتے ہیں۔ بھوک خوب لگتی اور جسم میں چستی آتی ہے اور دو تین ہفتے کے استعمال کے بعد مریض کو کافی آرام ہو جاتا ہے۔

**اجزا:** انجیر زرد 4 عدد، گل بنفشہ 9 ماشہ، مویز منقی 9 دانہ، ملٹھی مقشر کوفتہ 17 ماشہ، روغن بادام خالص 6 ماشہ، مغز فلوس خیار شنبر (املتاس) ڈیڑھ تولہ۔

**ترکیب و استعمال:** پہلی چار ادویہ رات کو دو پاؤ پانی میں تر کریں۔ صبح اس قدر جوش دیں کہ پانی نصف رہ جائے پھر مل چھان کر مغز املتاس حل کر کے چھانی میں چھان کر روغن بادام اور مصری حسب ضرورت ملا کر نوش کریں۔ اگر قبض زیادہ نہ ہو تو مغز املتاس کا وزن کم کر دینا چاہئے۔ دوسرے وقت جوارش مالیخولیا مراقی نمبر 13 یا جوارش اکبر 6 ماشہ، ہمراہ افتیموں عرق گلاب وماء الجبن جس کا نسخہ مجربات سلطانی حصہ دوئم میں (طریقہ ماء الجبن) کے عنوان سے درج کیا گیا ہے۔ استعمال کرنی چاہئے۔ غذا، گاجر، مولی شلغم، توری سبز، کدو، گوشت بز وغیرہ اگر گندم کو پانی میں جوش دے کر خشک کر کے اور بریاں کر کے اس کا دلیہ قند سیاہ اور گھی ڈال کر پکا کر استعمال کیا جائے تو یہ سب سے اچھی غذا ہے۔ تمام قابض اور ریح پیدا کرنے والی اشیاء سے پرہیز ہے۔ جب کافی فائدہ ہو جائے اور مرض کی شدت نہ رہے اس وقت صرف نسخہ نمبر 34 مندرجہ طبی شہپارے یا جوارش مالیخولیا مراقی نمبر 13 طاقت اور تفریح کے لئے مفید پڑتے ہیں۔

## (160) حب اکسیر بواسیر ہر قسم

**اسناد:** شاگرد رشید حکیم ملک محمد غوث صاحب کھوکھر چک نمبر 156 ڈاک خانہ چک نمبر 30 تحصیل چنیوٹ ضلع جھنگ کا عطیہ خاص ہے۔

**منافع:** بواسیر ہر قسم کا مستند مجرب اور اعتباری نسخہ ہے۔ اس سے جگر کا فعل درست ہو کر بواسیری شکایات کی بیخ کنی ہو جاتی ہے۔ ریاح خارج ہوتے اور ہضم درست ہو جاتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ چالیس

روز تک استعمال کرنے سے مکمل شفاء ہو جاتی ہے۔ اسے بواسیر کا تریاق کہنا بے جا نہ ہو گا۔

**اجزا:** آملہ سار مصفی، رسوت مصفی، مغز تخم ریٹھہ، جو کھار ہر ایک تولہ تولہ، مغز تخم بکائن، مغز تخم نیم ہر ایک ڈیڑھ تولہ، کشتہ سون مکھی 9 ماشہ۔

**ترکیب:** سب ادویہ الگ الگ پیس کر پختہ کھرل میں ڈالیں اور آب مولی تازہ 1 پاؤ آب گکرونده ایک پاؤ سے یکے بعد دیگرے کھرل کر کے پانچ پانچ رتی کی گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** ایک گولی روزانہ صبح مکھن 5 تولہ میں رکھ کر نگل لیں۔

**پرہیز:** لال مرچ کم کھائیں۔ اچار، تیل، بینگن مسور، مچھلی، قند سیاہ، چاول، گوشت، میتھی وغیرہ تمام گرم ترش اشیاء سے پرہیز لازم ہے۔

**غذا:** پالک، کدو، توری، ٹنڈا، دال مونگ دال ماش وغیرہ زود ہضم غذائیں کھائیں۔

**ترکیب کشتہ سون مکھی:** ایک پاؤ برگ حنا کوٹ کر اس کے درمیان سون مکھی کی ڈلی رکھ کر اوپر کپڑا لپیٹ کر گل حکمت کر کے خشک کر لیں اور چار سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ سرخ رنگ کا کشتہ ہو گا۔ پیس کر کام میں لائیں۔

**آملہ سار اور رسوت مصفی کرنے کا طریقہ نسخہ نمبر 155 میں درج ہے۔**

## (161) اکسیر پیچش و سنگرہنی

**منافع:** پیچش و سنگرہنی تازہ اور کہنہ کے لئے مفید ہے۔ بشرطیکہ سدہ نہ ہو۔ تین دن میں شفاء ہو جاتی ہے۔ معدہ، جگر اور انتڑیوں کو طاقت دیتا ہے۔ گرم مزاج اور کمزور و نازک طبع مریضوں کے مناسب ہے۔

**اجزاو ترکیب و استعمال:** آب انار 6 تولہ میں الائچی خورد 3 ماشہ، پودینہ باغی 2 ماشہ کا شیرہ نکال کر اور چھان کر گرم کر کے پلائیں۔ اسی طرح ایک دن میں تین دفعہ تازہ تیار کر کے استعمال کریں۔ اگر سدہ ہو تو کسٹر آئل 4 تولہ، شیر گاؤ ایک پاؤ گرم شدہ میں ملا کر قدرے کھانڈ سفید ملا کر پلا دیں۔ جب اسہال ہو جائیں۔ بعد میں نسخہ شروع کریں۔

## (162) اکسیر کدو دانہ

**منافع:** کدو دانہ کی نہایت اکسیری دوا ہے۔ چند خوراک سے ہی کرم شکم (کدو دانہ) مر کے خارج ہو جاتے ہیں۔ مجرب ہے۔

**اجزا:** قلعی، کالا دانہ ہر ایک تولہ تولہ مصری 5 تولہ۔

**ترکیب:** قلعی کوٹ کر باریک پترہ بنا کر قینچی سے چاول کے برابر باریک باریک ٹکڑے بنا لیں۔ کالا دانہ اور مصری کو ملا کر سفوف کر لیں۔ پھر سب کو ایک کونڈہ ڈنڈہ میں خوب گھوٹیں تاکہ باریک سفوف بن جائے اور قلعی کا نشان نہ رہے۔

**استعمال:** روزانہ صبح کے وقت کوئی میٹھی چیز کھا کر چھ ماشہ دوائی ہمراہ دودھ شیریں شدہ استعمال کریں۔

اسی طرح تین چار دن تک استعمال کرنے سے کیڑے مرجائیں گے۔

## (163) نسخہ دیگر مسہل

**منافع:** کدودانہ اور کیچوے اور چھوٹے کرموں کے خراج کرنے میں مفید ثابت ہوئی ہے۔

**اجزا:** کمیلہ، برگ نیم خشک، بابڑنگ ہر ایک برابر وزن۔

**ترکیب:** سب کو کوٹ پیس کر سفوف بنالیا جائے۔

**استعمال:** روزانہ صبح کے وقت 2 ماشہ دوا میں 2 تولہ شہد خالص ملا کر استعمال کیا جائے۔

## (164) دواء القنب

**اسناد:** مشہور معالج حکیم غلام محی الدین صاحب مرحوم سکنہ جالپ علاقہ کوٹ مومن (شاہ پور) کا عطیہ خاص ہے۔ آپ کا معمول مطب مستند نسخہ ہے۔

**منافع:** اسہال جدید و کہنہ ہر قسم اور ہضم طعام کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ بہت احباب کا تجربہ شدہ ہے۔

**اجزا:** سیماب، آملہ سار، فلفل سیاہ، فلفل دراز، زنجبیل، زیرہ سیاہ، زیرہ سفید، ہینگ، نمک لاہوری، نمک سانبھر، نمک سیاہ ہر ایک 10 ماشہ برگ قنب بریان (بھنگ) ڈھائی تولہ۔

**ترکیب:** پہلے پارہ اور آملہ سار کو باہم ملا کر کھرل کر کے کجلی تیار کریں۔ بعدہ باقی ادویہ کا سفوف ملا کر خوب کھرل کر لینا چاہئے۔ برگ بھنگ کو نرم آنچ پر بریاں کیا جائے تاکہ جلنے تک نوبت نہ پہنچے۔

**استعمال:** ایک ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ رب بہی یا شربت حب آلاس یا شربت انار استعمال کریں۔

## (165) اکسیر سنگرہنی

**منافع:** سنگرہنی کے دستوں کی بہت مستند اور مفید و مجرب دوا ہے۔ متعدد مریضوں پر تجربہ ہو چکا ہے۔ کبھی بے اثر ثابت نہیں ہوئی۔ پہلے دوسرے روز ہی فائدہ معلوم ہوتا ہے۔ آپ کو اس کا تجربہ ضرور کرنا چاہئے۔

**اجزا:** اندرجو، مغز تخم کدو، مصطگی، طباشیر، سونف بریاں ہر ایک تولہ تولہ، گل دھاوہ، بھنگ سوختہ ہر ایک دو دو تولہ، پوست ساق، افیون مصفی ہر ایک تین تین ماشہ، کچلہ مدبر 6 ماشہ، کشتہ فولاد ایک تولہ۔

**ترکیب:** سب کو باریک کوٹ کر سفوف تیار کریں۔

**استعمال:** ایک ایک ماشہ صبح و شام دہی کے ساتھ استعمال کریں۔

## (166) جوارش انگوزہ خاص

**اسناد:** یہ نسخہ ایک فاضل طبیب کا تمام عمر معمول رہا ہے۔

**منافع:** ریح البواسیر اور مراق کا مستند نسخہ ہے۔ اعلیٰ درجہ مقوی معدہ اور ریح شکن نیز قبض کشاء اور

ہاضم طعام ہے۔ مفرح، مقوی اعضاء رئیسہ ہمہ صفت موصوف بے ضرر ہر مزاج کے موافق مجرب المجرب ہے۔ ضعف معدہ و امعاء کے لئے نہایت فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔

**اجزا:** مربہ آملہ، مربہ ہلیلہ ہر ایک تین عدد، مربہ بہی ایک عدد، رب ہلیلہ 7 تولہ، رب آملہ 5 تولہ، گل سرخ، گل سیوتی، فلفل سیاہ، دار چینی ہر ایک تین ماشہ، الائچی خورد، پودینہ، سنبل الطیب، گل گاؤزبان، مرچ سفید، زیرہ سفید، مصطگی رومی ہر ایک 5 ماشہ، الائچی کلاں، کشنیز خشک، زنجبیل ہر ایک 7 ماشہ، زیرہ سیاہ 9 ماشہ، انگوزہ خالص ایک تولہ، ٹکیہ پیپر منٹ تین تولہ، عرق گلاب، قند سفید ہر ایک 15 تولہ۔

**ترکیب:** مربہ جات کی گٹھلیاں نکال کر گھوٹ لیں۔ خشک ادویہ کوٹ پیس کر سفوف بنالیں۔ قند سفید اور رب کا گلاب میں قوام بنا کر سفوف و مربہ جات ملالیں اور مرتبان میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** سات ماشہ سے تولہ تک عرق سونف و عرق پودینہ کے ہمراہ صبح و شام استعمال کریں۔

## (167) مسہل عجیب

**منافع:** قولنج، قبض شدید اور سخت مزاجوں کے لئے نہایت عمدہ مسہل ہے۔

**اجزا و ترکیب:** مغز جمالگوٹہ مدبر ایک تولہ، قند سفید 8 تولہ، دونوں ملا کر کھرل کریں۔

**استعمال:** دو رتی تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ سخت مزاج کو چار رتی دینا چاہئے۔

## (168) نسخہ دیگر

**منافع:** بے ضرر ہر مزاج کے موافق ہر عمر میں بلا خوف و خطر استعمال ہو سکتا ہے۔ خصوصاً نازک مزاج امراء وغیرہ کے لئے نہایت عمدہ ہے۔ قے متلی اور گھبراہٹ وغیرہ مطلق نہیں ہوتی۔ اس کا ہر مطب میں تیار رہنا ضروری ہے۔ تمام مسہل نسخہ جات سے اعلیٰ ہے۔ کھانے میں آسان ہے۔ اس سے کسی قسم کی بدبو وغیرہ نہیں آتی۔ مجرب المجرب ہے۔

**اجزا:** جلابہ نہایت عمدہ "جو ہلکا اور کرم خوردہ نہ ہو" 6 تولہ، سقمونیا ولائتی اصلی 2 تولہ، کیلومل ایک تولہ، بادام روغن خانہ ساز عمدہ چھ تولہ۔

**ترکیب:** جلابہ اور سقمونیا کو الگ الگ پیس کر کیلومل ملا کر کھرل کریں۔ بعدہ بادام روغن ملا کر خوب کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** تین ماشہ سے چار ماشہ تک ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ بچوں کو حسب عمر دینا چاہئے۔

## (169) اکسیر ہیضہ

**منافع:** ہیضہ کی ہر حالت اور ہر درجہ میں اکسیر ثابت ہوئی ہے۔ بارہا تجربہ ہوا ہے۔ بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔

**اجزا و ترکیب:** آب چونہ تین حصہ، سرکہ خالص ایک حصہ ملا کر بوتل میں ڈال کر خوب ہلائیں اور محفوظ رکھیں۔ اگر تازہ تیار کر کے دیا جائے تو زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔

استعمال: تھوڑا تھوڑا پانی کی جگہ پلاتے رہیں۔

# مجربات امراض جگر و طحال

## (170) اکسیر فولاد

**اسناد:** شاگرد و برادر حکیم محمد غوث صاحب کھوکھر چک نمبر 152 تحصیل چنیوٹ ضلع جھنگ کا معمول مطب و عطیہ خاص ہے۔ ان کے مطب میں ہر وقت تیار رہتا ہے اور عجیب و غریب نسخہ ہے۔

**منافع:** ضعف جگر، نقرالدم (کمی خون) گرمی جگر، یرقان، بھس، سوءالقنیہ، ضعف معدہ و قلب گرمی جگر کی بابا اکسیر ہے۔ خون صالح پیدا کر کے بدن کو سرخ کر دیتا ہے اور خوب طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔ دل دھڑکہ، کمزوری عامہ، کمزوری بدن، جریان کو مفید ہے۔ بارہا کا مجرب ہے۔

**اجزا و ترکیب:** برادہ فولاد اصلی 20 تولہ کو ہاتھی سونڈی بوٹی کے پانی میں کسی چینی یا مٹی کے برتن میں تر کریں۔ پانی فولاد سے ایک انگل بھر اوپر آ جائے۔ جب خشک ہو جائے اسی طرح آب انار ترش اور جامن اور لیموں کے رس میں تر و خشک کریں پھر پیس کر ایک چٹکی بھر لے کر پانی پر ڈالیں۔ اگر پانی پر تیر جائے تو بہتر ورنہ ایک یا دو بار پھر جامن کے رس میں تر و خشک کریں تاکہ پانی پر تیر جائے۔ بس تیار ہے۔ تیار شدہ کشتہ فولاد سے چار تولہ لے کر طباشیر، دانہ الائچی خورد ہر ایک دو تولہ، ورق نقرہ ایک تولہ پیس کر ملا کر رکھ لیں۔

**استعمال:** چار رتی صبح مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کریں۔ گرم، ترش اور تیل دار اشیاء سے پرہیز چاہئے۔

## (171) معجون اکسیر جگر

**اسناد:** حکیم صوفی محمد بخش صاحب ستیانہ ضلع جھنگ کا معمول و عطیہ خاص ہے۔

**منافع:** جگر کی کمزوری کا عجیب علاج ہے۔ یرقان، کمی خون، ضعف جگر و معدہ، دم پھولنا، رنگ کا زرد اور بے رونق ہونا، ضعف ہضم، کمزوری بدن وغیرہ شکایات جگر و معدہ کا خاص مستند نسخہ ہے۔ اس سے بھوک خوب چمکتی ہے اور کھایا پیا خوب ہضم ہو کر چند دنوں میں ہی بدن کی حالت اچھی ہو جاتی ہے۔ فعل انہضام کو خوب طاقت دیتی ہے۔ خون وافر پیدا ہوتا اور چہرہ کی زردی سرخی سے تبدیل ہو جاتی ہے اور بدن طاقتور ہو کر بارونق ہو جاتا ہے۔ بارہا کا مجرب ہے۔

**اجزا:** خبث الحدید مدبر 8 تولہ، پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، پوست آملہ، زنجبیل، کشنیز خشک، دانہ الائچی خورد، مغز بادام، مغز نارجیل، مغز کدو ہر ایک چار تولہ، رب بہی، رب سیب، رب آملہ، رب ہلیلہ ہر ایک 5 تولہ، دیسی گھی 30 تولہ، شہد خالص 50 تولہ۔

**ترکیب:** خشک ادویہ باریک کر لیں۔ چاروں رب قلعی شدہ دیگچی میں ڈال کر گھی اور شہد ملا کر قوام درست کریں اور خشک ادویہ کا سفوف ملا کر نیچے اتار لیں۔ زیادہ جوش نہیں دینا چاہئے۔

**استعمال:** ایک ایک تولہ صبح و شام دودھ گائے کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (172) شربت فولاد

**منافع:** خون صالح پیدا کرتا' مقوی اعصاب' بدن کو طاقت دیتا ہے۔ یرقان' کمی خون' جریان' گرمی اور ضعف جگر کو بے حد فائدہ بخشتا ہے۔ معدہ' جگر' انتڑی کو طاقتور کر کے بھوک خوب پیدا کرتا ہے۔ اس کی ترکیب نہایت جامع ہے۔ اس سے بہت مریضوں کو فیض پہنچا ہے۔ جو لوگ خزانہ منی بوجہ جلق وغیرہ ضائع کر چکے ہوں انہیں محرک دواؤں سے پہلے یہ شربت استعمال کرانا چاہئے۔

**اجزا:** برادہ فولاد' رس جامن' سرکہ انگوری' دوغ گاؤ ہر ایک 10 تولہ' ترپھلہ کوفتہ 20 تولہ' الائچی خورد کوفتہ 5 تولہ' گوکھرو کوفتہ' کچلہ مدبر' گلو خشک کوفتہ ہر ایک 2 تولہ۔

**ترکیب:** لوہے کی کڑاہی کو اینٹ کے ٹکڑے سے خوب صاف اور چمکدار کریں اور سب اجزا اس میں ڈال کر رکھ دیں۔ دن میں دو تین دفعہ لوہے کے دستہ سے ہلا دیا کریں۔ آٹھ دن کے بعد چھ لٹر شیر گاؤ شامل کر کے قرعہ انبیق سے تین لٹر عرق کشید کریں۔ اور اس عرق میں رتن جوت تین تولہ کوفتہ ڈال کر دو گھنٹہ تک رکھ دیں۔ پھر کپڑے میں چھان کر چار کلو مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

**استعمال:** یرقان کے لئے 2 تولہ شربت کو چھاچھ میں ملا کر پئیں۔ ورم جگر کے لئے آب برگ کاسنی سبز 10 تولہ' آب برگ مکو سبز 10 تولہ میں ملا کر استعمال کریں۔ قوت باہ کے لئے عرق ابریشم یا عرق ماء اللحم کے ساتھ جریان کے لئے لعاب بہدانہ کے ہمراہ عظم طحال کے لئے دو تولہ شربت میں تیزاب گندھک ولائتی' تیزاب شورہ ولائتی تین تین قطرے عرق سونف 10 تولہ ملا کر گرمی جگر اور ضعف جگر وغیرہ کے لئے پانی ملا کر استعمال کرنا چاہئے۔ اس کے ساتھ دودھ' گھی بقدر ہضم ضروری استعمال کیا جائے۔

## (173) عرق اکسیر طحال

**منافع:** عظم طحال یعنی بڑھی ہوئی تلی کا نہائت سریع الاثر بہت آسان اور ارزاں اکسیری نسخہ ہے۔ سات یوم میں انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو جاتی ہے اور بالکل بے ضرر ہر مزاج کے موافق ہے۔ نازک اور گرم مزاجوں کے لائق ہے۔ جن کو ڈاکٹری دواؤں سے تکلیف ہوتی ہو۔ بارہا کا مجرب ہے۔

**اجزا:** نوشادر ٹھیکری' آب اکاس بیل یعنی افتیموں دیسی آب لیموں ہر ایک 10 تولہ۔

**ترکیب:** تینوں ادویہ ایک بوتل میں ڈال کر رکھیں۔ دن میں تین چار بار ہلاتے رہیں اور کارک نرم رکھیں۔ چار دن کے بعد کارک مضبوط لگا کر ایک جگہ رکھ دیں۔ اکیس دن کے بعد سے سیاہ پانی نتھار کر علیحدہ شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** دس دس بوند صبح و شام بتاشہ یا کھانڈ سفید پر ڈال کر استعمال کریں۔ تمام تیل دار بادی اور قابض اشیاء سے پرہیز ہے۔ غذا نرم اور زود ہضم ہونی چاہئے۔

## (174) ضماد برائے عظم طحال

اسناد: حکیم محمد حنیف صاحب جلالپوری کا معمول و عطیہ خاص ہے۔

منافع: عظم طحال و ورم طحال کا نہایت موثر و مفید ضماد ہے۔ عموماً ایک دفعہ کے استعمال سے فائدہ ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

اجزا: سیسہ (سکہ) پارہ ہر ایک 4 تولہ، آہک آب نادیدہ آٹھ تولہ۔

ترکیب: سیسہ کو کڑچھے میں گداز کر کے نیچے اتار کر پارہ ڈال دیں۔ گرہ بن جائے گی۔ اسے پیس کر چونہ ان بجھ تازہ ڈال کر خوب کھرل کر کے کپڑ چھان کر لیں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: ایک تولہ کے قریب دوا لے کر سفیدی بیضہ مرغ دو عدد میں ملا کر لٹھہ کا کپڑا طحال کے مطابق کتر کر اس پر یہ ضماد لگا کر گرم کر کے طحال پر چسپاں کر دیں اور طحال کو پہلے کسی روغن سے چپڑ لینا چاہئے۔ جتنا ورم کم ہوتا جائے گا اس جگہ سے کپڑا اترتا جائے گا۔ اسے کتر دیا کریں۔

## (175) اکسیر الکبد

اسناد: حکیم محمد غوث صاحب بخاروی چک نمبر 156 (جھنگ) کا مجرب و معمول ہے۔

منافع: ضعف جگر، عظم جگر کی صحیح معنوں میں اکسیر ہے۔ نفخ، سوء ہضم، کمی اشتہاء، تپ کہنہ جو جگر اور معدہ کے نقص سے ہوں۔ معدہ کے نقص کمی خون وغیرہ کی قلیل الاجزا کثیر المنفعت اکسیر ہے۔ ہر مطب میں تیار رہنے کے قابل مجرب نسخہ ہے۔

اجزا: نوشادر ٹھیکری، ریوند خطائی، شورہ قلمی ہر ایک دو دو تولہ۔

ترکیب: تینوں ادویہ کوٹ پیس کر سفوف بنا لیں۔

استعمال: تین رتی عرق سونف، عرق کاسنی، عرق مکو، عرق گلاب ہر ایک 2 تولہ کے ہمراہ دن میں ایسی دو خوراک استعمال کرنی چاہئے۔

## (176) معجون اکسیر جگر

منافع: ضعف جگر، کمی خون کی قابل قدر دوا ہے۔ اس سے جگر کا فعل درست ہو کر خون صالح بکثرت پیدا ہوتا ہے اور بدن طاقتور ہوتا ہے۔ معدہ طاقتور ہو کر قوت ہضم بڑھ جاتی ہے۔ بواسیر خونی و بادی کو مفید ہے۔ عجیب الاثر مجرب نسخہ ہے۔ مقوی باہ بھی ہے۔

اجزا: پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، آملہ، ہلیلہ سیاہ، دارچینی، لونگ، بالچھڑ، چترہ، سعد کوفی، تج، الائچی کلاں، فلفل دراز، فلفل سیاہ، اجوائن دیسی، جاوتری، زنجبیل سوئے، تخم گندنا، زیرہ سیاہ ہر ایک تولہ تولہ کشتہ فولاد دیسی تیار شدہ تمام دواؤں کے ہم وزن شہد خالص سہ چند۔

ترکیب: تمام ادویہ باریک کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر معجون تیار کر لیں۔

استعمال: چھ ماشہ سے ایک تولہ تک صبح یا شام دودھ کے استعمال کریں۔

## (177) عرق برائے طحال

**منافع:** عظم طحال تلی بڑھ جانے کی بے خطا اکسیر ہے۔ اس کے علاوہ ضعف جگر سوء القنیہ، استسقاء ورم طحال سدہ جگر، نفخ و ضعف معدہ کے لئے نہایت عجیب الاثر دوا ہے۔ تلی کے عام نسخوں کی طرح گرم نہیں۔ ہر مزاج کے موافق آجاتا ہے۔

**اجزا:** راکھ برگ جھاؤ چھ سیر، برادہ آہن ایک پاؤ، گنیشیا 2 پاؤ، آب جامن، آب برگ پودینہ ہر ایک 2 لٹر، نوشادر ٹھیکری سہاگہ، لوٹہ کھار، جو کھار ہر ایک پانچ تولہ ہیرا کسیس، کونین سلفاس ہر ایک تولہ تولہ سلفیورک ایسڈ پیور 2 تولہ، پانی 8 لٹر۔

**ترکیب:** کوٹنے والی ادویات کوٹ کر سب کو ایک مٹی کے برتن میں ڈال کر منہ بند کر کے رکھ دیں۔ بیس یوم کے بعد اس کا زلال نتھار کر بوتلوں میں بھر لیں۔

**استعمال:** صبح، دوپہر، شام ایک ایک اونس پلائیں۔

**غذا:** نرم ہو، دودھ اور گھی استعمال کرنا ضروری ہے۔ ثقیل، قابض اور تیل دار غذاؤں سے پرہیز ہے۔

## (178) دوائے یرقان

**منافع:** یرقان زرد اور سیاہ کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔ اکثر اوقات ایک ہفتہ میں ہی حکمی شفاء بخشتی ہے۔

**اجزا و ترکیب:** پھٹکڑی سفید، توے پر بریاں کر کے پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** پہلے دن ایک چٹکی دوسرے دن دو تیسرے دن تین چٹکی دہی کے ہمراہ استعمال کریں۔ تین دن کے بعد تین چٹکیاں روزانہ استعمال کرتے رہیں۔

## (179) عرق طحال

**اسناد:** شاگرد رشید حکیم محمد منظور صاحب ساکن بخاری کا مشہور اور منتخب معمول و عطیہ خاص ہے۔

**منافع:** بڑھی ہوئی تلی کو سکیڑنے کے لئے نہایت اکسیر ہے۔ عظم جگر، صلابت جگر، ورم جگر، ورم طحال، پیٹ کا بڑھ جانا، کمی خون کے لئے نہایت مشہور و معروف نادر تحفہ ہے۔ بدن کو سرخ اور طاقتور بناتا ہے۔ مجرب ہے۔

**اجزا:** کونین فولادی ولائتی، ہیرا کسیس ہر ایک 6 ماشہ ایمونیم کلورائیڈ 15 ماشہ، سلفیورک ایسڈ ڈل 240 بوند، عرق گلاب خالص ایک بوتل سالٹ ایک پاؤ، کونین سلفاس 6 ماشہ۔

**ترکیب:** کونین سلفاس میں قدرے عرق گلاب ملا کر حل کریں۔ پھر سلفیورک ایسڈ ڈال دیں۔ جب کونین خوب حل ہو جائے سب اشیاء کو بوتل میں ڈال کر نصف بوتل عرق گلاب ملا کر خوب ہلائیں۔ تاکہ سب ادویہ یک ذات ہو جائیں پھر بوتل کو عرق گلاب سے پر کر لیں۔

**استعمال:** 2 تولہ صبح 2 تولہ شام غذا سے بعد بوتل کو ہلا کر پی لینا چاہئے۔ اگر تکلیف زیادہ ہو تو دن میں

یں دفعہ استعمال کیا جائے۔ غذا مونگ کی کھچڑی' دلیہ گندم دودھ گھی ضرور استعمال کیا جائے۔

# مجربات امراض قلب

## (180) دواء لمسک معتدل

اسناد: دار الصحت سلطانیہ للیانی میں اکثر تیار رہتی ہے۔

منافع: خفقان اور غشی کے لئے نہایت مفید ہے۔ دق و سل کو نفع بخشتی ہے۔ مراق' تبخیر' توحش' ضعف جگر' معدہ و امعاء و قلب کے لئے مفید ہے۔ بارہا کا مجرب آسان و قابل قدر نسخہ ہے۔

اجزا: مروارید ناسفتہ' کہربا شمعی' بسد سرخ' ابریشم خام ہر ایک 4 ماشہ' طباشیر کبود' گل سرخ' کشنیز خشک ہر ایک 8 ماشہ' مشک خالص 4 رتی' شربت سیب 8 تولہ۔

ترکیب: مروارید کو روح کیوڑہ میں کھرل کریں۔ باقی اجزا باریک پیس لیں پھر سب کو ملا کر خوب کھرل کر کے شربت ملا کر مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: چار چار ماشہ صبح و شام استعمال کریں۔

## (181) خمیرہ اکسیر قلب

منافع: خفقان' ضعف قلب کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس کے علاوہ مالیخولیا مراقی' اختناق الرحم' ضعف دماغ کے لئے بھی ازحد مفید ہے۔ بارہا کا مجرب اور معمول ہے۔

اجزا: آب سیب شیریں' آب انار شیریں' آب امرود شیریں' آب انگور شیریں ہر ایک ڈیڑھ پاؤ عرق گلاب خالص' عرق کیوڑہ ہر ایک 10 تولہ' قند سفید 2 پاؤ' طباشیر نقرہ' کہربا اصلی' مروارید ناسفتہ' سنگ یشب' لعل بدخشاں' یاقوت رمانی' ورق نقرہ' ورق طلا ہر ایک تین ماشہ' عنبر اشہب' کافور ہر ایک ماشہ لیں۔

ترکیب: چاروں میوہ جات کے پانی اور عرقیات و مصری ملا کر قوام تیار کریں۔ پھر باقی اشیاء کا سفوف ملا کر حسب دستور گھوٹ کر خمیرہ بنا لیں۔ اور شیشہ یا چینی کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: چار چار ماشہ صبح و شام استعمال کریں۔

## (182) مفرح دلکشاء

اسناد: حکیم ہربنس لال صاحب مستند بھوپندر اطبیہ کالج پٹیالہ کا معمول و عطیہ خاص ہے۔

منافع: ضعف معدہ' جگر' قلب' دماغ' ضعف اعصاب کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ اعضاء و قوئی کو طاقت دیتا ہے۔ مالیخولیا مراق کو مفید ہے۔ وحشت وسواس اور تبخیر کو نافع ہے۔ تفریح پیدا کرتا ہے۔ ہر طور پر جہاں تقویت اعضاء رئیسہ اور تفریح مطلوب ہو نہایت فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔ لطف یہ کہ اس کی ترکیب آسان ہے۔ اجزاء قیمتی نہیں۔ فائدہ میں بھی عجیب الاثر ہے۔ اس کا ہر مطب میں تیار رہنا

ضروری ہے۔ بیماری کے بعد کمزوری کو جلد زائل کرتا ہے۔ بخاروں اور گرم بیماریوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

**اجزا:** شاہترہ' بادرنجبویہ' گل گاؤزبان' بہمن سفید و سرخ ہر ایک ڈھائی ماشہ' لاجورد مغسول' طباشیر' گل مختوم' کشتہ مرجان' زعفران' درونج عقربی' کبابہ' زرنب ہر ایک سات ماشہ پوست ہلیلہ کابلی' ابریشم مقرض پوست بیرون پستہ دانہ الائچی خورد ہر ایک ساڑھے چار ماشہ' بسد' کہربا' مروارید ناسفتہ ہر ایک 2 ماشہ 2 رتی' عود ماشہ یاقوت سرخ' ورق نقرہ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ' شربت انار خالص 48 تولہ۔

**ترکیب:** مروارید' لاجورد یاقوت کو عرق بید مشک میں نصف گھنٹہ تک کھرل کریں۔ دیگر خشک ادویہ باریک پیس لیں پھر سب کو ملا کر خوب کھرل کر کے شربت میں خوب مخلوط کریں اور شیشہ یا چینی کے برتن میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان یا دودھ گائے وغیرہ استعمال کریں۔

## (183) اکسیر تقویت قلب و خفقان

**منافع:** تقویت قلب اور خفقان کے لئے نہایت موثر و مفید ثابت ہوا ہے۔

**اجزا:** یاقوت رمانی تین ماشہ' ورق طلا' عقیق ہر ایک ماشہ ماشہ' سنگ یشب ڈیڑھ ماشہ' زہر مہرہ خطائی اصلی 21 ماشہ' عرق گلاب حسب ضرورت۔

**ترکیب:** تمام ادویہ باریک پیس کر عرق گلاب کے ساتھ خوب کھرل کریں۔ تاکہ مثل غبار ہو جائے۔

**استعمال:** صبح 4 رتی سے ایک ماشہ تک خمیرہ گاؤزبان عنبری یا خمیرہ گاؤزبان سادہ یا مربہ سیب یا مسکہ میں ملا کر اگر گرمی کا غلبہ ہو تو ایک ماشہ کافور تمام دوا میں ملالیں۔

## (184) دواء النقرہ

**منافع:** تقویت قلب کے لئے نہایت سریع الاثر ہے۔ دماغ کو طاقت دیتا' خفقان' حفاظت قلب اور تفریح قلب کے لئے عمدہ شے ہے۔ معمول مطب سہل الحصول ہے۔

**اجزا:** ورق نقرہ' اصلی شاخ مرجان' یاقوت رمانی ہر ایک تولہ تولہ' عرق گلاب ایک پاؤ۔

**ترکیب:** خشک دوائیں کوٹ کر عرق گلاب کے ساتھ خوب کھرل کریں۔ حتی کہ تمام عرق جذب ہو جائے پھر پیسہ کے برابر قرص بنا کر خشک کر کے ایک کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے خشک کریں اور پانچ سیر کلو اپلا دشتی کی آگ دیں۔ سرد ہونے کے بعد باریک کھرل کریں۔

**استعمال:** ایک رتی سے تین رتی مکھن میں ملا کر صبح استعمال کریں۔

## (185) دوائے خفقان

**منافع:** خفقان کا عجیب الاثر آسان و مجرب المجرب نسخہ ہے۔ ضعف قلب' حرارت قلب' وحشت' دل کا پھڑکنا' دل کا بیٹھ جانا' گھبراہٹ وغیرہ کو تین چار یوم میں کافی فائدہ ہو جاتا ہے۔ کم خرچ بالا نشین کا

ـداق عمدہ دوا ہے۔

اجزاو ترکیب: مربہ آملہ کلاں جس کی گٹھلی نکالی گئی ہو اور دھولیا گیا ہو ایک عدد، طباشیر نیلگوں ایک
ـہ، دانہ الائچی خورد 2 ماشہ، باریک پیس کر ملا کر اور ایک عدد ورق نقرہ کلاں میں لپیٹ کر کھائیں۔ بعد میں
ـل گاؤزبان 5 ماشہ، مغز تخم خیارین، مغز تخم تربوز ہر ایک 6 ماشہ، تخم کدو، تخم کاہو ہر ایک 4 ماشہ، کشنیز
ـکی، دانہ الائچی خورد ہر ایک 3 ماشہ کا تازہ پانی میں شیرہ یعنی گھوٹہ بنا کر قند سفید 3 تولہ ملا کر پلائیں۔ اسی
ـرح روزانہ ایک وقت یا دو وقت تازہ تیار کر کے استعمال کریں۔ گرم، تیل دار اور قابض اشیاء سے پرہیز
کریں۔

## (186) اکسیر مقوی اعضاء رئیسہ

ـسناد: حکیم محمد افضل صاحب مصنف "ہمارا مطب" وغیرہ فیض یافتہ مطب سلیمی کا عطیہ خاص ہے۔ نسخہ
ـبالواقعہ نہایت قابل قدر اور اس قابل ہے کہ ہر طبیب کے صندوقچہ میں ہر وقت موجود رہے۔
ـنافع: اعضاء رئیسہ دل، دماغ، جگر کے لئے نہایت اکسیر ہے۔ دق، سل، خفقان، ضعف باہ جو بوجہ
ـعضاء رئیسہ ہو۔ ضعف اعصاب، غشی، دل دھڑکہ وغیرہ کی خاص مستند دوا ہے۔ مرتے ہوئے انسان کے
ـہ میں دو چاول ڈال دیئے جائیں تو وہ باتیں کرنے لگ جاتا ہے۔ مفرحات اور یاقوتیوں سے بڑھ کر مفید
ـد جواہر مہرہ کے قائم مقام ہے۔ مرض کے بعد کی کمزوری اور ہر قسم کی کمزوری کی واحد اکسیر ہے۔ مجرب
ـرب ہے۔

اجزا: مرجان ایک تولہ، زمرد سبز، یاقوت اعلیٰ، یشب سبز، عقیق سرخ، مروارید ناسفتہ، ورق طلا، ورق نقرہ ہر
ـک تین ماشہ۔

ترکیب: تمام ادویہ کوٹ کر نہ گھسنے والے کھرل میں ڈال کر گل سرخ بہاری تازہ کا پانی کوٹ کر نکال کر
ـتے اور زوردار ہاتھوں سے کھرل کرتے رہیں حتیٰ کہ بارہ گھنٹہ تک خوب کھرل ہو جائے۔ قرص بنا کر
ـک کریں اور گل سرخ تازہ 5 تولہ کوٹ کر نغدہ بنا کر اوپر کپڑا اور تین تہ ٹاٹ کہنہ خوب کس کر لپیٹ دیں
ـر گل حکمت کر کے خشک کریں اور گڑھے میں ہوا سے محفوظ جگہ بیس سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے
ـر قرص نکال کر پانچ چھ گھنٹہ تک روح کیوڑہ یا گلاب میں سحق کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک چاول خمیرہ گاؤزبان عنبری یا مکھن میں استعمال کریں۔

## (187) دوائے خفقان القلب

منافع: خفقان القلب (دل پھڑکنا) اور ضعف قلب کی مجرب اکسیر ہے۔ حرارت قلب کو مفید ہے۔
ـعضاء رئیسہ کی کمزوری، تکسیر، گرمی جگر، ضعف دماغ کے لئے مفید ہے۔

اجزا: کشتہ عقیق، کشتہ مرجان، الائچی خورد، زہر مہرہ، کشنیز، طباشیر، صندل سفید، کہربا شمعی، نارجیل دریائی
ـوزن۔

**ترکیب:** سب کو کوٹ پیس کر سفوف بنالیں۔
**استعمال:** دو ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت صندل تین تولہ یا مربہ سیب یا مربہ سفرجل میں ملا کر گرم اشیاء سے پرہیز ہے۔

## (188) اکسیر قلب آسان

**اسناد:** دارالصحت سلطانیہ للیانی میں اکثر تیار رہتا ہے۔
**منافع:** ضعف قلب، خفقان، دل پھڑکنا، تپش دل، حرارت قلب کی خاص مستند اکسیر ہے۔ دل کی تمام امراض کو مفید ہے۔ ضعف دماغ و جگر اور حرارت جگر کے لئے بے حد مفید ہے۔ ترکیب تیاری سہل ہے اور زیادہ قیمتی نہیں۔ ہمہ صفت موصوف ہے۔
**اجزا:** بورل صندل سفید 2 تولہ، طباشیر کبود، گل گاؤزبان، کہربا شمعی، نارجیل دریائی، کشنیز خشک، زہر مہرہ خطائی، ورق نقرہ، کشتہ مرجان، کشتہ عقیق، دانہ الائچی خورد ہر ایک تولہ تولہ، نبات 3 تولہ۔
**ترکیب:** سب کو الگ الگ پیس کر سفوف تیار کریں۔ اور دو گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔
**استعمال:** ڈیڑھ ماشہ صبح و شام رب سیب یا بہی یا شربت صندل میں ملا کر چٹائیں یا مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔

## (189) شربت خفقان القلب

**منافع:** خفقان القلب یعنی دل دھڑکہ میں نافع ہے۔ دل کو طاقت اور تفریح بخشتا ہے۔
**اجزا و ترکیب:** گاؤزبان، بادرنجبویہ، پرسیاؤشاں، صندل سفید، نیلوفر ہر ایک تین تولہ، افتیمون ولائتی، صندل سرخ، اسطوخودوس، تخم کاسنی، گل سرخ ہر ایک 2 تولہ، مصری تین پاؤ۔ حسب دستور شربت تیار کریں۔
**استعمال:** دو دو تولہ صبح و شام عرق گاؤزبان 6 تولہ ملا کر ہمراہ سفوف مرواریدی ایک ماشہ استعمال کریں۔
**نسخہ سفوف مرواریدی:** دانہ الائچی خورد، طباشیر آسمانی، زہر مہرہ خطائی ہر ایک 6 ماشہ، مروارید نا سفتہ اصلی تین ماشہ (در روح کیوڑہ ایک تولہ کھرل کردہ) ورق نقرہ 20 عدد، مصری کوزہ تین تولہ سفوف بنائیں۔

## (180) سفوف اکسیر قلب

**اسناد:** دارالصحت سلطانیہ للیانی میں ہر وقت تیار رہتا ہے۔
**منافع:** خفقان اور ضعف دل کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ اس کے علاوہ گرمی دل و دماغ و جگر اور ضعف دماغ و جگر کے لئے بھی معمول ہے۔ مجلوق کو ضعف اعضاء رئیسہ اور گرمی کے لئے مغلظ منی ادویہ کے ہمراہ عجیب فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔ گرمیوں میں گرم مزاجوں کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے۔
**اجزا:** کشنیز خشک، زہر مہرہ خطائی ہر ایک 5 تولہ، بورہ صندل سفید، کشتہ عقیق، کشتہ مرجان ہر ایک 2 تولہ، نارجیل دریائی تین تولہ، کشتہ فولاد بارد، ورق نقرہ ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب: پہلی چاروں ادویہ علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر کشتہ جات ملا کر کھرل کریں بعدہ ورق ایک ایک کر کے کھرل کرتے رہیں۔ حتیٰ کہ خوب باریک ہو جائے۔ بس تیار ہے۔

استعمال: ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بہار 2 تولہ یا مربہ سیب یا مسکہ میں ملا کر استعمال کریں۔

## (191) شربت بہار

منافع: عام گرمی، مجلوق کی گرمی اور ذکاوت حس کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

اجزا و ترکیب: کشنیز خشک 5 تولہ، اجوائن خراسانی ایک تولہ، مصری تین پاؤ، حسب دستور شربت بنائیں۔

استعمال: تین تین تولہ صبح و شام حسب ضرورت آب خالص ملا کر استعمال کریں۔

## (192) شربت مفرح

منافع: اختلاج القلب اور مالیخولیا کے لئے مفید ہے۔ ضعف اعضاء رئیسہ اور امراض سوداوی کے لئے عجیب الاثر۔

اجزا: برگ گاؤزبان، گل گاؤزبان، کشنیز خشک، ابریشم خام مصفی، بہمن سفید، تخم بالنگو، تخم فرنجمشک، برگ بادر نجبویہ ولایتی ہر ایک تولہ تولہ، تخم کاسنی، تخم خیارین، گل منڈی ہر ایک دو دو تولہ، عرق بید مشک، عرق کیوڑہ، گلاب اعلیٰ ہر ایک دو دو پاؤ پاؤ۔

ترکیب: کوٹنے والی دوائیں کوٹ کر سب کو عرقیات میں شام کو بھگو دیں۔ صبح جوش دے کر صاف کر لیں اور مصری تین پاؤ شہد ایک پاؤ ملا کر قوام تیار کریں۔ بعدہ عنبر اشہب کو قدرے روغن بادام میں حل کر کے ڈالیں اور ورق نقرہ چھ ماشہ شامل کر کے یہاں تک حل کریں کہ یکذات ہو جائے پھر بوتل میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: دو دو تولہ صبح و شام ہمراہ عرق گلاب، عرق گاؤزبان ہر ایک 6 تولہ استعمال کریں۔

## (193) معجون مقوی اعضاء رئیسہ

منافع: معدہ، جگر، قلب اور دماغ کو خوب طاقت بخشتی ہے۔ کثرت احتلام، تبخیر، ضعف بصارت، اختلاج قلب کے لئے نہایت مستند چیز ہے۔ مجلوق کو ازحد مفید ہے۔ اسہال معدی کو مفید ہے۔

اجزا: آب آملہ سبز دو پاؤ، مصطگی رومی، دانہ الائچی خورد، طباشیر ہر ایک 4 تولہ، گل گاؤزبان دو تولہ، ورق نقرہ 40 عدد، نبات 20 تولہ۔

ترکیب: آب آملہ میں نبات کا قوام تیار کریں بعدہ دیگر ادویہ کا سفوف ملا کر معجون بنا لیں۔

خوراک: ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ شربت یا عرق مناسب یا دودھ کے ہمراہ استعمال کیا جائے۔

# مجربات امراض گردہ و مثانہ

## (194) اکسیر ذیابیطس خاص

اسناد: حکیم سید اصغر علی شاہ صاحب (سند یافتہ دہلی) راولپنڈی کا خاص الخاص مشہور عام نسخہ ہے۔ جس کی شہرت سن کر حاصل کیا گیا فی الحقیقت نسخہ ایسا ہے جس کی مثال طبی دنیا میں ملنی مشکل ہے۔

منافع: ذیابیطس (ڈایا بیٹیز) ایک عسر البرء مرض ہے۔ مگر یہ نسخہ بفضلہ اس کے لئے بہت ہی مفید ہے۔ بہت جلد اپنا اثر دکھاتا ہے۔ قوت باہ اور امساک بھی پیدا کرتا ہے۔ تجربہ شرط ہے۔

اجزاو ترکیب: شنگرف، سنکھیا سفید، افیون ہر ایک ایک تولہ علیحدہ علیحدہ کھرل کر کے ایک پختہ کھرل میں ڈال کر ایک ہفتہ پیاز سفید کے رس میں اور ایک ہفتہ ادرک کے مقطر رس میں کھرل کرنا چاہئے۔ ہر دو رس کم از کم ایک ایک پاؤ ہونا ضروری ہے بعدہ برانڈی ایکشاء نمبر 1 ایک بوتل بذریعہ کھرل جذب کر دیں اور دوائی کی ٹکیہ بنا کر ماش کے آٹے میں رکھ کر گول گولا بنالیں اور روغن زرد گائے میں بریاں کریں۔ روغن زرد اس قدر ہونا چاہئے کہ گولا ڈوب جائے آنچ آہستہ آہستہ دیں کہ باہر سے سیاہ ہو جائے مگر جلنے نہ پائے۔ سرد کر کے گولا کھول دیکھیں اگر خمیر اٹھ گیا ہو تو درست ہے۔ ورنہ دوبارہ ماش کے آٹے میں ملفوف کر کے بطور سابق گھی میں بریان کریں تاکہ خمیر اٹھ آئے بس تیار ہے پھر اس میں مندرجہ ذیل ادویات شامل کر کے حبوب بقدر مرچ سیاہ تیار کریں۔ مشک خالص، زعفران اصلی، دانہ الائچی خورد، عقر قرحہ، مروارید ناسفتہ محوق ہر ایک تولہ تولہ عنبر اشہب تین ماشہ کشتہ سونا یا ورق سونا، عمدہ 6 ماشہ، فیری ایٹ کونین سائٹراس ہاورڈ نمبر 1 تولہ یاد رہے۔ آگ بیری کی لکڑی کی دو چوبی ہونی چاہئے۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام دودھ کے ہمراہ استعمال کریں دوران استعمال میں دودھ گھی وافر استعمال ہونا چاہئے۔

## (195) اکسیر سوزاک و قرحہ

منافع: سوزاک اگرچہ 50 سالہ ہو اس اکسیر سے شرطیہ حکمیہ رفع ہو جاتا ہے۔ تجربہ شدہ خاص الخاص نسخہ ہے جو افادۃ الناس کے لئے بلا بخل ظاہر کیا جاتا ہے۔

اجزا: دو سالہ کیکر کی باریک باریک شاخوں کی چھال اتار کر خشک کر لیں۔ یہ چھال 5 تولہ، جوکھار 3 ماشہ باریک پیس کر اس سفوف میں روغن صندل اصلی مسوری روغن بہروزہ ہر ایک تین ماشہ خوب ملا کر رکھ لیں۔

استعمال: چھ ماشہ صبح تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ گرم ترش اشیاء سے پرہیز ہے۔

## (196) دوائے ذیابیطس ہر قسم

منافع: ذیابیطس یعنی ڈایا بیٹیز شکری اور سادہ دونوں قسم کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ اس کا کئی دوستوں نے تجربہ کیا مفید ثابت ہوا ہے۔ نہایت عمدہ سہل الحصول اور ارزاں معمول مطب نسخہ حاضر

**اجزا:** ست گلو خالص، ست سلاجیت، رب السوس خالص ہر ایک تولہ تولہ، سیماب، قلعی، کہربا، دانہ الائچی خورد ہر ایک 9 ماشہ، مغز بادام، مغز پستہ، نارجیل تازہ، مغز اخروٹ، خشخاش سفید، کنجد مقشر، مغز خستہ جامن ہر ایک 2 تولہ، افیون 6 ماشہ۔

**ترکیب:** قلعی کو گلا کر نیچے اتار کر سیماب ڈال دیں۔ گرہ تیار ہو جائے گی اس گرہ کو چار پہر تک کھرل کریں۔ بعدہ کہربا ملا کر چار پہر کھرل کریں۔ پھر باقی ادویہ پیس کر ملائیں اور کچھ دیر کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** تین تین ماشہ صبح و شام شیر گاؤ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (197) نسخہ دیگر مجرب

**منافع:** ذیابیطس کا سہل اور مجرب نسخہ ہے۔

**اجزا:** مغز خستہ جامن، مغز خستہ آم، کشنیز خشک ہر ایک ڈھائی تولہ، برادہ صندل سفید ایک تولہ 9 ماشہ، کشتہ بیضہ مرغ، کشتہ زمرد، کشتہ فولاد ہر ایک تین ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔

**استعمال:** تین ماشہ سے پانچ ماشہ تک صبح و شام تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (198) اکسیر سوزاک

**منافع:** سوزاک کا سہل الحصول اور مجرب نسخہ جو کئی دفعہ تجربہ میں آ چکا ہے۔

**اجزا:** قلعی پارہ ہر ایک 6 ماشہ، پاہ بریاں 1 تولہ، دانہ الائچی کلاں 2 تولہ۔

**ترکیب:** قلعی کو کڑچھی میں گلا کر نیچے اتار کر پارہ ڈال دیں۔ گرہ بن جائے گی۔ سرد ہونے کے بعد کھرل کریں اور باقی ادویہ پیس کر سب کو ملا کر خوب کھرل کر کے یکجان کریں۔

**استعمال:** ایک ایک ماشہ صبح و شام شام پاؤ بھر دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

## (199) دوائے سلسل بول

**منافع:** یہ دوا سلسل بول کے عارضہ میں بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔ شرطیہ حکمیہ جلد شفاء بخشتی ہے۔

**اجزا:** سعد کوفی، کندر، جفت بلوط، خولنجاں، حب الاس، زیرہ کرمانی ہر ایک دو تولہ۔

**ترکیب:** سب کو جدا جدا کوٹ کر سفوف بنا لیں۔

**استعمال:** صبح 4 ماشہ یا 5 ماشہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (200) اکسیر سنگ

**منافع:** گردہ و مثانہ کی پتھری، درد گردہ، بندش بول ریگ گردہ و مثانہ کے لئے نہایت آسان اور مفید نسخہ

ہے۔ بارہا اس کا تجربہ ہوا۔ ہر دفعہ مفید ثابت ہوا ہے۔

**اجزا:** شورہ قلمی 5 تولہ، گندھک 3 تولہ، مولی کھار، جو کھار ہر ایک تولہ تولہ۔

**ترکیب:** شورہ کو کڑچھے میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور گندھک پیس کر اس کی چٹکیاں دیتے رہیں۔ اس سے رنگ برنگ کے شعلے نکلیں گے۔ جب شعلے نکلنے موقوف ہو جائیں تو دوا کو صاف زمین پر الٹ دیں۔ دوا جم جائے گی اس کے ہمراہ مولی کھار اور جو کھار پیس کر سفوف تیار کریں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** تین رتی بتاشہ یا کھانڈ میں رکھ کر گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (201) نسخہ دیگر

**اسناد:** حکیم محمد غوث صاحب کھوکھر کا تجربہ شدہ خاص نسخہ ہے۔

**منافع:** گردہ اور مثانہ کی پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے نکال دیتی ہے۔ قبض رفع کرتی اور ریگ گردہ و مثانہ کو مفید ہے۔

**اجزا:** خاکستر عقرب تین تولہ، سنگ سرماہی، سنگ یہود ہر ایک تولہ تولہ، حب القلت 6 ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو باریک پیس کر آب ترب یعنی مولی سبز مروق اور روغن بادام شیریں سے تین یوم کھرل کریں پھر ترنجبین خراسانی، نبات ہر ایک 5 تولہ شیر خشت اصلی ایک تولہ باریک پیس کر ملا دیں۔

**استعمال:** تین ماشہ آب خالص یا کسی اور مناسب بدرقہ کے ہمراہ یومیہ استعمال کریں۔

## (202) دیگر سہل

**اجزا:** جو کھار، کنگنی کھار، سنگ یہود ہم وزن۔

**ترکیب:** علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر سفوف تیار کر لیں۔

**استعمال:** تین ماشہ صبح تین ماشہ عصر شربت بزوری تین تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (203) ذیابیطس کا مستند علاج

**منافع:** ذیابیطس کا مکمل و مستند طریق علاج ہے۔ اس سے بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔ بارہا کا تجربہ ہے اسے ہرگز نظرانداز نہ کرنا چاہئے۔

**اجزا و ترکیب نمبر 1:** سوڈا بائی کارب ایک ماشہ، فرائٹ ایمونیا سائٹراس 5 رتی، لائیکوار آرسنی کیلس، روغن سونف ہر ایک 2 بوند، آب خالص 2 تولہ سب کو ملا لیں۔ یہ ایک خوراک کا وزن ہے۔

نمبر 2 فری آرسی ناس 1/8 گرین، کوڈایا فاس فاس 1/8 گرین، ایکسٹریکٹ نکس وامیکا 1/4 گرین، کونین سلفاس ہاورڈ 2 گرین، ایکسٹریکٹ جنشن حسب ضرورت یہ ایک گولی کا وزن ہے۔ جس قدر مطلوب ہوں بنا لیں۔

**استعمال:** اگر موسم گرما ہو نمبر 1 غذا سے نصف گھنٹہ بعد صبح و شام ایک ایک خوراک استعمال کریں۔ اور نمبر 2 ایک گولی رات کو سوتے وقت دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ اگر موسم سرما ہو تو صرف نمبر 2 غذا سے

نصف گھنٹہ بعد صبح وشام ایک ایک گولی پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

غذا: طاقتور مثل گوشت بز، انڈا، سبزی دودھ ملائی زیادہ استعمال کریں۔

پرہیز: چاول، میٹھی چیزیں، پھل (فروٹ) منع ہیں۔

## (204) اکسیر درد گردہ

منافع: درد گردہ جو پتھری کے سبب سے ہو اس کی اکسیر ہے۔ آپ سینکڑوں ادویہ استعمال کر کے مایوس ہو چکے ہیں تو اس نسخہ کو استعمال کریں۔ انشاء اللہ درد گردہ کا دورہ ایک دو خوراک سے رفع ہو جائے گا اور دوبارہ پھر نہیں ہو گا۔

اجزا: تخم تلسی، جوکھار، مولی کھار ہر ایک 8 ماشہ۔

ترکیب: سب کو کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔

استعمال: چھ ماشہ صبح وشام شیر گائے کے ہمراہ استعمال کریں۔

# مجربات امراض مردان

## (205) حب مقوی وممسک

اسناد: عزیز حکیم محمد اعظم خان صاحب کھوکھر مینیجر دواخانہ کیمیائے بدن پاہڑیانوالی ضلع گجرات پاکستان کا عطیہ ہے۔

منافع: عمدہ مقوی باہ اور ممسک ہے۔ سرعت انزال کو رفع کرتا ہے۔ بارہا کا آزمودہ اور مجرب ہے۔ منی کو غلیظ کرتا اور جریان احتلام ذکاوت حس کو پورا فائدہ کرتا ہے۔ اطباء کرام اسے ضرور معمول بنائیں۔

اجزا: افیون 2 ماشہ، شیر برھ 2 تولہ، آرد تخم سرس یعنی شیریں حسب ضرورت۔

ترکیب: افیون کو شیر برھ میں ملائیں جب خوب حل ہو جائے آرد شیریں اس قدر ملائیں کہ گولیاں بن سکیں پھر کوٹ کر یک ذات کر کے چنے کے برابر گولیاں تیار کر لیں اور سایہ میں خشک کریں۔

استعمال: روزانہ ایک گولی صبح یا عصر ایک چھٹانک گھی کے ساتھ نگل لی جائے کم از کم 21 یوم ضرور متواتر استعمال کرنی چاہیے۔ دوران استعمال میں جماع اور ترش اشیاء سے پرہیز کیا جائے۔ قبض کا خاص خیال رکھا جائے۔

## (206) کشتہ شنگرف سفید

منافع: قوت باہ کے لئے بہت سریع الاثر و مجرب المجرب ہے۔ لطف یہ کہ نہایت آسانی سے تیار ہو سکتا ہے۔ ایک سیاح درویش کا عطا کردہ نسخہ حاضر کیا جاتا ہے۔ چند دنوں میں ہی اپنا اثر دکھاتا ہے تجربہ کیجئے۔

اجزا و ترکیب: شیر مدار تازہ 2 چھٹانک ایک کڑچھے میں ڈال کر نمک 6 ماشہ پیس کر ڈال دیں اور آگ دیں۔ جب دودھ پھٹ جائے صاف پانی علیحدہ کر کے اس سے شنگرف رومی 2 تولہ کو کھرل کرتے

رہیں۔ جب سب پانی ختم ہو جائے گولی بنا کر خشک کر لیں۔ اب مرچ سرخ تازہ ایک پاؤ کوٹ کر نغلہ بنا لیں۔ اس میں شنگرف کی گولی لپیٹ کر اوپر پرانا کپڑا سوا سیر خوب کس کر لپیٹ دیں اور ہوا سے محفوظ جگہ پر اس کو آگ لگا دیں۔ جب سرد ہو جائے احتیاط سے نکال کر کھرل کر کے شیشی میں رکھیں۔ یاد رہے کہ ایک پاؤ کپڑا لپیٹ کر اوپر سوتری خوب مضبوطی سے لپیٹ کر گولہ کو پختہ کر لیں۔ اس پر باقی کپڑا لپیٹیں۔

**استعمال:** دو چاول صبح یا عصر کے وقت مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔

## (207) حب برائے ضعف باہ

**اسناد:** حکیم محمد غوث صاحب کھوکھر بخاروی کا عطیہ خاص ہے۔ اس نسخہ کی بہت تعریف اور شہرت ہے۔ لہٰذا اس کا ہر مطب میں تیار رہنا ضروری ہے۔

**منافع:** ضعف قوت مردانہ کی مستند اور نہایت موثر عجیب الاثر گولیاں ہیں۔ جریان احتلام، سرعت انزال کو بھی مفید ہیں۔ بارہا کی مجرب اور آزمودہ ہیں۔

**اجزا:** سٹرکنیا 1/30 گرین، ایکسٹریکٹ کوکا 1/5 گرین، ایکسٹریکٹ ڈمیانہ 1 گرین، فرائی ریڈ کٹم 1 گرین، کونین سلفاس 1 گرین، پل فاسفورس 1 گرین یہ ایک گولی کا وزن ہے۔ اسی مقدار میں جس قدر چاہیں گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب:** سب کو خوب کھرل کر کے یکجان کر کے گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** ایک گولی صبح او شام دودھ کے ہمراہ بعد غذا استعمال کریں۔ 40 یا 60 گولیاں ضرور استعمال کرنی چاہئے۔ دوران استعمال میں جماع سے پرہیز کیا جائے اور دودھ و مرغن غذا استعمال کی جائے۔

## (208) جریان ہر قسم کا مجرب نسخہ

**اسناد:** حکیم مولوی محبوب الٰہی صاحب سرگودھا کا مجرب معمول مطب اور عطیہ خاص ہے۔

**منافع:** جریان منی، مذی، ودی، کثرت احتلام، سیلان الرحم، سلسل بول کا اعتباری علاج ہے ایک ہفتہ میں پورا فائدہ ہو جاتا ہے۔ خاص مستند نسخہ ہے۔ جس کی قدر بعد تجربہ معلوم ہو گی۔

**اجزاو ترکیب:** سکہ، جست، قلعی، چاندی ہر ایک تولہ تولہ لے کر الگ الگ کوٹ کر باریک پترے بنا کر کتر لیں اور کڑھائی میں ڈال کر تیز آنچ جلائیں جب گل جائیں برگ بھنگ کوفتہ کی چٹکی دیتے جائیں اور آہنی دستہ سے رگڑتے جائیں پھر ہلدی 10 تولہ کوٹ کر حسب دستور اس کی چٹکی دیتے رہیں۔ حتیٰ کہ خاکستر ہو جائے اگر کچھ خام رہ جائے تو برگ بھنگ اور ہلدی مزید کوٹ کر عمل کریں۔ جب سب اشیاء خاکستر کی طرح ہو جائیں سرد کر کے کپڑے میں چھان کر آب لیموں تازہ و پختہ میں ایک دن خوب کھرل کریں اور پیسہ کے برابر قرص بنا کر خشک کر لیں اور کوزہ گلی فراخ یا دو ہلکے پیالوں میں بند اور گل حکمت کر کے 15 سیر اپلا کی آگ دیں جب سرد ہو قرص نکال کر دوبارہ دہی میں ایک پہر کھرل کر کے دس سیر اپلا کی آگ محفوظ الہوا بدستور سابق دیں اسی طرح آنچیں دیتے رہیں حتیٰ کہ ملائم کشتہ ہو جائے۔ پیس کر شیشی

میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: کندر، جفت بلوط، مصطگی رومی، گلنار ہر ایک ہم وزن کوٹ چھان کر تین گنا شہد میں ملا کر معجون بنائیں۔ ایک رتی کشتہ کو 6 ماشہ معجون میں ملا کر صبح کھالیں بعد میں آدھ سیر دودھ گائے پی لیں۔ صرف ایک وقت تا استعمال گرم ترش تیل دار اشیاء اور مجامعت سے پرہیز کریں۔ قبض کی صورت میں کوئی قبض کشاء دوا استعمال کریں۔

## (209) حب اکسیر سرعت و امساک

منافع: سرعت انزال اور امساک کے لئے نہایت مفید ہے۔ قوت باہ پیدا کرتی ہے۔

اجزا: کچلہ مدبر افیون، زعفران ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: زعفران پیس کر سب کو خوب کھرل کر کے یکجان کریں اور چنے کے برابر حبوب تیار کریں۔

استعمال: سرعت انزال کے لئے ایک گولی صبح ایک شام دودھ کے ہمراہ اور امساک کے لئے جماع سے تین گھنٹے پہلے ایک گولی دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ اس دن غذا نہ کھائیں صرف دودھ ہی پئیں۔

## (210) طلائے مقوی باہ

منافع: قوت باہ کے لئے نہایت مفید اور آسان ہے۔ عضو مخصوص کی کمزوری کو جلد زائل کرتا ہے۔ کجی کوتاہی لاغری کو زائل کرتا ہے۔

اجزا: ہڑتال ورقی، سم الفار سفید ہر ایک تولہ تولہ، بیر بہوٹی 2 تولہ، مال کنگنی 5 تولہ، زردی بیضہ مرغ سات عدد۔

ترکیب: سب کو کھرل کر کے گولیاں بنا کر جب قدرے خشک ہو جائیں۔ آتشی شیشی میں پتال جنتر کے ذریعہ تیل کشید کریں پھر اس میں پوست بیخ کنیر سفید 6 ماشہ، جند بیدستر، سیماب ہر ایک ساڑھے چار ماشہ شامل کر کے مسلسل ایک دن کھرل کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: تین چار قطرے عضو خاص پر حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کر کے برگ ارنڈ یا پان باندھیں اگر دانے نکل آئیں۔ طلا کا استعمال موقوف کر کے روغن چنبیلی یا گھی سے چپڑتے رہیں۔ دانے درست ہونے پر دوبارہ شروع کر دیں۔ جب پورا فائدہ ہو جائے بند کر دیں۔

## (211) حب خاص

استاد: حکیم سید عبدالرزاق صاحب گیلانی مستند جامع طبیہ دہلی حال سرگودھا کا خاص ہے۔

منافع: قوت باہ کے لئے نہایت نافع ہے۔ اعضاء رئیسہ اور رگوں پٹھوں کو طاقت بخشتا ہے اور دودھ گھی جب ہضم کر کے بدن کو قوت بخشتا ہے۔ حرارت غریزی کو ابھارتا دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ ممسک بھی ہے۔ ضعف باہ کا عمدہ مجرب اور آزمودہ خاص نسخہ ہے۔

اجزا: جوہر سلاجیت 1 تولہ، دارچینی، زعفران خالص ہر ایک 6 ماشہ، جوہر کچلہ ڈیڑھ ماشہ، مشک خالص

تین ماشہ' جائفل دو عدد۔

**ترکیب:** کوٹنے والی اشیاء کوٹ کر خوب یکجان کر کے شہد کی مدد سے رتی رتی کی گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (212) حب ممسک خاص

**اسناد:** یہ نسخہ بھی حکیم صاحب ممدوح کا عطیہ ہے۔

**منافع:** امساک کے لئے نہایت نافع ہے۔ قوت مردمی میں اضافہ کرتا ہے۔

**اجزا:** جائفل' مال کنگنی' زعفران' افیون' لونگ' اجوائن خراسانی' اسپند' قند سیاہ سوختہ ہر ایک تین ماشہ۔

**ترکیب:** قند سیاہ کو کڑھائی میں جلا کر راکھ کر لیں باقی اشیاء الگ الگ پیس کر سب کو ملا کر کھرل کر کے قدرے شہد ملا کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** جماع سے دو تین گھنٹے قبل ایک گولی دودھ کے ہمراہ استعمال کریں اور کوئی چیز نہ کھائیں صرف دودھ ہی پئیں۔

## (213) معجون خاص

**منافع:** قوت اور تحریک باہ کے لئے خاص الخاص نہایت سریع الاثر ہے۔ تین خوراک سے ہی اثر دکھاتا ہے۔ اعضاء رئیسہ اور حرارت غریزی کو خوب طاقت بخشتا ہے۔ خاص مستند نسخہ ہے۔ اطباء کرام تیار کر کے فائدہ حاصل کریں۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

**اجزا:** ست سلاجیت تین تولہ' زعفران' موصلی سفید ہر ایک تولہ تولہ' مروارید نا سفتہ' خراطین مصفی ہر ایک 9 ماشہ' تخم انگن 2 تولہ' مشک خالص عنبر اشہب ہر ایک دو دو ماشہ' ورق نقرہ' ورق طلا ہر ایک ماشہ ماشہ' انڈے جوش دیئے ہوئے بارہ عدد شہد تین چھٹانک۔

**ترکیب:** حسب دستور معجون بنالیں۔

**استعمال:** تین تین ماشہ صبح و شام دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (214) روغن مقوی خاص

**منافع:** قوت باہ کے لئے خاص سریع الاثر مجرب المجرب ہے۔ داخلی خارجی دونوں طریق سے استعمال ہو سکتا ہے۔ بہت جلد اپنا اثر دکھاتا ہے۔ سہل الحصول اور سہل الترکیب خوشنما اور خوشبودار برقی اثر رکھنے والا مسیحائی روغن ہے۔

**اجزا:** سم الفار زرد' سم الفار سفید' ہڑتال طبقی' شنگرف رومی' گھونگچی سفید' عقر قرحا' قرنفل' زعفران کشمیری ہر ایک تین ماشہ' زردی بیضہ مرغ دو عدد' شیر گائے' ملائی شیر ہر ایک دو تولہ' جائفل چھ ماشہ۔

**ترکیب:** خشک ادویہ خوب کھرل کر کے زردی بیضہ مرغ میں سحق کریں اور شیر و ملائی ملا کر کھرل کر کے ایک چینی کی طشتری میں پھیلا کر رکھ دیں اور اسے ایک طرف سے اونچا کر کے دھوپ میں رکھیں تاکہ

ئل صاف علیحدہ ہوتا رہے جو تیل علیحدہ ہو جائے اسے شیشی میں ڈال لیا کریں۔ جب سب روغن برآمد ہو جائے۔ شیشی میں محفوظ کریں۔

**استعمال:** ناشتہ کے بعد نصف رتی مکھن یا ملائی میں رکھ کر یا پان میں لگا کر استعمال کریں اور پانچ بوند رات کو آلہ تناسل پر حشفہ اور سیون بچا کر مالش کریں اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ صبح کھول دیں۔ اسی طرح روزانہ استعمال کریں۔ جب دانے نکل آئیں استعمال موقوف کر کے روغن زرد سے دن میں دو تین دفعہ چپڑ دیا کریں۔ حتیٰ کہ دانے وغیرہ درست ہو جائیں اگر ضرورت ہو ایک دفعہ پھر اسی طرح استعمال کریں۔

## (215) کشتہ طلا

**منافع:** ضعف باہ عمدہ اکسیری نسخہ ہے۔ اعضاء و قوی کو طاقت بخشتا ہے۔ قوت باہ کے لئے بے حد مفید نامرد کو مرد بناتا ہے۔ حرارت غریزی اور اعضاء رئیسہ و شریفہ کو طاقت دیتا ہے۔ کشتہ طلا کی عام تراکیب سے زیادہ قوی ہے ایک حکیم صاحب نے مجربات سلطانی حصہ چہارم کے لئے عنایت فرمایا ہے۔ مجرب ہے۔

**اجزاو ترکیب:** برادہ طلا تین ماشہ سے چھ ماشہ تک آب چولائی خاردار میں چار پہر تک کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے چولائی خاردار کے ایک پاؤ نغدہ میں لپیٹ کر اوپر پرانا کپڑا چار تہ خوب لپیٹ کر اوپر گل حکمت کر کے ہوا سے محفوظ جگہ پانچ سیر اوپلہ خانگی کی آنچ دیں۔ سرد کر کے نکال کر دوبارہ بوٹی مذکور کے پانی میں چار پہر کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر لیں اور اس کے ایک پاؤ نغدہ میں حسب دستور سابق آگ دیں اسی طرح تیسری آنچ دیں۔ تیار ہو جائے گا۔ کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** ایک چاول صبح مکھن یا ملائی یا لبوب کبیر تین ماشہ میں رکھ کر استعمال فرمائیں۔

## (216) کشتہ نقرہ

**منافع:** مقوی باہ مقوی اعضاء رئیسہ و شریفہ سہل کشتہ ہے۔ کئی مرتبہ تجربہ ہوا ہے۔ صرف ایک آنچ میں ملائم کشتہ تیار ہو جاتا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** ورق نقرہ ایک تولہ کو شیر زقوم مثلث (ڈنڈا تھوہر) میں چار پہر کھرل کر ٹکیہ بنا کر خشک کر کے پانچ سیر اوپلوں کی ہوا سے بچا کر آگ دیں۔ سرد ہونے کے بعد پیس کر نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** ایک رتی صبح مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کریں۔

## (217) اکسیر باہ

**اسناد:** برادر عزیز حکیم محمد غوث صاحب کھوکھر کا مستند و معمول خاص ہے۔ فی الواقعہ نسخہ بہت سے مشکل نسخہ جات سے زیادہ مفید ہے۔

**منافع:** نہایت سریع الاثر مقوی باہ ہے۔ خصوصاً سرد مزاجوں اور بوڑھوں کے لئے بہت مناسب ہے۔

ایک ہفتہ میں کمزور سے کمزور مریض کو شہ زور مرد بنا تا ہے۔ بارہا کا تجربہ شدہ اعتباری نسخہ ہے۔ عمدہ مبہی مشتی اور محرک باہ ہے۔ دودھ گھی خوب ہضم کرتا ہے۔ بوڑھوں کے لئے عصائے پیری کہا جائے تو بجا ہے۔

**اجزا:** سم الفار سفید، ورق طلا، مشک خالص ہر ایک تین ماشہ زعفران خالص جاوتری، جائفل ہر ایک تولہ تولہ۔

**ترکیب:** سم الفار اور زعفران کو خوب کھرل کریں پھر ورق طلا ایک ایک ڈال کر کھرل کرتے جائیں پھر مشک ملا کر کھرل کریں۔ بعدہ دیگر اجزا علیحدہ علیحدہ پیس کر ملا دیں اور چار پہر خوب کھرل کریں بس شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** صبح ناشتہ کے بعد ایک رتی مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔ اس کے دوران استعمال میں دودھ، گھی، مکھن ملائی کافی استعمال کرنا چاہئے گرم مزاج کو نہ دیں۔

## (218) حب مقوی و ممسک

**اسناد:** حکیم میاں احمد یار صاحب میانہ ہزارہ (سرگودھا) کا مجرب و معمول ہے۔

**منافع:** قوت باہ اور امساک کے لئے خاص نسخہ ہے۔ مولد و مغلظ منی ہمہ صفت موصوف دوا ہے۔

**اجزا:** تخم جوزماثل، بہمن سفید و سرخ، ثعلب مصری، شقاقل مصری، عود غرقی، مصطگی رومی، صندل سفید، طباشیر، کہربا ہر ایک تین ماشہ، اجوائن خراسانی سفید، تخم خشخاش سفید، افیون، تخم کاہو مقشر، زعفران، مغز فندق، مغز بادام شیریں، مغز تخم کدو، مغز نارجیل، صمغ عربی، مغز تخم بیٹھہ، مغز تخم تربوز، کیرا، مغز اخروٹ، برگ گاؤزبان، مغز خستہ تمرہندی ہر ایک 6 ماشہ، جوزبوا، بسبابسہ، قرنفل، بسد احمر ہر ایک 2 ماشہ مشک خالص ایک ماشہ۔

**ترکیب:** افیون کو ڈیڑھ چھٹانک پانی میں حل کریں باقی اجزا کوٹ چھان کر افیون حل شدہ ملا کر خوب کھرل کریں تاکہ سب ادویہ یک ذات ہو جائیں پھر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام نیم گرم دودھ کے ہمراہ نگل لیا کریں۔ اگر قبض کی عادت ہو تو رات کو ایک عدد حب ملین مندرجہ طبی شہپارے دودھ کے ساتھ استعمال کر لینی چاہئے۔ گرم ترش اشیاء اور جماع سے پرہیز ہے۔

## (219) سفوف مانع درور منی و مقوی باہ

**اسناد:** یہ نسخہ بھی صاحب ممدوح کا عطیہ ہے۔ آپ کا معمول و مجرب ہے۔

**منافع:** جریان منی کے لئے نافع ہے۔ قوت باہ اور منی پیدا کرتی ہے۔ عجیب الاثر مجرب نسخہ ہے۔

**اجزا:** زرورد موصلی سیاہ و سفید، تال مکھانہ، بیجبند، شقاقل مصری، طباشیر کبود، زہر مہرہ خطائی، گل نوفل، تودرین، بہمن سفید و سرخ، دارچینی، بہو پھلی، گل ببول، دانہ الائچی خورد، خولنجاں ہر ایک 6 ماشہ، مغز بادام

مغز پنبہ دانہ، مغز تخم کدو، خشخاش سفید، مغز حب الزلم ہر ایک تولہ تولہ، قند سفید دو چند۔

ترکیب: سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

استعمال: 6 ماشہ صبح 6 ماشہ شام ہمراہ شیر تازہ استعمال کریں۔

## (220) حب مقوی باہ عجیب

منافع: نہایت سریع الاثر مقوی باہ نسخہ ہے۔ لطف یہ ہے کہ آسان اور ارزاں ہے۔ تقویت باہ کے علاوہ دل دماغ اور بدنی کمزوری ہر قسم، دل دھڑکہ دل کا بیٹھ جانا، ہاتھ پاؤں کا سرد ہونا، سستی اعضاء وغیرہ ہر قسم کی کمزوری کی اعتباری اکسیر ہے۔ امساک پیدا کرتی ہے۔ مجرب المجرب سریع الاثر نسخہ ہے۔

اجزا: دواء المسک معتدل جواہر والی، ایکسٹریکٹ ڈمیانہ ہر ایک تین ماشہ، 6 رتی سٹرکنیا نصف رتی، کوکین، مروارید کھرل شدہ ہر ایک 8 رتی۔

ترکیب: پہلے سٹرکنیا اور کوکین کھرل کریں پھر دوسری دونوں ادویہ میں خوب پیس کر یکجان کرلیں اور چنے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح اور شام دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (221) طلائے سستی

اسناد: شاگرد رشید حکیم فضل حسین صاحب ستیانہ ضلع جھنگ کا مخفی نسخہ ہے۔ آپ کو ایک سنیاسی سے حاصل ہوا ہے۔

منافع: مجلوق اور ست کے لئے عجیب الاثر اور سریع الاثر مجرب نسخہ ہے۔ دوسرے تیسرے دن ہی اثر دکھاتا ہے۔ کمزور مریض کو چند یوم میں فائدہ ہو جاتا ہے۔ عضو خاص کی کجی، کوتاہی، لاغری اور سستی ایک ہفتہ کے استعمال سے رفع ہو کر پوری طاقت و توانائی پیدا ہو جاتی ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

اجزا: لوبان کوڑیہ، گھونگچی سفید، جائفل، جونک خشک، قرنفل، دارہلدی، بورہ صندل سفید، کچلہ کوفتہ، نیلہ، چربی خنزیر (اگر نہ مل سکے اس کے عوض چربی ریچھ ملالی جائے) رتکاں سرخ ہر ایک 14 ماشہ، سانڈہ، چربی شیر نر ہر ایک 2 تولہ، سم الفار سفید تولہ، روغن کنجد حسب ضرورت۔

ترکیب: خشک ادویہ باریک پیس کر چربیوں میں خوب کھرل کرکے روغن کنجد اس قدر ملا کر کھرل کریں کہ گولیاں بن سکیں پھر فلفل دراز کے برابر گولیاں بنالیں اور سایہ میں خشک کرکے پتال جنتر کے ذریعہ روغن کشید کریں۔

استعمال: حسب دستور رات کو چار پانچ بوند حشفہ اور سیون بچا کر عضو مخصوص پر مالش کریں اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ صبح کھول دیں۔ اسی طرح روزانہ عمل کریں۔ جب دانے نکل آئیں۔ طلا کا استعمال موقوف کرکے مکھن دھو کر چپڑتے رہیں۔ باندھنے کی ضرورت نہیں۔ سرد پانی سے دھونے کی ممانعت ہے۔ غسل کی ضرورت ہو تو گرم پانی استعمال کریں۔ دو تین دفعہ دانے نکلوائے جائیں تو دیرینہ

مرض بھی کافور ہو جاتا ہے۔

## (222) سرعت انزال کا مجرب علاج

**اسناد:** شاگرد رشید حکیم احمد بخش سپرامیانہ ہزارہ (سرگودھا) نے میری فرمائش پر چند مجربات طبی شہپارے کے لئے بھجوائے تھے۔ یہ نسخہ درج نہ ہو سکا جو حصہ چہارم میں درج کیا جاتا ہے۔

**منافع:** سرعت انزال کا کامیاب علاج ہے۔ اس سے قوت باہ میں اضافہ ہوتا اور منی غلیظ ہو جاتی ہے اور قدرتی امساک پیدا ہوتا ہے۔ خون صالح پیدا ہو کر چہرہ بارونق ہو جاتا اور قوت بدنی میں اضافہ ہوتا ہے۔ مجرب ہے۔

**اجزا:** مغز تخم املی، اکلیل الملک، خار خسک، سمندر پھل، افیون ہر ایک تین تین ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو کوٹ پیس کر سفوف بنالیں اور شیر برگد میں سحق کر کے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** ایک گولی 2 بجے دن ایک رات کو سوتے وقت آدھ لٹر دودھ کے ہمراہ نگل لی جائے۔ کشتہ فولاد، کچلہ مدبر، کشتہ چاندی، کشتہ قلعی ہر ایک دو دو ماشہ ملا کر کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔ دو رتی کی مقدار صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کریں اور چربی سوسمار (اگر نہ مل سکے اس کے عوض چربی شیر ملالی جائے) چربی سانڈہ، چربی نیولا یا ریچھ، روغن بیضہ مرغ ہر ایک تولہ تولہ خراطین مصفی، جونک خشک، بیر بہوٹی گھونگچی سفید ہر ایک تین ماشہ، خشک ادویہ باریک کھرل کر کے چربیوں اور روغن بیضہ میں ملا کر نصف گھنٹہ تک آنچ پر رکھیں۔ پھر چھان کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔ رات کو تین رتی کا مقدار اعضو مخصوص پر حشفہ بچا کر مالش کر کے اوپر برگ پان وغیرہ باندھ دیا کریں۔ اگر قبض کی شکایت ہو۔ عصر کے وقت معجون خیار شنبر ایک تولہ یا معجون ملین۔ مندرجہ طبی شہپارے چار ماشہ استعمال کرنی چاہئے۔ 21 دن جماع سے پرہیز کر کے یہ ادویہ استعمال کی جائیں۔ اگر طلا کے اجزا مہیا نہ ہو سکیں تو کوئی اور مقوی طلا استعمال کیا جا سکتا ہے۔ غذا مرغن استعمال کی جائے۔

## (223) حب امساک

**اسناد:** حکیم احمد یار صاحب سپرامیانہ ہزارہ (سرگودھا) کا معمول اور عطیہ خاص ہے۔

**منافع:** امساک کے لئے خاص چیز ہے۔ قوت باہ پیدا کرتی ہے۔ کئی دفعہ کی مجرب اور آزمودہ ہے۔

**اجزا:** جائفل، شنگرف، عقرقرحا اصلی، افیون، دار چینی، زعفران کشمیری، برگ بھنگ ہر ایک 6 ماشہ۔

**ترکیب:** سب دوائیں الگ الگ پیس کر باہم ملا کر خوب کھرل کر کے شہد کے ذریعہ نخودی گولیاں بنائیں۔

**استعمال:** جماع سے تین گھنٹے پہلے دو گولیاں شیر گاؤ کے ہمراہ نگل لی جائیں۔ اس دن غذا نہیں کھانی چاہئے۔ صرف دودھ ہی جس قدر خواہش ہو استعمال کیا جائے فراغت کے بعد غذا استعمال ہو سکتی ہے۔

## (224) نسخہ دیگر

**اسناد:** حکیم غلام محمد صاحب مہاجر کا معمول و عطیہ خاص ہے۔

**منافع:** امساک پیدا کرتی اور سرعت انزال کے عارضہ کو رفع کرتی ہے۔ قوت باہ اور قوت بدن کے لئے عمدہ چیز ہے۔ دودھ، گھی خوب ہضم ہوتا ہے اور قوت مردمی میں کافی اضافہ ہو جاتا ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

**اجزا:** مشک خالص، افیون، کشتہ فولاد، کشتہ شنگرف ہر ایک تین ماشہ، عقرقرحا، جوزبوا ہر ایک 5 ماشہ، کچلہ مدبر، تخم بھنگ بریاں ہر ایک ماشہ ماشہ، ورق نقرہ 50 عدد، ورق طلا 30 عدد۔

**ترکیب:** سفوف بنا کر روح کیوڑہ خالص میں اچھی طرح کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

**استعمال:** ایک گولی جماع سے دو گھنٹہ پہلے شیر نیم گرم کے ہمراہ نگل لی جائے۔ غذا کم اور دودھ زیادہ استعمال کریں۔

## (225) حب اکسیر جریان

**اسناد:** یہ نسخہ بھی حکیم صاحب ممدوح کا عطیہ اور معمول مطب ہے۔

**منافع:** جریان ہر قسم کا مجرب اور سہل الحصول خاص نسخہ ہے۔ مادہ منویہ کو گاڑھا کرتا گرمی اور ذکاوت حس کا دافع ہے۔

**اجزا:** کافور 2 ماشہ، طباشیر، گل ببول ہر ایک 5 ماشہ، کتھ سفید ایک تولہ، سفوف بہو پھلی 6 ماشہ، کشتہ قلعی تین ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو کھرل کر کے شیر برگد میں کھرل کریں اور چنے کے مطابق گولیاں بنالیں۔

**استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام شیر گائے کے ہمراہ استعمال کریں۔ روزانہ غسل کرنا چاہئے۔

**غذا:** زود ہضم مثل کدو، توری، پالک، دال مونگ وماش گاجر، مولی وغیرہ قبض نہ ہونے دیں۔

**پرہیز:** ترشی، تیل، اچار، مرچ سرخ اور جماع سے پرہیز چاہئے۔

## (226) حب مقوی باہ

**منافع:** ضعف باہ کے لئے نہایت عجیب الاثر ہیں۔ ضعف اعصاب کو دور کرتی اور قوت مردمی میں تحریک پیدا کرتی ہیں۔ دودھ، گھی مرغن غذاؤں کے ہضم میں مدد کرتی ہیں اور قوت بدنی پیدا کرنے نیز بدن کا رنگ سرخ اور چہرہ کے بارونق کرنے میں نہایت سریع الاثر ہیں۔ تجربہ کر کے دیکھیں۔

**اجزا:** کشتہ فولاد 1 تولہ، جوہر سم الفار 1 ماشہ، کشتہ شنگرف، کچلہ مدبر ہر ایک 6 ماشہ، آب جل دھنیا، آب لیموں ہر ایک 5 تولہ۔

**ترکیب:** پہلی تینوں ادویہ آب جل دھنیا اور آب لیموں میں ترتیب وار کھرل کر کے کچلہ ملا کر آب پیاز 10 تولہ میں کھرل کریں بعدہ مرچ سیاہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** دو گولیاں رات کو سوتے وقت دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ دوران استعمال میں دودھ گھی وافر استعمال کرنا ہو گا۔

**جوہر سم الفار:** سم الفار چھ ماشہ پیس کر دو پیالوں میں حسب دستور جوہر اڑائیں۔

## (227) طلائے خاص الخاص

**اسناد:** یہ نسخہ ایک والی ریاست نے کسی سنیاسی سے بہت نذرانہ پیش کر کے اور منت خوشامد سے حاصل کیا تھا۔ میرے ایک دوست کو کسی طرح حاصل ہوا اور مجھے عنایت فرمایا۔ نسخہ فی الواقعہ نہایت زوداثر کامیاب اور مخفی ہے۔

**منافع:** مجلوق اور کمزور کو تین پٹیوں میں صحت بخشتا ہے۔

**اجزا:** ہڑتال ورقیہ، سنکھیا سفید، مردہ سنگ، آدمی کے کان کی میل ہر ایک تولہ تولہ، آب کٹائی خورد، مقطر 2 لٹر۔

**ترکیب:** خشک ادویہ خوب کھرل کر کے میل کان آدمی ملائیں۔ اور کٹائی خورد کا مقطر پانی تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ حتیٰ کہ سب خرچ ہو جائے۔ کٹائی خورد یعنی موکڑی کے پتے اور نرم شاخیں ہاون دستہ میں کوٹ کر پانی نچوڑ لیں اور چار پہر احتیاط سے رکھ دیں۔ پھر آرام سے مقطر پانی نتھار کر بوتل میں ڈالیں اور اوپر سے نتھار کر ملاتے رہیں اور کھرل کرتے رہیں۔ حتیٰ کہ 2 سیر مقطر پانی جذب ہو جائے۔ اخیر میں دوائی لئی کی طرح بن جائے گی۔ اسے ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** ململ کے کپڑے پر پتلا سا ضماد کر کے حشفہ اور سیون بچا کر لگا دیں۔ 24 گھنٹہ کے بعد اسے اتار کر پھینک دیں اور تازہ لگا دیں جب زخم بن جائے یا دانے نکل آئیں پٹی نہ لگائیں اور شنگرف 4 ماشہ پیس کر روغن چنبیلی تین تولہ میں حل کر کے چپڑتے رہیں یا گھی میں پیاز جلا کر لگاتے رہیں۔ تین دن میں عموماً صحت ہو جاتی ہے۔ اگر دوائی خشک ہو جائے تو بوقت استعمال قدرے کٹائی خورد کا پانی ملا کر کھرل کر کے جس قدر دوا کی ضرورت ہو ضماد کی شکل بنا کر استعمال کرنی چاہیے۔

## (228) طلائے مجلوق وست

**اسناد:** حکیم مولوی غلام حسین صاحب اس طلا کو ہمیشہ تیار کرتے ہیں۔ آپ کا عطیہ خاص ہے۔

**منافع:** عضو مخصوص کے تمام نقائص، کجی، کوتاہی، لاغری، سستی کو رفع کر کے طاقتور کر دیتا ہے۔ آسانی سے تیار ہو سکتا ہے۔ اس کے اجزا آسان اور ارزاں ہیں۔ تھوڑے ہی عرصے میں مکمل شفاء ہو جاتی ہے۔ بارہا تجربہ ہو چکا ہے۔

**اجزا:** شیر مدار، روغن زرد ہر ایک 5 تولہ، سم الفار سفید 2 ماشہ، جاوتری، جائفل، قرنفل، زعفران، خراطین مصفیٰ، بیر بہوٹی ہر ایک تین ماشہ۔

**ترکیب:** شیر مدار اور روغن زرد کڑچھے میں ملا کر نرم آنچ پر رکھیں۔ جب شیر جل کر صرف روغن رہ

جائے کھرل میں ڈال کر خشک ادویہ باریک کھرل کر کے ملادیں اور اچھی طرح کھرل کر کے مرہم بنالیں۔

استعمال: 4 رتی کے قریب رات کو حشفہ اور سیون بچا کر عضو مخصوص پر مالش کر کے برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ صبح کھول دیں۔ روزانہ اسی طریق سے استعمال کریں۔ دانے نکل آئیں تو طلا بند کر کے گھی سے چپڑتے رہیں۔ جب دانے معدوم ہو جائیں پھر بطریق مذکور طلا استعمال کریں۔ یہی دستور جاری رکھیں حتیٰ کہ مکمل صحت ہو جائے۔

## (229) طلائے ملذذ

اسناد: ایک دوست کا عطیہ خاص نسخہ نہایت عجیب الاثر اور مخفی صدری ہے۔

منافع: اس کے استعمال سے فریقین کو بے حد لذت اور سرور حاصل ہوتا ہے۔ زیادہ تعریف فضول ہے تجربہ کے بعد حقیقت عیاں ہو جائے گی۔

اجزا: عطر گلاب، عطر چنبیلی، اندری ریچھ، شہد، جگنو ہر ایک برابر وزن۔

ترکیب: اندری ریچھ کا بورہ کر کے باریک کھرل کریں۔ جگنو خاص طریقہ سے پکڑے جائیں۔ سب کو کھرل کر کے مرہم سی بنالیں اور ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: جماع سے قبل دو رتی کے قریب حشفہ پر لگا کر مشغول ہوں۔ اگر جماع سے تین گھنٹے پہلے ایک مسک گولی بھی استعمال کرلی جائے تو بہت بہتر ہے۔

## (230) نسخہ دیگر سہل

منافع: عمدہ ملذذ ہے اور آسانی سے تیار ہو سکتا ہے۔

اجزا: مشک خالص، آب زہرہ مرغ سفید، عطر گلاب خالص ہر ایک برابر وزن۔

ترکیب: سب کو ملا کر کھرل کر کے ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: قبل از جماع دو تین رتی کے قریب حشفہ پر لگانا چاہیے۔

## (231) طلائے خاص

اسناد: حکیم غلام حسین صاحب چک نمبر13 (بھلوال) کا عطیہ ہے۔ آپ کا یہ نسخہ بہت مشہور ہے۔

منافع: یہ طلا عضو مخصوص کی کجی، لاغری، کوتاہی اور مجلوق کے نقائص کے لئے ازبس مفید ہے۔ خاص نسخہ مجرب اور بے خطا نسخہ ہے۔

اجزا: سم الفار سفید، سم الفار تیلیہ، ہڑتال ورقی، سیماب آملہ سار، لونگ منجھل، شنگرف ہر ایک تولہ تولہ، تخم دھتورہ، جمالگوٹہ، روغن کنجد ہر ایک 5 تولہ، بیر بہوٹی 2 تولہ، زردی بیضہ مرغ 10 عدد، شیر مدار 10 تولہ، کپڑہ ریشمی مقرض حسب ضرورت۔

ترکیب: کپڑا ریشمی کو قینچی سے باریک کتر لیں۔ پارہ آملہ سار کو ملا کر خوب کھرل کریں تاکہ سیاہ ہو جائے۔ سم الفار، شنگرف اور منجھل کو الگ الگ کھرل کریں پھر سب ادویہ کو ریشمی کپڑے کے ساتھ کونڈہ

ڈنڈہ میں اس حد تک کھرل کرنا چاہئے کہ گولیاں بن سکیں بعدہ جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کر دو دن سایہ میں رکھ کر خشک کریں اور پتال جنتر کے ذریعہ روغن کشید کریں۔

**نوٹ:** ریشمی کپڑا اس قدر ملانا چاہئے کہ گولیاں بن سکیں۔

**استعمال:** رات کو تین قطرے آلہ تناسل پر حشفہ اور سیون بچا کر مالش کر کے اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیا کریں۔ جب دانے نکل آئیں یا زخم بن جائے طلا کا استعمال موقوف کر کے گھی یا روغن چنبیلی لگاتے رہیں۔ دانے وغیرہ درست ہونے پر پھر بدستور لگانا شروع کریں۔ اسی طرح ایک دو دفعہ استعمال کرنے سے آرام ہو جاتا ہے۔

## (232) طلائے سرخ کلاں

**اسناد:** حکیم مولوی عبدالرسول صاحب مرحوم ساکن بکھر ضلع شاہ پور کے خاص معمولات سے ہے۔ نسخہ اپنی خوبیوں کی وجہ سے بہت مشہور اور اس قابل ہے کہ ہر مطب میں تیار رہے۔

**منافع:** عضو مخصوص کے نقائص کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ اس میں خاص خوبی یہ ہے کہ آسان اور ارزاں ہے اور مشکل سے تیار ہونے والے نسخہ جات کا مقابلہ کرتا ہے۔ حکیم صاحب مرحوم کے سب شاگرد اور عام اطباء اس نسخہ کے عامل ہیں اور کسی کو بتانا نہیں چاہتے ہیں۔ ہمارے مطب میں ہمیشہ تیار رہتا ہے۔ مجرب اور مستند طلائے۔

**اجزا:** شنگرف، مغز تخم ارنڈ، بیر بہوٹی ہر ایک دو تولہ، سم الفار سفید، سم الفار زرد، مغز جمالگوٹہ ہر ایک تین ماشہ، رسکپور 6 ماشہ، مکھن گائے 8 تولہ۔

**ترکیب:** شنگرف، سم الفار، رسکپور کو خوب سحق کریں باقی ادویات باریک پیس لیں پھر سب کو مکھن میں ملا کر چار پہر کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** روزانہ رات کو سوتے وقت ایک دو رتی سے قریب عضو مخصوص پر حشفہ اور سیون بچا کر مالش کر کے پان یا ارنڈ کا پتہ باندھ دیا کریں۔ جب دانے نکل آئیں طلا بند کر کے دن میں دو تین دفعہ چپڑتے رہیں۔ زخم وغیرہ درست ہونے پر دوبارہ طلا لگانا شروع کریں۔ معمولی مریض کو ایک دفعہ اور نامرد کو دو تین دفعہ دانے نکلوانے کے بعد عضو خاص کے نقائص درست ہو جاتے ہیں۔

## (233) طلائے نایاب

**منافع:** عضو مخصوص کے تمام نقائص، کجی، لاغری، سستی وغیرہ کے لئے کامیاب ثابت ہوا ہے۔ ایک دفعہ تیار کیا کئی کمزور اور مجلوق صحت یاب ہوئے پہلے دوسرے دن ہی اپنا مسیحائی اثر دکھاتا ہے۔ عضو خاص کے نقائص رفع کر کے اعصاب کو قوی کر دیتا ہے۔

**اجزا:** سم الفار سفید، شنگرف رومی ہر ایک تولہ تولہ، مغز جمالگوٹہ، گھونگچی سفید، مغز تخم ریٹھہ، بیر بہوٹی، مال کنگنی، بھلاوہ، شیر مدار ہر ایک 5 تولہ، زردی بیضہ مرغ 25 عدد۔

ترکیب: پہلے کچلہ دودھ میں تر کریں۔ دودھ روزانہ تبدیل کر دیا کریں۔ جب نرم ہو جائیں ہاون دستہ میں خوب کوٹیں تاکہ باریک ہو جائیں۔ دیگر ادویہ باریک پیس کر سب کو فراخ کھرل میں ڈال کر زردی بیضہ مرغ ایک ایک ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ جب گولیاں بن سکیں۔ لمبی لمبی گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کریں۔ اور آتشی شیشی میں پتال جنتر کے ذریعہ تیل کشید کریں۔ پھر اس تیل میں بحساب ایک تولہ کے زعفران خالص، کستوری خالص، عنبر اشہب ہر ایک دو دو رتی، بسباسہ، لونگ، جائفل، عقر قرحہ، دار چینی، پوست بیخ کنیر سفید ہر ایک ماشہ ماشہ خوب کھرل کر کے ملا دیں اور ایک یوم خوب کھرل کر کے شیشی میں تیار رکھیں۔

استعمال: دو تین قطرہ عضو مخصوص پر حشفہ اور سیون بچا کر مطابق طلائے خاص نمبر 231 استعمال کریں۔

## (234) طلائے مقوی

نفع: یہ طلا آلہ تناسل کے نقائص، لاغری، کوتاہی، سستی وغیرہ دور کر کے خوب طاقت و توانائی پیدا کرتا ہے۔ خواہ یہ نقائص جلق اغلام خواہ کثرت مباشرت اور بڑھاپے وغیرہ سے پیدا ہو گئے ہوں۔ ہر حال میں آزمودہ مجرب ہے۔ اس طلاء سے دانے نہیں نکلتے نہ زخم ہوتا ہے۔

اجزا: زعفران اصلی 6 ماشہ، رائی بنارسی، ہیرا ہینگ خالص، روغن لونگ ولائتی، روغن دار چینی ولائتی، عقر قرحہ، جائفل ہر ایک تین ماشہ، کاڈلور آئیل 2 تولہ۔

ترکیب: خشک ادویات باریک کھرل کر کے تیلوں میں ملا کر ایک دن کامل کھرل کریں۔

استعمال: رات کو 4 قطرے حشفہ اور سیون بچا کر مالش کریں اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیا کریں۔

## (235) طلائے مطول و مسمن

نفع: اس سے درازی اور فربہی حاصل ہوتی ہے۔ لاغری، سستی وغیرہ دور ہوتی ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

اجزا: خراطین خشک مصفی، بیر بہوٹی، ریگ ماہی، جاوتری، جائفل، چربی شیر، چربی ریچھ، جند بید ستر ہر ایک تولہ، زردی بیضہ مرغ 20 عدد۔

ترکیب: خشک ادویات باریک پیس کر چربیوں اور زردی بیضہ مرغ میں کھرل کر کے مرہم سی بنا لیں۔

استعمال: رات کو روزانہ حشفہ اور سیون بچا کر مالش کریں اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیا کریں۔

## (236) طلائے مقوی باہ

نفع: مقوی باہ ہے۔ آلہ تناسل کی کجی لاغری کے لئے مفید ہے۔ عجیب النفع سہل نسخہ ہے۔ اس سے دانے وغیرہ پیدا نہیں ہوتے۔

اجزا: سوئے سرانسان متقرض 20 تولہ، مال کنگنی، تخم حرمل ہر ایک نیم پاؤ، جائفل 5 تولہ، لونگ 2 تولہ۔

**ترکیب:** بطریق پتال جنتر روغن کشید کیا جائے۔
**استعمال:** رات کو حشفہ اور سیون بچا کر مالش کریں اوپر برگ پان وغیرہ باندھیں۔

## (237) اکسیر جریان

**اسناد:** الحاج حکیم حافظ قریشی چمن پیر احمد شاہ صاحب شاگرد خاص مسیح الملک حکیم حافظ محمد اجمل خان صاحب مرحوم سکنہ خوشاب کا عطیہ و معمول خاص ہے۔

**منافع:** منافع جریان ہر قسم نہایت اکسیر ہے۔ کثرت احتلام و رقت میں بھی مفید ہے۔

**اجزا:** سیماب اور آملہ سار ہر ایک تولہ تولہ، مازو 2 تولہ، سنگ جراحت 12 تولہ۔

**ترکیب:** سیماب اور آملہ سار کو اس حد تک کھرل کریں کہ خوب سیاہ ہو جائے اور چمک نہ رہے پھر دیگر ادویہ پارچہ بیز کر کے ملا دیں اور خوب کھرل کریں بس تیار ہے۔

**استعمال:** چار ماشہ صبح ہمراہ شیر گاؤ پاؤ بھر استعمال کریں۔

**نوٹ:** اگر سنگ جراحت کو تیز کوئلوں میں جلالیں یہاں تک کہ بالکل سفید ہو جائے تو وہ بہتر رہے گا۔

## (238) قرص اکسیر جریان

**اسناد:** تلمیذ رشید حکیم محمد اقبال صاحب کا خاص مستند معمول اور عطیہ خاص ہے۔

**منافع:** جریان ہر قسم کے لئے اکسیر ہے۔ جریان اور اس کے عوارض مثلاً گرمی، دل دھڑکہ، ضعف اعضاء رئیسہ و شریفہ، زردی رنگ بدن، کمی خون، ضعف قلب، رقت منی، کثرت احتلام، سرعت انزال وغیرہ کو جلد ختم کر دیتا ہے۔ بدن میں طاقت اور رونق آ جاتی ہے۔ چند دنوں میں ہی مریض کی حالت بہتر ہو جاتی ہے۔ مجرب ہے۔

**اجزا:** چاندی خالص، سکہ، قلعی ہر ایک تولہ تولہ، دانہ الائچی خورد 2 تولہ، مصری کوزہ آٹھ تولہ۔

**ترکیب:** سکہ، قلعی، چاندی کے علیحدہ علیحدہ باریک پترے بنا کر باریک باریک کتر لیں پھر دانہ الائچی خورد کی ایک ایک چٹکی ڈالتے جائیں اور کونڈہ ڈنڈہ میں گھوٹتے جائیں۔ جب الائچی ختم ہو جائے کوزہ مصری کوٹ کر اس کی ایک ایک چٹکی فاصلہ سے ڈالتے اور گھوٹتے جائیں۔ خوب زور سے گھوٹنا چاہئے تاکہ مصری کوزہ ختم ہونے تک ہر سہ اشیاء باریک ہو جائیں۔ اس کے بعد برگ حناء زیرہ سفید ہر ایک 2 تولہ در پارچہ بستہ ایک پاؤ پانی میں بھگو دیں۔ دو دن کے بعد زیرہ کی پوٹلی کو مل کر پانی چھان لیں اور اس پانی کے ساتھ دوائے مذکور کو کھرل کرنا شروع کریں حتیٰ کہ سب پانی ختم ہو جائے پھر دو دو ماشہ کے قرص تیار کر لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** ایک قرص روزانہ توڑ کر بکری یا گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ بصورت قبض مجوزہ خیار شنبر ایک تولہ یا کوئی مناسب قبض کشاء دوائی استعمال کرنی چاہئے۔ غذا سرد زود ہضم ہو، گرم، ترش اور تیل دار اشیاء سے پرہیز واجب ہے۔ جماع سخت مضر ہے۔

## (239) سفوف اکسیر جریان

منافع: یہ دوا جریان احتلام کے لئے اکسیر ہے۔ مغلظ منی، دافع ذکاوت حس، اعضاء رئیسہ و شریفہ کو طاقت دیتی خوب صاف پیدا کر کے بدن کو طاقت بخشتی ہے۔ مولد منی اور گرمی دل دھڑکہ وغیرہ کو رفع کرتی ہے۔ اس نسخے کی یہ خصوصیت ہے کہ جریان کی بیخ کنی کر کے دل دماغ معدہ جگر اور گردہ و مثانہ و اعصاب کو طاقت بخشتا ہے اور کمزور سے کمزور اور ناتواں مریض بھی چند دنوں میں ایک نئی برقی طاقت محسوس کرنے لگتا ہے۔

اجزا: تخم خرفہ، موصلی سفید، بہمن سفید ہر ایک 6 ماشہ، سمندر سوکھ، پکھان بید، صمغ عربی ہر ایک تولہ تولہ، کشتہ عقیق، کشتہ قلعی، کشتہ بیضہ مرغ، ہفت آتشہ در شیر مدار ہر ایک تین ماشہ، کشتہ فولاد جامن یا گھیکوار والا 2 ماشہ، کشتہ سنکھ در بھوا تیار شدہ تین ماشہ، کشتہ مرجان در مکھن تیار کردہ تین ماشہ مصری کوزہ دو تولہ۔

ترکیب: پہلی ادویہ کوٹ چھان کر کشتہ جات اور مصری کوزہ خوب کھرل کر کے یکجان کر لیں۔

استعمال: ایک ایک ماشہ صبح و شام مسکہ تازہ میں ملا کر کھائیں۔

## (240) اکسیر جریان و احتلام

اسناد: حکیم ملک محمد غوث صاحب کھوکھر بخاروی کا معمول ہے۔ میں نے خود اسے تیار کر کے کئی مریضوں کو دیا کامیاب ثابت ہوا۔

منافع: جریان، احتلام کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ سرعت انزال، رقت منی، ضعف باہ، ضعف گردہ، سلسل بول، ذیابیطس کو مفید ہے۔ جریان احتلام کو صرف سات خوراک سے آرام ہو جاتا ہے۔

اجزا: قلعی مصفی، قشر بیضہ مرغ مصفی ہر ایک دو دو تولہ، شورہ قلمی 4 تولہ۔

ترکیب: قلعی کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پگھل جائے شورہ قلمی باریک شدہ کی چٹکی دیتے جائیں اور برگد کے تازہ ڈنڈہ سے رگڑتے جائیں۔ ڈنڈا مذکور سے پانی نکل کر قلعی میں جذب ہوتا جائے گا۔ جب پانی خشک ہو جائے اور شورہ آواز دینی بند کر دے اور قلعی پھول کر سفید ہو جائے تب عمل بند کر دیں اور باریک پیس کر کسی برتن میں ڈال کر ایک سیر پانی ملا کر ہاتھوں سے مل کر برتن کو ٹیڑھا کر کے رکھ دیں۔ جب پانی صاف ہو جائے اسے آہستہ آہستہ گرا دیں اور پھر اسی قدر پانی ملا کر ہاتھوں سے مل کر رکھ دیں۔ جب تک پانی نتھر جانے کے بعد گرا دیں۔ اسی طرح تین چار دفعہ دھوئیں تاکہ شورہ کا اثر نکل جائے پھر قلعی کو خشک کر کے قشر بیضہ کوفتہ ملا کر شیر مدار 4 تولہ سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں بند اور گل حکمت کریں اور دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہو جائے تو دوا نکال کر دوبارہ 4 تولہ شیر مدار میں کھرل کر کے دس سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ اسی طرح گیارہ مرتبہ آنچ دیں تیار ہو جائے گا۔ پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: صبح ایک رتی مکھن میں رکھ کر استعمال کیا کریں۔ سات خوراک سے دیرینہ جریان، احتلام ختم ہو جائے گا۔

**غذا:** سرد، گرم ترش اور تیل دار اشیاء سے پرہیز کریں۔ قبض کی حالت میں کوئی قبض کشاء دوا رات کو ضرور کھائیں۔

**ترکیب قلعی مصفی:** قلعی 4 تولہ کڑچھی میں پگھلا کر تیل سرسوں میں بجھائیں پھر نکال کر دوبارہ گرم کر کے تیل مذکور میں بجھائیں اسی طرح سات مرتبہ عمل کریں۔

**ترکیب تصفیہ قشر بیضہ مرغ:** چھلکا بیضہ کو تین دن نمک والے پانی میں تر رکھ کر مل کر دھو ڈالیں چھ سات دفعہ تازہ پانی ملا کر خوب دھو دیں اور اندرونی پردہ الگ کر لیں اور خشک کر کے پیس لیں۔

## (241) حب اکسیر احتلام

**منافع:** کثرت احتلام کی خاص مجرب اور مشہور دوا ہے۔ سات روز میں فائدہ ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

**اجزا:** مغز تخم توری تلخ، مغز تخم تمر ہندی یعنی املی، افیون ہر ایک تین ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو باریک پیس کر گوند کیکر کے لعاب سے کھرل کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔

**استعمال:** صبح و شام ایک ایک گولی دوغ یا آب سادہ کے ہمراہ نگل لیں۔

## (242) دوائے احتلام

**منافع:** کثرت احتلام کی خاص مجرب اور اکسیر دوا ہے۔ اس کے علاوہ سیلان الرحم کو مفید ہے۔ جریان کو بھی فائدہ بخشتی ہے۔ ہفتہ عشرہ میں آرام ہو جاتا ہے۔ مجرب المجرب ہے۔

**اجزا:** رال سفید، مازو، سبوس اسپغول ہر ایک تولہ تولہ، جفت بلوط، شاہدانہ ہر ایک 6 ماشہ، نبات 4 تولہ۔

**ترکیب:** سب ادویہ الگ الگ پیس کر سفوف بنالیں۔

**استعمال:** چھ چھ ماشہ صبح و شام بکری کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (243) کشتہ نقرہ اکسیر جریان

**اسناد:** حکیم محمد بخش صاحب ستیانہ (جھنگ) کا معمول اور عطیہ ہے۔

**منافع:** یہ کشتہ جریان، کثرت احتلام رقت کے لئے نہایت مفید ہے۔

**اجزا:** نقرہ خالص، ٹاٹری ہر ایک تولہ تولہ، تیل سرسوں 10 تولہ چھاچھ ترش ایک لٹر۔

**ترکیب:** نقرہ کوٹ کر باریک پترہ بنالیں۔ ٹاٹری کوٹ کر تیل اور چھاچھ میں ملا کر پترہ نقرہ کو کوئلوں کی تند آگ میں گرم کر کے اس میں بجھاؤ دیتے رہیں۔ جب پترہ پھول جائے اور ٹوٹنے لگے اس کو ہاون دستہ میں پیس کر ایک پختہ کھرل میں عرق گلاب خالص دو آتشہ سے کھرل کرتے رہیں۔ حتیٰ کہ نرم اور ملائم ہو جائے نیلگوں کشتہ تیار ہو گا۔

**استعمال:** رات کے وقت گائے کے آدھ سیر دودھ میں موصلی سفید کوفتہ، ست اسپغول ہر ایک تولہ تولہ، مصری کوزہ پانچ تولہ ملا کر پکائیں۔ جب غلیظ القوام ہو جائے ایک تھالی میں ڈال کر رکھ دیں۔ صبح اس سے ایک لقمہ علیحدہ کر کے کشتہ نقرہ ایک رتی یا دو رتی ملا کر کھالیں۔ بعد میں باقی چمچہ سے کھالیں روزانہ اسی

طرح تازہ تیار کر کے استعمال کرنا چاہئے۔ گرم، ترش، تیل دار اشیاء اور جماع سے پرہیز ہے۔ قبض نہ ہونے دیں۔

## (244) حب لوبان

**منافع:** سرعت انزال یعنی جماع کے وقت منی جلد خارج ہو جانا ایک مشکل مرض ہے۔ یہ اکسیر اس عارضہ کا شافی علاج ہے۔ سریع الاثر اس قدر کہ اگر تجربہ کے طور پر استعمال کی جائے تو پہلی رات ہی اپنا اثر دکھاتی ہے۔ مگر مناسب یہ ہے کہ جماع سے پرہیز کر کے اسے بیس دن متواتر استعمال کیا جائے۔ انشاء اللہ اس عارضہ سے کلی طور پر نجات حاصل ہو گی۔ قوت باہ بھی خوب پیدا کرتی ہے۔

**اجزا:** شنگرف، کافور، افیون، لوبان کوڑ، ہر ایک تولہ تولہ۔

**ترکیب:** پہلے شنگرف کو خوب کھرل کریں۔ پھر اس میں لوبان ملا کر کھرل کریں پھر کافور اور پھر افیون ملا کر ہاون دستہ میں خوب کوٹیں جب نرم ہو جائے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** ایک گولی ہمراہ شیر گائے دوران استعمال میں غذا مرغن استعمال کریں۔

## (245) حلوائے گذر

**منافع:** نہایت مقوی باہ، بدن کو موٹا کرتا اور طاقت بدنی پیدا کرتا ہے۔ گردہ و مثانہ و معدہ اور دماغ کو طاقت بخشتا ہے۔ اعصاب اور دماغ کو طاقت دیتا اور درد گردہ کو مفید ہے۔ موسم سرما کا عمدہ تحفہ نہایت لذیذ ہے۔ کئی دفعہ تیار کیا ہے۔

**اجزا و ترکیب:** گذر سرخ (جس کا درمیانی سخت حصہ دور کیا گیا ہو) ایک کلو خراشتہ دور کردہ آدھ کلو دونوں کو شیر گائے پانچ کلو میں معتدل آگ پر پکائیں حتیٰ کہ حلوا کی طرح ہو جائیں۔ ابھی کچھ دودھ باقی ہو تو اتار لیں۔ پھر ہر دو اشیاء کو نڈہ ڈنڈہ میں پیس کر بمعہ کھوا شیر روغن زرد 2 پاؤ میں بریاں کریں حتیٰ کہ سرخ ہو جائیں۔ بعدہ میدہ گندم، آرد نخود بریاں ہر ایک 4 تولہ، زردی بیضہ مرغ تازہ 20 عدد کو روغن زرد میں علیحدہ بریاں کر کے شامل کریں اور قند سفید ڈیڑھ سیر کا قوام کر کے مذکورہ سب اشیاء اچھی طرح ملا لیں۔ پھر مغز بادام شیریں مقشر مغز پستہ، مغز فندق، مغز اخروٹ، مغز چلغوزہ، کشمش سبز، مغز نارجیل ہر ایک تین تولہ، ثعلب مصری، خولنجاں، دارچینی، زنجبیل ہر ایک تولہ تولہ سفوف کر کے ملا دیں۔ آخر میں زعفران عمدہ چھ ماشہ (اگر میسر ہو مشک خالص 3 ماشہ) کو روح کیوڑہ میں حل کر کے مذکورہ تمام اجزا میں خوب ملا لیں اور چینی کی مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** دو یا تین تولہ صبح ہمراہ شیر گائے تازہ استعمال کریں۔

## (246) اکسیر باہ و امساک خاص

**اسناد:** دار الصحت سلطانیہ للیانی میں یہ اکسیر تیار رہتی ہے۔ اور مسلمۃ الفوائد ہر مطب میں تیار رہنے کے قابل ہے۔

**منافع**: ضعف باہ اور امساک کا خاص نسخہ ہے۔ خواہ شہوت میں کمی ہو خواہ امساک میں خواہ دونوں نقص ہوں۔ یہ اکسیر ہر حال میں مفید پڑتی ہے۔ مردمی کمزوری کے لئے چوٹی کا نسخہ ہے۔ شائقین اسے تیار کر کے فائدہ اٹھائیں زیادہ مشکل نسخہ بھی نہیں۔

**اجزا**: پارہ، سنکھیا سفید، افیون، کچلہ مدبر، کشتہ فولاد شنگرفی، ورق نقرہ ہر ایک تولہ تولہ، برگ پان ساڑھے تین سو عدد۔

**ترکیب**: پچاس عدد برگ پان تازہ لا کر ہاون دستہ میں کوٹ کر پانی نکالیں اور پارہ سنکھیا افیون کو ایک پختہ کھرل میں ڈال کر پان کے پانی سے کھرل کریں۔ جب ختم ہو جائے پھر 50 پتوں کا پانی نکال کر کھرل کریں اسی طرح عمل کرتے رہیں۔ جب تین صد برگ پان کا پانی جذب ہو جائے ورق نقرہ، کشتہ فولاد شنگرفی، کچلہ مدبر ملا کر باقی پچاس عدد برگ پان کا پانی کھرل کریں اور دانہ باجرہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**استعمال**: ایک سے دو گولی تک عصر کے وقت حسب طاقت مریض ہمراہ شیر آدھ کلو نگل لی جائیں۔ پہلے کچھ ناشتہ کر لینا چاہئے۔ دوران استعمال میں دودھ گھی، مکھن جس قدر ہضم ہو سکے استعمال کیا جائے۔

**نوٹ**: کشتہ فولاد شنگرفی اور کچلہ مدبر کی عمدہ ترکیبیں مجربات سلطانی حصہ اول میں درج کی گئی ہیں۔ کشتہ فولاد اکسیری مندرجہ طبی شہپارے بھی بہت عمدہ چیز ہے۔

## (247) نسخہ دیگر

**اسناد**: حکیم محمد عبدالرحمن صاحب خوشاب ضلع شاہ پور کا معمول و عطیہ ہے۔

**منافع**: مقوی، ممسک اور مفرح ہے۔ آسانی سے تیار ہو سکتا ہے۔ چند روز باقاعدہ استعمال کرنے سے خوب طاقت اور امساک پیدا ہو جاتی ہے۔ مجرب اور آزمودہ نسخہ ہے۔

**اجزا**: شنگرف، افیون، نارمشک، جوزبوا، مشک خالص، دانہ الائچی خورد، ناگرموتھ، یاقوت ہر ایک ہم وزن شہد حسب ضرورت۔

**ترکیب**: یاقوت کو عرق گلاب میں کھرل کریں اور باقی اشیاء کوٹ چھان کر ملا کر خوب کھرل کریں تاکہ یکجان ہو جائے پھر حسب ضرورت شہد ملا کر نخودی گولیاں تیار کریں۔

**استعمال**: صبح و شام ایک ایک گولی دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (248) سفوف ذکاوت حس

**اسناد**: یہ نسخہ بھی صاحب ممدوح کا عطیہ ہے۔ آپ کے ہاں کثرت سے خرچ ہوتا ہے۔

**منافع**: ذکاوت حس، جریان، کثرت احتلام کا خاص نسخہ ہے۔

**اجزا**: پوست خشخاش، اسگندھ ناگوری، سبوس اسپغول، کشنیز خشک، تخم کاہو، پوٹاشیم برومائیڈ ہر ایک تولہ تولہ، کھانڈ سفید 5 تولہ۔

**ترکیب**: کوٹ چھان کر سفوف تیار کر لیں۔

**استعمال:** پانچ پانچ ماشہ صبح و عصر ہمراہ شیر استعمال کیا جائے۔ قبض ہو تو رات کو کوئی قبض کشاء دوا استعمال ہونی چاہئے۔

## (249) نسخہ دیگر

**منافع:** ذکاوت حس کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ ڈیڑھ ہفتہ کے استعمال سے بڑھی ہوئی حس جو بچپن کی غلط کاریوں سے پیدا ہو جاتی ہے رفع ہو کر جریان' احتلام کا عارضہ کافور ہو جاتا ہے۔ گرمی اور رقت منی کا عارضہ دور ہو کر منی غلیظ ہو جاتی اور مزاج میں اعتدال پیدا ہو جاتا ہے۔ بارہا کا مجرب ہے۔

**اجزا:** پوٹاشیم برومائیڈ' برگ ببول' طباشیر کبود' دانہ الائچی خورد' کوکنار' ریش برگد خشک' تخم نیلوفر' بیج بند' تخم سریالہ' اجوائن خراسانی ہر ایک برابر وزن۔

**ترکیب:** الگ الگ پیس کر سفوف تیار کریں۔

**استعمال:** تین ماشہ صبح تین ماشہ عصر ہمراہ شربت خشخاش 2 تولہ' آب آمیختہ یا شیر گائے کے ہمراہ بصورت قبض رات کو کوئی قبض کشاء دوائی استعمال کی جائے۔ گرم خشک اور تیل دار اشیاء سے پرہیز واجب ہے۔

# مجربات امراض زنان

## (250) گولیاں مدر حیض

**منافع:** یہ گولیاں ادرار حیض کے لئے نہایت مجرب ہیں۔ رحم کی جملہ تکالیف کو مفید ہیں۔ حیض بالکل بند ہو یا بے قاعدگی سے آتا ہو یا کم آتا ہو یا درد سے آتا ہو ہر حال میں مفید ہیں۔ ہر مزاج اور ہر موسم میں کار آمد ہیں نہایت عمدہ جامع نسخہ ہے جو مشکل سے حاصل ہوا ہے۔

**اجزا:** مصبر' ریوند خطائی' مجیٹھ ہر ایک 8 ماشہ' زعفران 6 ماشہ' افسنتین ہیرا کسیس' ریوند عصارہ' مرکی' شورہ قلمی' نوشادر' سہاگہ ہر ایک 4 ماشہ' ہینگ تین ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو باریک کر کے پانی کی مدد سے نخودی گولیاں بنائیں۔

**استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام نہار استعمال کریں۔ اگر حیض درد سے آتا ہو تو ایام سے چار دن پہلے شروع کی جائیں۔

## (251) نسخہ برائے درد حیض

**اسناد:** استاذیم حکیم مولوی برخوردار صاحب کھوکھر کا خاص معمول نسخہ ہے۔

**منافع:** اگر عورت کو حیض کے دنوں میں شدید درد ہوتا ہو اس کے لئے ازحد مجرب ہے۔ اس کے صرف تین دن استعمال کرنے سے حیض کھل کر آجاتا ہے اور درد کی تکلیف نہیں ہوتی۔ اگر دوسرے مہینہ میں بھی درد کی تکلیف ہو تو تین دن استعمال کر لینا چاہئے۔

**اجزا:** سونف، قند سیاہ کہنہ ہر ایک 5 تولہ، چھوہارا کلاں 15 عدد، داڑھی برگد در سایہ خشک کردہ پانچ تولہ۔

**ترکیب و استعمال:** سب کو کوٹ کر تین حصے کر لیں ایک حصہ روزانہ آدھ سیر شیر گاؤ تازہ میں جوش دے کر مل چھان کر نیم گرم پلایا کریں۔

## (252) نسخہ احتباس طمث

**اسناد:** یہ نسخہ بھی صاحب ممدوح کا عطیہ خاص ہے۔ آپ کو حکیم زین العابدین صاحب نے مرحمت فرمایا تھا۔ نسخہ فی الواقعہ بہت مجرب اور قابل قدر ہے۔

**منافع:** جن کو حیض بندش اور تکلیف سے اور کم آتا ہو اور ہمیشہ طرح طرح کی تکالیف میں مبتلا رہتی ہوں ان کے لئے مجرب اور معمول ہے۔

**اجزا:** آب سنکھپرا، آب بیخ حنظل، مصبر، عصارہ ریوند، مرکی ہر ایک تولہ تولہ، آب ڈنڈا تھوہر 6 ماشہ، زعفران خالص 9 ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو ملا کر اس حد تک کھرل کریں کہ گولیاں بن سکیں پھر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** حیض سے پانچ چھ یوم قبل دو گولی صبح دو گولی شام ہمراہ آب خالص استعمال کریں۔ ایام حیض تک استعمال کرتے رہیں۔

## (253) اکسیر کثرت حیض

**منافع:** کثرت حیض کے سب نسخوں سے زیادہ موثر بے ضرر اور مجرب ہے۔

**اجزا:** گوند کیکر، کتیرا، مغز کدو، بیخ انجبار ہر ایک تین ماشہ، گل انار، خون سیاؤشان ہر ایک 2 ماشہ، نشاستہ ایک ماشہ۔

**ترکیب:** سب ادویہ الگ الگ کوٹ چھان کر سفوف تیا کریں۔

**استعمال:** پانچ ماشہ صبح یا شام سرد پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (254) سفوف سیلان الرحم

**منافع:** سیلان الرحم (لیکوریا) کی ارزاں سریع الاثر اور مجرب دوا ہے۔

**اجزا:** خستہ جامن سوختہ، ریش برگد یعنی داڑھی بوہڑ خشک ہر ایک 10 تولہ، کشتہ بیضہ مرغ دو تولہ۔

**ترکیب:** سب ادویہ علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر سفوف بنا لیں۔

**استعمال:** تین تین ماشہ صبح و شام پانی یا خیسساندہ برگ جامن کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (255) نسخہ دیگر مجرب

**اجزا:** آرد سنگھاڑا، آرد چھوہارا، تخم سریالہ ہر ایک 10 تولہ، دار چینی 2 تولہ۔

**ترکیب:** سب کو باریک پیس کر ملا لیں۔

**استعمال:** سات سات ماشہ صبح وشام شیر گاؤ کے ساتھ استعمال کریں۔

## (256) سفوف استحاضہ و کثرت حیض

**منافع:** جب حیض ایام مقررہ سے تجاوز کر جائے یا زیادہ مقدار میں آرہا ہو اس کے لئے بہت مفید و مجرب ہے۔

**اجزا:** گل ارمنی، گلنار، طباشیر، کہربا، عرق گلاب میں سحق کردہ ہر ایک تولہ تولہ مصری 4 تولہ۔

**ترکیب:** سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

**استعمال:** 3 ماشہ سے 7 ماشہ تک صبح وشام پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (257) اکسیر سیلان الرحم

**اسناد:** یہ نسخہ دارالصحت سلطانیہ میں کئی دفعہ تیار ہو کر اکسیر ثابت ہو چکا ہے۔ قابل قدر تحفہ ہے۔

**منافع:** اکیس دن کے باقاعدہ استعمال سے برسوں کا سیلان الرحم (لیکوریا) ختم ہو جاتا ہے۔ عجیب الاثر بارہا کا مجرب ہے۔ سیلان الرحم کی وجہ سے جو شکایات پیدا ہو جاتی ہیں۔ مثلاً کمزوری، ناطاقتی، درد سر، دل دھڑکنا، کمی خون، اسقاط حمل کی عادت کا ہو جانا وغیرہ وغیرہ ان کو آرام ہو جاتا ہے۔ اختناق الرحم، کثرت حیض کو بھی مفید ہے۔

**اجزا:** کشتہ صدف، کشتہ ابرک سفید، کشتہ حجر الیہود، کشتہ مرجان، کشتہ فولاد ہر ایک تین ماشہ، لودھ پٹھانی، مائیں خورد، چینا گوند، سنگجراحت، کندر، گل پستہ، گل سپاری، تج مصطگی رومی، الائچی خورد، ستاور، طباشیر، ثعلب مصری، موصلی سفید، پاہ گجراتی، سمندر سوکھ، بیج بند، تخم سروالی، بہمن سفید و سرخ، سنگھاڑہ، تخم املی، زیرہ سفید ہر ایک 6 ماشہ، جفت بلوط، گل دھاوا ہر ایک سات ماشہ، مصری دیسی ہم وزن۔

**ترکیب:** کشتہ جات کے علاوہ سب ادویہ کوٹ چھان کر کشتہ جات ملالیں اور کھرل کر کے یکجان کریں۔

**استعمال:** چھ ماشہ صبح شیر گاؤ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (258) دوائے بثور رحم

**منافع:** رحم کی پھنسیوں کے لئے بہت سریع الاثر و مجرب ہے۔ ایک دن میں فائدہ ہو جاتا ہے۔

**اجزا:** گل سرخ، گل ارمنی، مردار سنگ، سفیدہ کاشغری ہر ایک تولہ تولہ، اقلیمیائے فضہ (میل چاندی) موم سفید ہر ایک 6 ماشہ، روغن گل 10 تولہ۔

**ترکیب:** موم اور روغن گل ملا کر پگھلائیں پھر باقی ادویہ باریک کھرل شدہ ملا کر خوب حل کریں۔

**استعمال:** دن میں دو یا تین دفعہ لگائیں۔

## (259) اکسیر خارش شرمگاہ

**منافع:** شرمگاہ کی خارش کے لئے سریع الاثر دوا ہے۔ دو یوم میں یقیناً فائدہ ہو جاتا ہے۔ پھر اور دوائی کی

ضرورت نہیں رہتی۔ مجرب الجرب ہے۔

اجزا: برگ نیم 2 تولہ، کمیلہ بعرہ بستہ 6 ماشہ مناسب پانی میں جوش دے کر مل چھان کر نیم گرم پچکاری کریں بعد میں سفیدہ کاشغری 6 ماشہ، مردار سنگ 2 ماشہ، گندھک 1 ماشہ، کافور 2 رتی باریک پیس کر روغن نارجیل ڈھائی تولہ ملا کر اس میں کپڑا تر کر کے حمول کریں۔ روزانہ یہی عمل کیا کریں اگر معمولی تکلیف ہو تو پچکاری کے سوا صرف حمول سے ہی دو تین یوم میں فائدہ ہو جاتا ہے۔

## (260)شافہ مدر حیض مجرب

**منافع:** بند شدہ حیض کو جاری کرتا ہے۔ خواہ بیس سالہ ہو انشاء اللہ چند دنوں میں جاری ہو جاتا ہے۔

**اجزا:** زعفران خالص، جاوتری، حب بلسان، کتیرا، سونف رومی ہر ایک تین تین ماشے، قرنفل 5 ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو جدا جدا باریک پیس کر حسب ضرورت شہد ملا کر شافے تیار کریں۔

**استعمال:** حسب دستور بطور شافہ استعمال کریں۔

## (261)عمل برائے اٹھراہ

**منافع:** اٹھراہ کا مجرب عمل ہے اس کے باقاعدہ استعمال سے بچہ تندرست صحیح حالت میں پیدا ہوتا ہے۔ اسقاط نہیں ہوتا اور عموماً لڑکا ہی پیدا ہوتا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** بروز سوموار صبح باوضو اول 11 بار درود شریف پڑھیں پھر سورہ والشمس ایک بار پڑھ کر اجوائن دیسی ایک پاؤ، مرچ سیاہ پانچ تولہ پر دم کریں اسی طرح 41 بار پڑھ کر دم کریں۔ آخر میں پھر 11 بار درود شریف پڑھ لیں۔ جب عورت کو حمل ہو جائے ہر روز ایک چٹکی بھر اجوائن اور دو تین دانہ مرچ سیاہ بلاناغہ چبا کر کھالے اوپر سے ایک دو گھونٹ پانی پی لیا کریں اور اسم یا اللہ کا تعویذ ہر روز پانی میں گھول کر پیا کرے۔ بچہ پیدا ہونے تک یہ عمل بلا ناغہ کیا جائے۔ سورہ والشمس شروع کرتے وقت اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھنا چاہئے ایک دن ہی ایک وقت 41 بار پڑھ کر اجوائن اور مرچ سیاہ پر دم کر کے رکھ دیں اور تاولادت ان سے بطریق مذکور روزانہ لیا کریں۔ تعویذ بھی اکٹھے لکھے جا سکتے ہیں۔ دم کرنے والا اور تعویذ لکھنے والا نیک پرہیز گار شخص ہونا چاہئے۔ انشاء اللہ لڑکا پیدا ہو گا اور نقصان نہ ہو گا۔ اجازت ہے۔

## (262)دوائے کثرت حیض

**منافع:** کثرت حیض کے لئے نہایت سریع الاثر نسخہ ہے اور بالکل ارزاں و سہل بھی ہے۔ بلا کسی قسم کی تکلیف کے جلد فائدہ کرتا ہے۔ خصوصاً جب مریضہ کمزور ہو بہت مفید ہے۔

**اجزا:** ٹنکچر فرائی، سلفیورک ایسڈ ڈل ہر ایک 10 بوند، شربت لیموں 4 ماشہ، پانی ڈھائی تولہ۔

**ترکیب:** سب کو ملا لیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔

**استعمال:** دن میں ایسی دو خوراک استعمال کریں۔

## (263) نسخہ دیگر

منافع: کثرت حیض کے لئے بالکل آسان اور سستا زود اثر نسخہ ہے۔ پانچ روز میں آرام ہو جاتا ہے۔ مجرب المجرب۔

اجزاو ترکیب: ملٹھی مقشر سفوف بنا کر قدرے گیرو ملا کر رکھ لیں۔

استعمال: تین ماشہ چاول کے پانی کے ساتھ دن میں تین مرتبہ استعمال کریں۔

## (264) دوائے اختناق الرحم

اسناد: حکیم احمد یار صاحب پرامیانہ ہزارہ (سرگودھا) کا عطیہ و مجرب نسخہ ہے۔

منافع: اختناق الرحم کی عجیب الاثر سہل دوا ہے۔

اجزا: طباشیر، الائچی خورد، کشنیز، صندل سفید، الائچی کلاں ہر ایک دس ماشہ، زہر مہرہ، کہربا شمعی، نارجیل دریائی ہر ایک 6 ماشہ، کشتہ عقیق، کشتہ مرجان ہر ایک 2 ماشہ، ورق نقرہ 20 عدد۔

ترکیب: سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان، عرق بید مشک، عرق گلاب ہر ایک تین تولہ۔

## (265) دوائے عقر

منافع: عقر یعنی بانجھ پن کی عجیب الاثر دوا ہے۔ اگر حیض باقاعدہ آتا ہو تو اس سے انشاءاللہ حمل قرار پا جاتا ہے۔

اجزاو ترکیب: مغز کرنجوہ چار ماشہ، افیون خام 2 ماشہ دونوں پیس کر پانی میں حل کر کے اس میں ایک نہایت نرم کپڑا آلودہ کر کے اس کے تین حصے کر لیں۔

استعمال: جس دن عورت کو حیض سے فراغت ہو پہلے روز سے شروع کر کے تین روز تک دایہ سے رکھائیں اور ساتھ ہی صبح برادہ دندان فیل ایک ماشہ قلب الحجر 6 رتی ملا کر عرق گاؤزبان عرق بید مشک ہر ایک 5 تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ اگر پہلے ماہ کامیابی نہ ہو تو دوسرے تیسرے ماہ اسی طرح عمل کریں۔ خوردنی دوا بھی تین دن استعمال کرنی چاہئے۔

## (266) حب حافظ الجنین

اسناد: تلمیذ رشید برادرم حکیم محمد غوث صاحب کا عطیہ خاص ہے۔

منافع: جن مستورات کا حمل بوجہ اٹھراہ و خرابی خون وغیرہ گر جاتا ہو یا بچے چھوٹی عمر میں مرجاتے ہوں ان کے لئے نہایت مفید نسخہ ہے۔ سہل الحصول اور ارزاں بھی ہے۔ بارہا کا مجرب ہے۔

اجزا: صندل سفید و سرخ، کہربا، طباشیر، ابریشم مقرض، کچور، مجیٹھ، تخم کرفس، پوست بیخ چترہ، بیخ انجبار، صدف مروارید، زیرہ سفید، گل سرخ، تخم دھتر ہر ایک 5 ماشہ، شدیوی 7 ماشہ، برگ تلسی، دانہ الائچی

خورد ہر ایک 9 ماشہ، درونج عقربی تین ماشہ، تج، فلفل سیاہ، اجوائن بہمن سفید، بہمن سرخ ہر ایک 2 ماشہ،
مشک خالص ایک ماشہ۔

**ترکیب:** سب ادویہ الگ الگ کوٹ کر ملا کر کھرل کریں اور عرق گلاب و کیوڑہ سے خوب کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** ایک گولی ہر روز بلا ناغہ استقرار حمل سے شروع کر کے جب تک بچہ دودھ پیتا رہے۔ پانی کے ساتھ نگل لینی چاہئے۔ بہت گرم تیز اشیاء نیز مسہل سے پرہیز کیا جائے۔

## (267) نسخہ دیگر

**منافع:** کثرت اسقاط کی عادت کو رفع کرنے کے باوجود اس کے استعمال سے عموماً لڑکا پیدا ہوتا ہے اور حمل نہیں گرتا لطف یہ کہ بالکل آسان اور سستی دوا ہے۔

**اجزا و ترکیب:** قلب الحجر یعنی پتھر کا جیو ایک رتی طباشیر آسمانی ایک ماشہ باریک پیس کر مویز منقہ دو دانہ کوٹ کر ملا کر صبح کے وقت استعمال کریں۔ جب حمل قرار پا جائے شروع کرنا چاہئے اور ہر ماہ کے شروع میں مذکورہ بالا دوا کی ایک خوراک صرف ایک دن استعمال کی جائے۔ نو ماہ تک اسی طرح کھائیں۔ (نو ماہ میں کل نو خوراکیں استعمال کی جائیں گی)۔

**نوٹ:** قلب الحجر مشہور چیز ہے۔ کالے پتھر کی چٹانیں توڑنے والے اس چیز کو بخوبی جانتے ہیں۔ پتھر کی کانوں میں ایک چیز چمکدار ملائم بے مزہ سفید نکلتی ہے۔ اب اس کا رواج عام ہو رہا ہے۔ اندور وغیرہ عام مقامات پر یہ چیز مل سکتی ہے۔ اکثر مشہور دواخانوں میں بھی فروخت ہوتا ہے۔ اصل چیز تلاش کر کے لینی چاہئے۔

## (268) حب پرسوت

**منافع:** پرسوت (حمی نفاسیہ) کی مجرب دوا ہے۔ عارضی سردی، چھپاکی بچہ پیدا ہونے کے بعد بدن میں درد ہونا، اندام ست رہنا، بھوک بند ہونا، فعل ہضم کا خراب ہو جانا وغیرہ، گنٹھیہ، درد ریح ہر قسم کے لئے نہایت عمدہ ہے، اعصابی امراض کو فائدہ کرتی ہے۔ خاص مستند نسخہ ہے۔

**اجزا:** کچلہ سوختہ 8 عدد، عقرقرحا، لونگ، جائفل، فلفل دراز، سونٹھ ہر ایک 15 ماشہ، زعفران کشمیری تین ماشہ مشک خالص تین رتی مویز منقیٰ حسب ضرورت۔

**ترکیب:** سب ادویہ کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں اور مویز منقیٰ اس قدر ملا کر کوٹیں کہ گولیاں بن سکیں پھر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** صبح و شام ایک ایک گولی عرق سونف کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (269) اکسیر الدم

**منافع:** خون استحاضہ، کثرت حیض، سیلان الرحم کی مجرب المجرب اکسیری دوا ہے۔ نیز نکسیر نفث الدم وغیرہ

بس عضو سے خون آرہا ہو بلا تکلیف بند کرتی ہے۔ اس کے علاوہ جریان زنانہ و مردانہ، کثرت احتلام، رقت منی گرمی کے لیے بھی مفید ہے۔

اجزا: ہڑتال گاؤدنتی چمکدار 2 تولہ، طباشیر، سبوس اسپغول، انجبار، تخم سروالی ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب: نیم کی کونپلوں کا 10 تولہ پانی نکال کر اس میں ہڑتال گاؤدنتی کوٹ کر کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر اسی نیم کے ثفل میں لپیٹ کر کوزہ گلی میں بند اور گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد کر کے ہڑتال نکال کر اس کے ساتھ دیگر ادویہ کا سفوف ملا کر خوب کھرل کریں۔

استعمال: صبح و شام ایک ایک ماشہ شربت صندل یا انجبار کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (270) نسخہ دیگر

منافع: کثرت حیض استحاضہ کی سریع الاثر اکسیر ہے۔ **نفث الدم** (خون تھوکنا)، اسہال خونی، خون بواسیر، نکسیر وغیرہ ہر قسم کے اندرونی خون کو خواہ جس عضو سے جاری ہو بہت جلد بند کرتی ہے۔ بہت آسان ارزاں قابل قدر سینکڑوں بار کا مجرب نسخہ ہے۔ اس قسم کے سب نسخوں سے سریع الاثر ہے۔ عموماً ایک یوم میں آرام ہو جاتا ہے۔

اجزا: گیرو سرخ، سنگ جراحت ہر ایک ہم وزن۔

ترکیب: دونوں دوائیں علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

استعمال: اس کی خوراک تین ماشہ ہے۔ کثرت حیض کے لئے شربت کوکنار کے ہمراہ دن میں تین خوراک دیں۔ ایک ہی دن میں آرام ہو گا۔ اگر مرض کا غلبہ ہو تو فی خوراک دو رتی، قشر الرمان (چھلکا انار) ملا لینا چاہئے۔ **نفث الدم** میں بھی شربت کوکنار کے ساتھ تین خوراک یومیہ استعمال کرائی جاتی ہیں۔ اگر نفث الدم کے ساتھ کھانسی ہو تو فی خوراک کیرا ایک رتی، رب السوس ایک رتی کا اضافہ کیا جائے۔ خونی دستوں کے لئے دہی کے ساتھ استعمال کریں۔ بواسیر و نکسیر میں مناسب بدرقہ کے ہمراہ معمولی تکلیف میں دو خوراک روزانہ دینی چاہئے۔

## (271) اکسیر مانع اسقاط

منافع: بعض عورتوں کا حمل تیسرے یا چوتھے مہینہ میں ساقط ہو جاتا ہے۔ ان کے اس عارضہ عادتی اسقاط کے لئے مفید ہے۔ اس میں یہ خوبی ہے کہ سہل الحصول اور ارزاں ہونے کے باوجود تمام سال استعمال کرنے کی قید نہیں۔

اجزا و ترکیب: گاؤدنتی چمکدار 5 تولہ کے ٹکڑے کر کے برگ نیم ایک پاؤ کے نغدہ میں رکھ کر اوپر کپڑا لپیٹ کر گل حکمت کریں اور خشک کر کے ہوا سے محفوظ جگہ دس سیر اپلوں کی آنچ گڑھے میں دیں۔ سرد کر کے کشتہ نکال کر باریک کھرل کریں اور اس سے حسب ضرورت لے کر اس کے برابر وزن مینگنی موش ملا کر کھرل کر کے یکجان کریں۔

**استعمال:** ایک ماشہ صبح گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ زمانہ حمل سے شروع کرکے ایک ہفتہ تک استعمال کریں۔ تین ماہ استعمال کرکے بند کردیں۔ ہر ماہ میں ایک ہفتہ استعمال کریں۔

## (272) اکسیر عقر

**اسناد:** حکیم علی محمد صاحب دہلوی مالک دہلی دواخانہ سرگودھا کا عطیہ مجرب ہے۔

**منافع:** عقر یعنی بانجھ پن کے لئے مفید ہے۔ انشاء اللہ ویران گھر کو آباد کرتا ہے۔

**اجزا:** کستوری، عنبر ہر ایک ماشہ ماشہ، زعفران 2 ماشہ، جوزبوا، ہینگ، سپاری، افیون ہر ایک تین ماشہ، چرس 4 رتی۔

**ترکیب:** سب کو کوٹ پیس کر خوب یک ذات کرکے بقدر ضرورت قند سیاہ ملا کر نخودی حبوب تیار کریں۔

**استعمال:** بصورت ایام حیض سے فارغ ہو مرد اور عورت دونوں صبح و شام ایک ایک گولی دودھ گائے کے ہمراہ تین دن تک استعمال کریں۔ اس کے بعد مقاربت کی اجازت ہے۔ بشرطیکہ عورت کے ایام ماہواری ٹھیک طور پر ہوں اور مرد میں بھی کوئی نقص نہ ہو۔ بفضلہ کامیابی کی امید ہے۔ اگر پہلے ماہ کامیابی نہ ہو تو دوسرے تیسرے ماہ پھر اسی طرح استعمال کرنی چاہئے۔

## (273) مسقط حمل

**منافع:** بعض اوقات طبی ضروریات کے پیش نظر حمل گرانا ضروری ہوتا ہے۔ بنا بریں اس نسخے کا استعمال مفید پڑتا ہے۔ مجرب المجرب ہے۔

**اجزاو ترکیب:** پوست بنولہ کوفتہ، برگ بانس ہر ایک 2 تولہ، قند سیاہ کہنہ بیس سالہ 4 تولہ، سب کو ایک سیر پانی میں جوش دیں۔ جب ایک پاؤ رہ جائے مل چھان کر پلادیں۔

**غذا:** کھچڑی، دودھ، چاول، دال مونگ اور چپاتی، دودھ، ڈبل روٹی وغیرہ نرم غذا دیں۔ اس کے ساتھ ہی لوٹہ کھار، مصبر، جوکھار، ہر ایک 6 ماشہ، لونگ 4 ماشہ جدا جدا نہایت باریک کرکے اس سے قدرے لے کر منہ کے لعاب سے تر کریں اور اٹ سٹ بوٹی کی جڑ آٹھ انگل لمبی لا کر اس کے ایک پہلو پر یہ لگا کر سایہ میں خشک کریں اور کسی سمجھ دار دایہ سے رات کو سوتے وقت جڑ کا دوائی والا پہلو رحم کے منہ میں رکھوائیں۔ پہلے دوسرے حد تیسرے دن خون آنا شروع ہو جائے گا۔ ہر روز نئی جڑ لے کر اس کے ایک پہلو پر دوائی لگا کر بطور مذکور استعمال کرنا چاہئے۔ جوشاندہ مذکورہ بالا بھی روزانہ دن میں ایک دفعہ پلاتے رہنا چاہئے۔

## (274) سفوف اکسیر سیلان الرحم و جریان منی

**منافع:** سیلان الرحم (لیکوریا) کا نہایت موثر بے خطا اور مجرب نسخہ ہے۔ جریان منی کے لئے اکسیر ہے جب بھی استعمال کرنے کا اتفاق ہوا۔ یقینی شفا ہوئی۔

**اجزا:** طباشیر کبود، گل پستہ، ثعلب مصری، پنجہ دار، گل سپاری، موصلی سفید، دانہ الائچی خورد، سنگھاڑا

مائیں خورد، چنیا گوند، گوند ببول، لودھ پٹھانی، ندر جو شیریں، تج قلمی ستاور ہر ایک 7 ماشہ، کشتہ بیضہ مرغ، کشتہ مرجان، کشتہ قلعی ہر ایک 3 ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو کوٹ پیس کر سفوف بنا لیں۔

**استعمال:** دو ماشہ سے تین ماشہ تک ایک پاؤ دودھ کے ہمراہ صبح استعمال کیا جائے۔ گرم اشیاء سے پرہیز ضروری ہے۔

## (275) دوائے اولاد نرینہ

**منافع:** جس عورت کے ہمیشہ لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں۔ اس کے استعمال سے انشاء اللہ لڑکے پیدا ہوں گے یہ دوا مقوی قلب بھی ہے۔

**اجزا:** بیخ مرجان، صدف صادق، زہر مہرہ خطائی، نارجیل دریائی ہر ایک تین ماشہ، مروارید ناسفتہ اصلی ایک ماشہ، ورق نقرہ 32 عدد۔

**ترکیب:** تمام ادویہ کوٹ پیس کر کھرل کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔

**استعمال:** استقرار حمل کے دوسرے مہینے کے بعد ایک گولی یومیہ پانی کے ساتھ کھلاتے رہیں تا ولادت ناغہ نہ کریں۔

## (276) اکسیر برائے ادرار حیض

**اسناد:** حکیم شیخ فضل حسین صاحب بھلوال کا عطیہ خاص ہے۔

**منافع:** اس نسخہ سے عرصہ کا بند شدہ حیض چند یوم میں ہی کھل جاتا ہے۔ دیکھنے میں تو ایک حقیر نسخہ ہے مگر اس کے فوائد کثیر ہیں۔ اکثر تین چار روز میں خون جاری ہو جاتا ہے۔ مزید براں یہ نسخہ مصفی خون اور ٹری (چھپاکی) کے لئے بھی مفید ہے۔ بلا قیمت چیز ہے۔ اسے تیار کر کے نفع حاصل کرنا چاہئے۔

**اجزا و ترکیب:** برگ و شاخ دناں تازہ دس کلو لا کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے دگنے پانی میں چوبیس گھنٹہ تک بھگو رکھیں۔ دوسرے روز آگ پر چڑھائیں۔ جب تین کلو کے قریب پانی رہ جائے اتار کر ٹھنڈا کریں اور ہاتھوں سے خوب ملیں تاکہ دوائی کا اثر بخوبی نکل آئے بعدہ کپڑے سے چھان کر ثفل پھینک دیں اور صاف پانی میں نصف پاؤ قند سیاہ کہنہ جو کم سے کم پانچ سال کا ہو ملا کر دوبارہ نرم آگ پر پکائیں۔ جب قوام گاڑھا ہو جائے اتار کر مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** ایک ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ ایک پاؤ دودھ جس میں 2 تولہ گھی ملایا گیا ہو دوائی کی گولیاں بنا کر کھا لینی چاہئے کیونکہ دوائی بہت تلخ ہوتی ہے۔

## (277) دوشیزہ

**اسناد:** عزیز حکیم غلام محمد صاحب کھوکھر چک 156 تحصیل چنیوٹ (جھنگ) کا عطیہ خاص ہے۔ نسخہ واقعی قابل قدر ہے۔

**منافع:** بکارت پیدا کرنے کے لئے نہایت عجیب الاثر ہے۔

**اجزا:** مازو ایک تولہ، بھنگڑی نائیں، گوند ڈھاک، کچور، موچرس، گل دھاوا، اقاقیہ، گلنار، جفت بلوط، خستہ جامن ہر ایک 6 ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو باریک پیس کر مانند سرمہ کھرل کریں۔

**استعمال:** جماع سے دس منٹ پہلے اندام نہانی میں رکھائیں۔ ایک رات میں دو دفعہ یا زیادہ استعمال کرنا منع ہے۔

# مجربات حمیات (تپ)

## (278) عرق تپ دق وغیرہ

**منافع:** یہ نسخہ تپ دق، کھانسی ہر قسم، تپ خلطی ہر قسم، نزلہ دائمی، دمہ کے لئے عجیب الاثر ثابت ہوا ہے۔ کئی دوستوں کا معمول ہے۔ ہم نے خود کئی دفعہ بنا کر استعمال کرایا ہے۔ نہایت عمدہ ثابت ہوا۔ تپ کہنہ کے لئے بہت مفید ہے۔

**اجزا:** گلو سبز تازہ ایک سیر، تخم خرفہ، خشخاش سفید، تخم کاہو، سونف، تخم کاسنی ہر ایک 20 تولہ، کوکنار، تخم خیارین، مغز کدو ہر ایک 5 تولہ (اگر کدو تازہ مل سکے مغز کدو کے عوض سیر بھر شامل کر لیں) خوب کلاں، گاؤزبان، بورہ صندل سفید ہر ایک 10 تولہ، خطمی، خبازی ہر ایک 5 تولہ، پستان 200 عدد، گذر یعنی گاجر تازہ ایک سیر دانہ انار شیریں، سنگترہ ہر ایک دس عدد (دس عدد انار کے دانے نکال کر ملائے جائیں) اجوائن دیسی 5 تولہ، سیب ولائتی 10 تولہ، ملٹھی مقشر تین تولہ، برگ بانسہ 2 تولہ، عناب ایرانی 100 عدد شیر بز تازہ تین سیر۔

**ترکیب:** میوہ جات اور دودھ کے بغیر باقی دوائیں جو کوٹنے والی ہیں کوٹ کر آب خالص بقدر ضرورت ملا کر تر کریں۔ 24 گھنٹہ کے بعد میوہ جات اور گذر کوٹ کر اور دودھ تازہ ملا کر حسب دستور پچاس بوتل عرق کشید کریں۔

**استعمال:** دس تولہ عرق میں شربت سعال خاص نمبر 279 تین تولہ ملا کر صبح، دوپہر اور شام استعمال کریں۔ معمولی تکلیف میں دو وقت استعمال کیا جائے۔ لسی، اچار، گوشت، ترشی، تیل وغیرہ مضر اشیاء سے پرہیز کیا جائے۔ مناسب غذا استعمال کی جائے۔

## (279) شربت سعال خاص

**منافع:** عام کھانسی، تپ دق کی کھانسی، تپ دق سل، تپ کہنہ، کھانسی کہنہ کے لئے نہایت مجرب ہے۔

**اجزا:** ابریشم مقرض، گل نیلوفر سفید، گل بنفشہ ہر ایک 2 تولہ، پستان 100 عدد، برگ بانسہ ایک تولہ گاؤزبان، خطمی، خبازی ہر ایک ڈیڑھ تولہ، مصری ایک کلو۔

**ترکیب:** حسب دستور شربت تیار کر کے روغن ماہی خالص ولائتی یعنی کاڈ لور آئیل 10 تولہ ملا لیں۔

**استعمال:** تین تین تولہ صبح و شام عرق نمبر278 ملا کر استعمال کیا جائے۔

## (280)حب اکسیر بخار

**منافع:** تپ ملیریا اور تپ خلطی ہر قسم کے لئے معمول و مجرب ہے۔ تپ نوبتی کو بھی فائدہ بخشتی ہے۔ بے ضرر اور سہل الحصول چیز ہے۔ ہر مطب میں ان گولیوں کا تیار رہنا ضروری ہے۔

**اجزا:** زہر مہرہ خطائی' ست گلو اصلی' افستین' مغز کرنجوہ' طباشیر' دانہ الائچی خورد' سوڈا سلی سلاس ہر ایک دو دو تولہ' کونین سلفاس ایک تولہ' کافور' صمغ عربی ہر ایک 6 ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو کوٹ پیس کر کھرل کر کے یکجان کریں۔ اور پانی کی مدد سے چنے کے مطابق گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** صبح' دوپہر و شام دو دو گولیاں شربت نیلوفر یا شربت بزوری یا دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

## (281)دوائے موتی جھرہ

**منافع:** موتی جھرہ کے ہر درجہ اور ہر حالت میں مفید ہے۔ خصوصاً اس سے مریض کو طاقت حاصل ہوتی اور تپ کو فائدہ ہوتا ہے۔ مجرب اور معمول ہے۔

**اجزا و ترکیب:** مروارید ناسفتہ کو روح کیوڑہ میں سحق کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ نصف رتی مرد کلاں کو دواء المسک معتدل جواہر والی تین ماشہ میں ملا کر اول کھلائیں۔ بعد میں عناب 10 عدد گاؤزبان میں رگڑ کر شربت بزوری 2 تولہ ملا کر خوب کلاں صاف شدہ 7 ماشہ چھڑک کر استعمال کرائیں۔ اگر زمانہ انحطاط یعنی مرض کا اخیر ہو تو شربت کی بجائے شہد خالص ایک تولہ ملانی چاہئے۔ اسی طریق سے صبح و شام تازہ تیار کر کے استعمال کرنا چاہئے۔

## (282)حب موتی جھرہ

**منافع:** موتی جھرہ (مبارکی) کی ابتدا مرض سے انتہا تک ہر سہ درجات میں اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ شرطیہ 90 فیصدی مفید و مجرب ہے۔

**اجزا:** مروارید ناسفتہ اصلی ایک ماشہ ورق طلا 40 عدد' جاوتری مویز منقی ہر ایک 6 ماشہ' کشتہ ابرک سیاہ تین ماشہ۔

**ترکیب:** مروارید کو روح کیوڑہ میں کھرل کریں۔ جاوتری کو باریک پیسیں پھر سب کو خوب کھرل کر کے مویز منقی ملا کر کھرل کر کے مرچ سیاہ کے برابر حبوب تیار کریں۔

**استعمال:** ایک گولی صبح و شام ہمراہ شربت عناب یا شیر گائے یا دیگر بدرقہ مناسبہ کے ساتھ بچہ کو نصف تولہ ملا استعمال کرائیں۔

## (283)حب تریاق بخار

**منافع:** بخار خلطی ہر قسم ملیریا یا وبائی' تپ نوبتی یا روزانہ تمام اقسام کے لئے مجرب و معمول ہے۔ یہ نسخہ ہر

مطب میں تیار رہنا ضروری ہے۔

**اجزا**: کشتہ ابرک سیاہ، کشتہ ابرک سفید، کشتہ گاؤ دنتی، ریوند عصارہ، ست گلو خالص، طباشیر نقرہ، دانہ الائچی خورد ہر ایک 6 ماشہ، کونین سلفاس ایک تولہ، مغز کرنجوہ 2 تولہ۔

**ترکیب**: تمام دوائیں کوٹ چھان کر جوشاندہ مندرجہ ذیل میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**استعمال**: صبح، دوپہر و شام ایک ایک گولی شربت نیلوفر بنفشہ یا پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

**نسخہ جوشاندہ**: گلو خشک 5 تولہ، برگ نیم، چرائتہ، مرچ سیاہ، اتیس ہر ایک 2 تولہ سب کو نیم کوب کر کے آدھ لٹر پانی میں 24 گھنٹہ تر کر کے جوش دیں۔ جب ڈیڑھ چھٹانک رہ جائے مل چھان کر اس میں ادویہ کھرل کر کے گولیاں بنائیں۔

## (284) اکسیر دق سل و تپ و کھانسی کہنہ

**اسناد**: دار الصحت سلطانیہ میں اس کا تجربہ ہو چکا ہے۔ دق سل کے لئے آیورویدک طب کی مجرب اور منتخب اکسیر ہے۔

**منافع**: دق سل ایک عسر البرء مرض ہے اور اس کی اعتباری دوائیں کم ملتی ہیں۔ مجربات سلطانی حصہ دوم و سوم اور طبی شہپارے میں اس کے کئی مجرب نسخے درج ہو چکے ہیں۔ یہ بھی مستند نسخہ ہے۔ ہر قسم کے پرانے بخاروں اور ہر قسم کی پرانی کھانسی کے لئے بھی نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ اس سے مریض کی طاقت تھوڑے دنوں میں بڑھ جاتی ہے اور کمزور سے کمزور مریض کو جلد نفع ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

**اجزا**: شنگرف کا پارہ، آملہ سار مصفی ہر ایک تولہ تولہ، کشتہ طلا، مروارید نا سفتہ، کشتہ سنکھ، کشتہ صدف ہر ایک تین ماشہ، کشتہ فولاد، کشتہ تانبہ، کشتہ ابرک سیاہ ہر ایک دو تولہ کشتہ قلعی، گیرو، کشتہ مرجان ہر ایک 6 ماشہ۔

**ترکیب**: پارہ اور آملہ سار کو ملا کر کھرل کریں تا کہ کجلی بن جائے پھر آہنی کڑچھے میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب پگھل جائے گوبر تازہ کو پھیلا کر اس پر کیلہ کا پتہ رکھ کر اس پر کجلی پگھلی ہوئی ڈال دیں اور پھیلا دیں اوپر کیلہ کا دوسرا پتہ رکھ دیں۔ دوا جم جائے گی۔ اب سب ادویہ ملا کر باریک کھرل کر کے عرق گلاب سے ... دیں اور دو صدف کلاں اصلی میں بند کر کے اوپر دو انگل بھر چکنی مٹی کا مضبوط سمپٹ کر کے سکھا کر دو اپلوں کی آگ میں رکھیں۔ جب مٹی کا رنگ سرخ ہو جائے فی الفور نکال لیں۔ یہ آنچ ان کے کیمیاوی طور پر ملانے کے لئے ہے۔ زیادہ آنچ ہرگز نہ آنے پائے۔ ورنہ دوا خراب ہو جائے گی۔ جب سرد ہو جائے مٹی کو اتار کر بمعہ ہر دو صدف کے کھرل کریں تا کہ سب ادویہ خوب یکذات ہو جائیں۔ پھر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال**: ملٹھی 5 تولہ نیم کوب کر کے آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ چار تولہ پانی رہ جائے تو مل کر چھان لیں اور اس میں ستو پلادی چورن 8 تولہ، آب برگ بانسہ 16 تولہ ملا کر پکائیں اور لعوق کی طرح بنا لیں اس

...وتی سے 6 ماشہ لے کر ایک ماشہ شربت بنفشہ یا شہد اور دو رتی دوائی مذکورہ ملا کر صبح استعمال کریں۔ یہی ...وزن شام کو بھی استعمال کریں۔ بشرط برداشت طبع دوپہر کو بھی کھلا دیں۔ دوائی کھلا کر اوپر سے تازہ یا گرم ...کر کے ٹھنڈا کیا ہوا گائے یا بکری کا دودھ پلا دینا چاہیے۔ مضرات سے پرہیز چاہیے۔

## (285) نسخہ ستوپلادی چورن

منافع: بچوں کی کھانسی، بخار، بدہضمی اور ابتداء دق سل کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے۔ منہ سے خون ...نے کے لئے بھی مفید ہے۔

اجزا: دیسی مصری گنا 4 تولہ، طباشیر 2 تولہ، فلفل دراز 1 تولہ، دانہ الائچی خورد 6 ماشہ، دارچینی تین ماشہ۔

ترکیب: سب ادویہ کوٹ پیس کر سفوف کر لیں۔

استعمال: جوان کو ڈیڑھ ماشہ دن میں شربت نیلوفر یا شہد میں ملا کر یا ملٹھی کے جوشاندہ سے کھلائیں۔

## (286) نسخہ دیگر

منافع: دق و سل کے لئے نہایت مفید ہے۔ ایک طبیب اس نسخہ سے بہت کامیابی حاصل کر رہا ہے۔ ...سل ہونے کے باوجود بہت مفید و موثر ہے۔ مرض کے سب عوارض کو جلد نفع بخشتا ہے۔ مجرب ہے۔

اجزا: زہر مہرہ خطائی، سنگجراحت، کتھ سفید، کیرا، صمغ عربی، تخم خشخاش، نشاستہ گندم، گیرو، خطمی، کشتہ مروارید ہر ایک 7 ماشہ، کافور، افیون ہر ایک 2 ماشہ، زعفران 6 ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک کر کے پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: صبح و شام ایک ایک گولی شربت اعجاز کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (287) نسخہ دیگر اعلیٰ

منافع: تپ دق کا نہایت ہی عجیب سریع الاثر مستند نسخہ ہے۔ اعضاء و قویٰ کو طاقت بخشتا اور کمزوری کو ...ئل کرتا ہے۔ ہفتہ عشرہ کے استعمال سے دقی بخار رفع ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

اجزا: پارہ، آملہ سار ہر ایک تولہ تولہ، ورق طلا تین ماشہ، کشتہ فولاد، کشتہ قلعی، کشتہ ابرک سفید، کشتہ ...ک سیاہ، کشتہ مرجان، کشتہ سنکھ، بسد گل ارمنی ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب: پارہ آملہ سار کی کجلی بنا لیں پھر سب ادویہ ملا کر عرق بید مشک میں کھرل کر کے دو سیپ لا کر ان ...ر رکھ کر پانچ سیر اپلوں کی "شعلہ نکل چکنے کے بعد" آگ دیں۔ جب سرد ہو ادویہ معہ سیپ کے پیس کر ...لیں۔

استعمال: ایک رتی پتاشہ یا کھانڈ سفید میں رکھ کر ہمراہ شربت فریاد رس تین تولہ صبح و شام استعمال کریں۔

## (288) کشتہ گاؤدنتی

...: حکیم محمد غوث صاحب کھوکھر بخاروی کا عطیہ ہے۔ آپ اس نسخہ کو ہمیشہ تیار کر کے بہت استعمال

کرتے ہیں۔

**منافع:** بخاروں کے لیے بہت مفید ہے۔ ذات الجنب اور کھانسی کو مفید اور مجرب ہے۔

**اجزا:** کھوپری ۶ تولہ، اجوائن دیسی ۶ تولہ، نوشادر، پھٹکری ہر ایک تولہ تولہ، گودہ گھیکوار تین کلو۔

**ترکیب:** ایک چھوٹی ہانڈی میں نصف گودہ گھیکوار ڈال کر اس پر نصف اجوائن کوٹ کر بچھا دیں۔ اس پر نصف نوشادر پھر نصف پھٹکری باریک کر کے ڈالیں اوپر ہڑتال کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے بچھا دیں اس پر باقی اشیاء اسی ترتیب سے ڈال کر ہانڈی کا منہ چینی سے بند اور گل حکمت کر کے گڑھے میں 16 سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد کر کے باریک پیس لیں۔

**استعمال:** دو دو رتی صبح و شام کسی مناسب جوشاندہ یا شربت کے ہمراہ استعمال کریں۔

## اکسیر بخار کہنہ
(289)

**منافع:** بخار کہنہ کی خاص دوا ہے۔ جو بخار جگر کی خرابی سے بار بار چڑھتا ہو اس کے لئے نہایت مفید ہے۔ جگر اور معدہ کا فعل ٹھیک کر کے کہنہ بخار کو زائل کرتی ہے۔ بہت عمدہ مجرب اکسیری نسخہ ہے۔

**اجزا:** کونین سلفاس ایک تولہ، خبث الحدید مدبر، نوشادر ہر ایک دو تولہ، آب لیموں تازہ حسب ضرورت۔

**ترکیب:** نوشادر پیس کر سب کو چینی کے پیالہ میں ڈال کر اوپر آب لیموں اس قدر ڈالیں کہ ادویہ بخوبی تر ہو جائیں پھر پیالہ کو دھوپ پر رکھیں۔ جب خشک ہو جائیں باریک کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** دو دو رتی صبح و شام مکھن میں رکھ کر یا تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

## نسخہ دیگر
(290)

**منافع:** بخار صفراوی، بلغمی، دموی، ملیریا کے لئے مفید ہے۔ تپ دق و سل تپ کہنہ کو مفید ہے۔ مجرب نسخہ ہے۔

**اجزا:** ہڑتال گاؤدنتی سالم ڈلی 6 تولہ، مغز کرنجوہ، اتیس، افستین گلو خشک، ملٹھی ہر ایک 10 تولہ، پپلہ مول 5 تولہ، شیر گاؤ میش 6 لٹر۔

**ترکیب:** ہڑتال کو ململ کے کپڑے میں باندھ کر دودھ میں جوش دیں۔ جب کھوا بن جائے ہڑتال علیحدہ کر لیں اور دیگر تمام ادویہ کوٹ کر پانی سے گھوٹ کر نغدہ بنا لیں اور اس میں ڈلی ہڑتال ملفوف کر کے اوپر موٹا کپڑا یا ٹاٹ لپیٹ کر اس پر گل حکمت کر دیں اور خشک کر کے ہوا سے بچا کر گڑھے میں 15 سیر اپلا کی آنچ دیں۔ سرد ہو جائے تو ڈلی ہڑتال کو باریک کھرل کر کے شیشی میں ڈالیں۔

**استعمال:** ایک ایک رتی صبح، دوپہر اور شام تپ صفراوی میں شربت نیلوفر کے ہمراہ۔ بلغمی میں شربت بزوری کے ساتھ۔ اگر کھانسی ہو آرد ملٹھی دو ماشہ کے ساتھ ملا کر۔ تپ دق و سل میں شربت اعجاز یا کسی مناسب بدرقہ کے ساتھ۔ تپ کہنہ میں شربت بزور کے ہمراہ۔ ملیریا ہو تو شربت نیلوفر بنفشہ کے ہمراہ استعمال کرنی چاہیے۔

## (291) کشتہ نیلہ طوطیا سفید

منافع: نیلہ طوطیا کا کشتہ سفید باوزن جو سل کے لئے نہایت اکسیر ہے۔ مصفی خون ہے۔ تمام جلدی امراض چنبل، داد، پھوڑے، پھنسیوں کو ازحد مفید ہے۔ ناظرین اس مجرب اکسیری کشتہ کو بنا کر فائدہ حاصل کریں۔

اجزاو ترکیب: مچھلی روہو وزنی دس سیر لا کر اس کے دماغ میں آہنی چیز سے سوراخ کر کے اس میں نیلہ طوطیا کی سالم ڈلی رکھ کر تمام مچھلی کو خوب گل حکمت کر کے گڑھے میں ایک من اوپلوں کے درمیان مچھلی کا سرا اوپر اور دھڑ نیچے ا-ستادہ رکھ کر محفوظ جگہ آگ دیں۔ سرد ہونے پر احتیاط سے نکالیں۔

استعمال: نصف چاول ہمراہ کشتہ طلا ایک چاول مکھن میں استعمال کریں۔

## (292) اکسیر سیم

منافع: تپ محرقہ ہذیانی، جریان، تپ دق، ضعف قلب و دماغ، گرمی و تپش دل، دل دھڑکہ، اختلاج قلب (دل پھڑکنا) ضعف اعضاء رئیسہ و شریفہ کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

اجزاو ترکیب: ورق نقرہ تولہ طباشیر نقرہ تین تولہ دونوں اجزا ملا کر اس قدر کھرل کریں کہ چمک نہ رہے۔ پھر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک ایک رتی صبح و شام مکھن یا ملائی میں استعمال کریں۔

## (293) شربت حمی

منافع: تپ ہر قسم مفرد و مرکب، تپ صفراوی، بلغمی، دموی، تپ ملیریا، تپ کہنہ کے لئے 99 فیصدی مفید و مجرب ہے۔ خون صاف کرتا ہے۔ معمول بنانے کے قابل خاص نسخہ ہے۔

اجزا: گاؤزبان، نیلوفر، تخم کاسنی، مکو خشک، برگ جھاؤ ہر ایک تولہ تولہ، گل سرخ 14 ماشہ، عناب 18 دانہ، تمر ہندی 4 تولہ، بادیان، چرائتہ، شاہترہ ہر ایک تین تولہ، مویز منقی 30 دانہ، انجیر 8 دانہ، برگ نیم 2 تولہ، آلو بخارا 14 دانہ، گل بنفشہ 6 ماشہ، مصری دو کلو۔

ترکیب: سب کو رات کے وقت تین لٹر پانی میں تر کریں۔ صبح جوش دے کر مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

## (294) عرق اکسیر بخار

منافع: ملیریا کا اکسیر بے خطا نسخہ ہے۔ اس کے علاوہ تپ نوبتی، تیہ، چوتھیہ، تپ بلغمی، تپ کہنہ کے لئے مجرب ہے۔ اس کا اثر بہت جلد اور یقینی ہوتا ہے۔ ہر مطب میں اس کو معمول بنانا ضروری ہے۔

اجزا: کونین سلفاس، بھنگڑی بریاں ہر ایک 10 رتی لائیکوار آرسنی کیلس 10 بوند، آب لیموں 2 تولہ، بادیان 10 تولہ۔

ترکیب: بھنگڑی باریک پیس کر سب اشیاء ایک شیشی میں ملا کر خوب ہلائیں تاکہ حل ہو جائیں پھر اس پر چار نشان لگا دیں۔

استعمال: ایک ایک خوراک صبح و شام پہلے دودھ پی کر استعمال کریں۔ دوائی سے دو گھنٹہ بعد آدھ سیر گرم دودھ پینا چاہیے۔ غذا نرم ہو۔

## (295) اکسیر ملیریا مزمن

منافع: ملیریا (تپ وبائیہ مزمنہ) یعنی ملیریا کہنہ (کرانک ملیریا) کی اکسیر ہے۔ ملیریا کہنہ کے سینکڑوں مریض جو دیگر دواؤں سے شفایاب نہیں ہوئے تھے۔ اس سے شفایاب ہو چکے ہیں۔

اجزا: کونین سلفاس، سلفیورک ایسڈ ڈائیلیوٹ ہر ایک 8 ماشہ، ہیرا کسیس لائیکوار سٹرکنیا ہر ایک 2 ماشہ، مگنیشیا 10 تولہ، آب خالص تین پاؤ۔

ترکیب: کونین کو سلفیورک ایسڈ ڈائیلیوٹ میں حل کریں پھر سب اشیاء کو ایک بوتل میں ملا کر خوب ہلائیں تاکہ یکجان ہو جائیں۔

استعمال: چھ چھ ماشہ دن میں تین دفعہ عرق کاسنی 2 تولہ میں ملا کر استعمال کریں۔ اس کے دوران استعمال میں دودھ گھی ضرور استعمال کرنا چاہیے۔

# مجربات امراض جلد

## (296) اکسیر آتشک

اسناد: حکیم میاں احمد یار صاحب ساکنہ میانہ ہزارہ (سرگودھا) کا عطیہ خاص ہے۔ نسخہ فی الواقعہ قابل قدر اور میرا مجرب ہے۔

منافع: آتشک نر و مادہ جدید و کہنہ ہر قسم کا یک روزہ کامل علاج ہے۔ اس سے ایک دن میں مریض کو فائدہ ہو جاتا ہے اور پھر مرض عود نہیں کرتا۔ اس کا تجربہ ہوا۔ مفید ثابت ہوا ہے۔ اس سے منہ نہیں آتا نہ کوئی اور تکلیف ہوتی ہے۔ بے خطا مجرب المجرب ہے۔

اجزا و ترکیب: تخم بھنگ، شنگرف رومی، رسکپور، دار چکنا ہر ایک 6 رتی سب کو الگ الگ پیس کر خوب کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔

استعمال: عصر کے وقت گوشت بکری آدھ کلو گھی عمدہ پاؤ پختہ مصالحہ گرم جیسا گوشت کا ہوتا ہے۔ حسب ضرورت مگر مرچ سرخ کم از کم 25 عدد سے 35 عدد تک ہوں۔ جب گھی خوب گرم ہو جائے تو مصالحہ جو پہلے گھوٹ کر تیار رکھا ہو دو منٹ تک گھی میں بریاں کریں۔ بعدہ گوشت ڈال کر دوائی تین ماشہ ڈال دیں اور گوشت کو بھوننا شروع کریں تاکہ گوشت بھن کر رنگ سرخی مائل ہو جائے اور کھانے کے لائق ہو جائے۔ اس وقت اتار کر نیم گرم ہی کھا لیا جائے۔ سرد نہ ہونے دیں۔ مصالحہ وغیرہ جو دیگچے میں ہو سب

نی کھالینا چاہئے۔ صبح کی نسبت شام کے وقت استعمال کرنا مناسب ہے۔ رات کو کسی نہ کسی وقت دو چار جاتی ہوں گی اور صبح تمام زخم سوکھ جائیں گے۔

پرہیز: دوا سے ایک ہفتہ تک جسم کو پانی سے بچائیں۔ اگر پانی کی ضرورت پڑے تو گرم استعمال کریں ورنہ تشنج ہو جانے کا خطرہ ہے۔ نمک اور کچا میٹھا اور ترش اشیاء سے پرہیز ہے۔

غذا: مالیدہ یعنی چوری مرغن گھی جس قدر چاہیں کھا سکتے ہیں۔ اگر ان آٹھ دن میں روٹی بیسنی ہو تو اچھا ہے۔

## (297) حب اکسیر آتشک

اسناد: حکیم مولوی نور احمد صاحب قریشی کا معمول اور عطیہ خاص ہے۔ آپ نے سینکڑوں مریضوں پر استعمال کیا۔ پوری کامیابی حاصل ہوتی رہی۔

منافع: آتشک ہر قسم کا مجرب بے خطا اکسیری نسخہ ہے۔ سات یوم میں ہر قسم کا آتشک نیست و نابود ہو جاتا ہے اور پھر عود نہیں کرتا اس سے کوئی جسمانی تکلیف نہیں ہوتی۔ ایک وقت میں کافی مریضوں کی دوائی تیار ہو جاتی ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزا: لونگ بریاں، رسکپور ہر ایک 2 تولہ، دانہ الائچی خورد، شنگرف رومی ہر ایک تولہ تولہ، شیر بز حسب ضرورت۔

ترکیب: سب ادویہ الگ الگ باریک کر کے پختہ کھرل میں تین دن متواتر شیر بز کے ساتھ سحق کر کے دانہ مسور کے برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال: صبح ناشتہ کر کے ایک گولی مویز منقی میں لپیٹ کر دودھ کے ہمراہ نگل لیں بعد میں حسب خواہش دودھ نوش کریں۔ دوران استعمال میں غذا چوری، مرغن یا حلوہ ضروری ہے۔

## (298) نسخہ دیگر

منافع: آتشک ہر قسم کو بیخ و بن سے اکھاڑ دینے والی اکسیر ہے۔ اس سے خون صاف ہوتا ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزا: سیماب، آملہ سار، رسکپور بھلاوہ کلاہ بریدہ، فلفل سیاہ، ہلیلہ سیاہ، تخم حنظل ہر ایک ساڑھے تین ماشہ، مصبر 7 ماشہ، ہڑتال ورقیہ ایک ماشہ۔

ترکیب: سیماب اور آملہ سار کو کھرل کر کے کجلی بنالیں باقی اجزا باریک پیس لیں پھر سب کو ایک پختہ کھرل میں ڈالیں اور برگ نیم، شاہترہ، پوست ہلیلہ زرد ہر ایک 5 تولہ نیم کوب کر کے رات کو مناسب پانی میں تر کر کے صبح جوش دیں اور مل چھان کر ادویہ مذکورہ میں تھوڑا تھوڑا ملا کر تین دن کھرل کرتے رہیں پھر چنے کے برابر گولیاں تیار کرلیں۔

استعمال: روزانہ صبح ناشتہ کے بعد ایک گولی 2 تولہ گھی گرم شدہ کے ہمراہ نگل لینی چاہئے۔

چاہیے۔ مرغن استعمال کرنی چاہیے۔

**غذا:** مرغن مثل حلوہ یا مالیدہ مرغن استعمال کرنی چاہیے۔

**پرہیز:** لال مرچ، بینگن، اچار، دال مسور، مچھلی گوشت وغیرہ تیل دار اور گرم اشیاء سے پرہیز ہے۔

## (299) اکسیر جذام

**منافع:** جذام کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

**اجزا:** سم الفار سفید، ہڑتال ورقی، رسکپور، سیماب، آملہ سار، فلفل سیاہ ہر ایک ماشہ ماشہ، مغز حب الملوک مدبر دو تولہ۔

**ترکیب:** سب ادویہ باریک کر کے آب بھنگرہ میں پانچ یوم کھرل کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** روزانہ ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

**غذا:** چنے کی روٹی روغن زرد کے ساتھ استعمال کریں۔ باقی سب غذاؤں سے پرہیز ہے۔

## (300) نسخہ دیگر

**منافع:** جذام کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے۔

**اجزا:** مصبر، گندھک، شنگرف، ہڑتال ورقی، فلفل سیاہ، بلادر، کنجد سیاہ، تخم حنظل، زردچوبہ، زرنباد، بیش سفید، ہلیلہ سیاہ، ترپھلہ، باپچی، تمر کائن ہر ایک تولہ تولہ۔

**ترکیب:** سب کو باریک پیس کر تین یوم آب مطبوخ شاہترہ کے ہمراہ کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** دو گولیاں روزانہ ایک گھونٹ گھی کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (301) نسخہ دیگر

**منافع:** جذام کو آہستہ آہستہ دور کر دیتی ہے۔

**اجزا:** سیماب، سم الفار سفید ہر ایک 2 ماشہ، کندر تولہ ریوند چینی 6 ماشہ، صمغ عربی 4 ماشہ۔

**ترکیب:** پہلے سیماب اور سم الفار کو آب لیموں تازہ کے ساتھ کھرل کریں پھر باقی اجزا باریک کر کے ملا کر بکری کے پتے کے پانی میں خوب کھرل کریں۔ حتی کہ چشم سیماب نہ رہے اور خوب باریک ہو جائیں اور دانہ مونگ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** ایک گولی روزانہ غذا کے بعد استعمال کریں۔

## (302) دوائے چھپاکی

**منافع:** چھپاکی یعنی شری کے لئے مفید ہے۔ خون صاف کرتی ہے۔ ایک دن میں فائدہ ہوتا ہے۔

**اجزا:** برگ حناء، برگ نیم، ہرمچی، کچور، گیرو، صندل سرخ و سفید، مجیٹھ ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: تمام ادویہ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔
استعمال: ایک ایک ماشہ صبح دوپہر و شام گلقند ایک تولہ میں ملا کر کھائیں بعد میں پانی یا کسی عرق کے تین چار گھونٹ پی لیں۔

## (303) نسخہ دیگر مجرب

اجزاو ترکیب: موم دیسی ایک تولہ نمک لاہوری کوفتہ 6 ماشہ دونوں کو کھرل کر کے یکجان کرلیں اور چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔
استعمال: دو دو گولیاں صبح و شام پانی کے ہمراہ نگل لیں۔

## (304) روغن جراحات

اسناد: حکیم محمد اسحٰق صاحب کا بارہا کا تجربہ شدہ اطمینانی سریع الاثر اور مخفی نسخہ ہے۔
منافع: تمام قسم کے گندے اور عسرالبرء زخموں کو جلد مندمل کرتا ہے۔ جن زخموں میں کیڑے پڑے ہوئے ہوں ان کے لئے بھی اکسیر ہے۔
اجزا: روغن سرسوں 8 تولہ 'کاربالک ایسڈ 1 تولہ' ٹنکچر آیوڈین 6 ماشہ 'ایکری فلوین ایک رتی۔
ترکیب: تینوں ادویہ تیل میں اچھی طرح ملا کر نگاہ رکھیں۔
استعمال: زخم پر روئی سے دن میں دو بار لگا دینا چاہئے۔ گر زخم گندے اور خراب ہوں تو برگ نیم پانی میں ابال کر زخم کو صاف کرلینا چاہئے۔ یا بورک لوشن وغیرہ سے زخم کو دھولیا جائے۔

## (305) مرہم جراحات

منافع: پھوڑہ، پھنسی ہر قسم ناسور، بھگندر، زخم سوختہ کی کامیاب مرہم ہے۔ بہت جلد اپنا اثر دکھاتی ہے۔ مجرب۔
اجزا: روغن گاؤ خالص، موم خام ہر ایک ایک پاؤ، مردہ سنگ 2 تولہ 'توتیا سبز 8 ماشہ۔
ترکیب: موم اور روغن کو گرم کر کے مردہ سنگ اور توتیا باریک شدہ ملا کر آگ سے اتار لیں اور سو دفعہ پانی سے دھوئیں۔
استعمال: حسب دستور باریک کپڑے پر لگا کر زخم پر لگائیں۔

## (306) دوائے دافع خارش و مصفی خون

منافع: خارش ہر قسم کی مجرب دوا ہے۔ آٹھ یوم کے استعمال سے خارش کا نام و نشان نہیں رہتا اور خون صاف ہو جاتا ہے۔ خرابی خون کے لئے عجیب دوائی ہے۔ اس لئے ہر قسم کے پھوڑے پھنسیوں کو مفید ہے۔
اجزا: چرائتہ دو تولہ 'الائچی خورد' عشبہ مغربی' ہلیلہ سیاہ' گل ملتانی ہر ایک تولہ تولہ' گیرو 6 ماشہ' سناء کی 9

ماشہ' یہ ایک پڑیہ کا وزن ہے۔ ایسی تین پڑیاں بنالیں۔ کوٹنے والی ادویہ کوٹ لینی چاہیے۔

**استعمال:** ایک پڑیہ رات کو اتنے پانی میں بھگو دیں کہ ادویات تر ہو کر پاؤ بھر پانی باقی رہے۔ صبح پاؤ پانی نکال کر شہد ملا کر پی لیں اور پاؤ بھر پانی اور ڈال کر رکھ دیں۔ 4 بجے شام اس کو اتار کر اور چھان کر شہد ملا کر پیئیں۔ اسی طرح صبح و شام ایک ایک پاؤ تازہ پانی ملا کر ایک پڑیہ کو دو دن استعمال کریں۔ دوسرے دن رات کو دوسری پڑیہ بھگو کر بدستور مذکور دو دن استعمال کریں۔ تین یا چار پڑیوں کے استعمال سے خواہ جیسی خارش ہو رفع ہو جائے گی۔ اس کے ساتھ مندرجہ ذیل خارجی استعمال کی دوا بھی استعمال کی جائے۔

**نوٹ:** جس شخص کو اسہال آ رہے ہوں اس کے لئے سناء نہ ملائی جائے۔

## (307) دوائے خارش ہر قسم

**منافع:** یہ نسخہ خارش خشک و تر ہر قسم کے لئے مجرب المجرب زود اثر نہایت عجیب الاثر ہے۔ تین چار دن کے استعمال سے خارش رفع ہو جاتی ہے۔

**اجزا:** آملہ سار' سیماب' بھنگڑی' بابچی' کمیلہ' مردار سنگ' نیلا تھوتھا ہر ایک 6 ماشہ۔

**ترکیب:** اول آملہ اور سیماب کو باہم ملا کر کھرل کریں تاکہ خوب سیاہ رنگ ہو جائے۔ بعدہ ہر ایک دو الگ الگ باریک پیس کر ملا دیں اور اچھی طرح کھرل کر کے رکھیں۔

**استعمال:** گائے کا مکھن آدھ پاؤ 21 دفعہ پانی سے دھو کر تمام سفوف میں ملا لیں اور بقدر ضرورت لے کر دوپہر کے وقت دھوپ پر بیٹھ کر مالش کریں۔ دو گھنٹہ کے بعد گرم پانی سے غسل کریں۔

## (308) اکسیری تیل

**منافع:** یہ نسخہ خارش ہر قسم' پھوڑے پھنسیاں' داد (دہدری) مسہ بواسیر' سر کے گنج' گنٹھیہ و ختنہ کے زخم کے لئے ہزارہا دفعہ کا آزمودہ ہے۔ زخم پر مکھی نہیں بیٹھتی۔ عجیب الاثر مایہ ناز نسخہ نذر ناظرین ہے۔

**اجزا:** بھلاوہ تازہ سولہ عدد' کچلہ قسم کلاں 8 عدد' انڈا مرغی 8 عدد' شنگرف 3 تولہ' پٹاس سفید 6 ماشہ' تیل تارا میرا خالص ایک لٹر۔

**ترکیب:** شنگرف کو باریک کھرل کریں۔ بعدہ نصف تیل کو کڑاہی میں ڈال کر بھلاوہ' کچلہ' انڈے ٹوٹے ہوئے اور شنگرف ڈال کر نیچے نرم آگ جلائیں۔ حتیٰ کہ تمام اشیاء جل کر کوئلہ کی مانند ہو جائیں۔ پھر بھلاوہ' کچلہ' انڈے سوختہ شدہ تیل سے نکال کر ایک کھرل میں ڈالیں اور بقایا خام تیل تھوڑا تھوڑا ڈالتے اور کھرل کرتے جائیں۔ جب بھلاوے وغیرہ باریک ہو جائیں۔ اور تیل خام ختم ہو جائے۔ اس کو کڑاہی والے تیل میں ملا کر جوش دیں اور اتار کر پٹاس ڈال دیں۔ ٹھنڈا ہونے کے بعد قدرے کھرل کر کے یکجان کر لیں اور بوتل میں نگاہ رکھیں۔

**نوٹ:** انڈوں کا اوپر والا چھلکا بھی ساتھ ہی ملانا ہو گا۔ اگر تیل گنٹھیہ کے لئے بنانا ہو۔ تو تیل تارا میرا کی بجائے روغن کنجد میں تیار کریں۔

استعمال: بوقت ضرورت گرم کر کے مالش کریں۔

## (309) حبوب مصفی خون

منافع: تصفیہ خون کے لئے نہایت بہترین نسخہ ہے۔ بچوں کے سرخ بادہ کو بھی مفید اور مجرب ہے۔

اجزا: زہر مہرہ خطائی، رسوت، جدوار اصلی، چاکسو، کچور، کشنیز خشک، برگ نیم، برگ حناء، مرچ سیاہ، برادہ صندل سفید، برادہ صندل سرخ، گیرو، شاہترہ پوست ہلیلہ، پوست بلیلہ آملہ ہر ایک تین ماشہ، شہد خالص حسب ضرورت۔

ترکیب: ادویہ کوٹ چھان کر شہد ملا کر نخود کے برابر گولیاں تیار کر لیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام شیر مادہ گاؤ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (310) مرہم برائے ختنہ وغیرہ

منافع: ختنہ اور دیگر اقسام زخموں کو مندمل کرنے میں نہایت سریع الاثر مرہم ہے۔ عموماً ایک ہی دفعہ کے لگانے سے شفاء ہو جاتی ہے۔ بارہا تجربہ ہو چکا ہے۔

اجزا: سفیدہ کاشغری 2 ماشہ، دم الاخوین، شنگرف، کافور ہر ایک ماشہ ماشہ، رال سفید 4 تولہ، روغن السی 3 تولہ۔

ترکیب: حسب دستور مشہور مرہم بنائیں۔

استعمال: باریک کپڑے پر لگا کر زخم پر لگا دینی چاہئے۔

## (311) حبوب چھپاکی

منافع: شری یعنی چھپاکی مزمن کا مجرب نسخہ ہے۔

اجزا: فلفل سیاہ، جل نیم بوٹی ہر ایک چھ ماشہ، موم سفید ایک تولہ۔

ترکیب: پہلی دونوں چیزیں کوٹ کر موم کے ساتھ ملا کر خوب کھرل کر کے یکجان کریں اور کنار دشتی کے برابر گولیاں بنا لیں۔

استعمال: دو گولیاں روزانہ ہمراہ آب خالص استعمال کی جائیں۔

## (312) نسخہ دیگر

اسناد: محترم حکیم فضل حسین صاحب کا معمول و عطیہ ہے۔

منافع: شری (چھپاکی) کے لئے ایک مفید ترین نسخہ ہے۔ چار روز سے زیادہ استعمال کرنے کی ضرورت نہیں رہتی۔

اجزا و ترکیب: سنگجراحت، سوڈا بائی کارب ہم وزن کھرل کریں۔

استعمال: ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ ہمراہ آب خالص صبح، دوپہر اور شام استعمال کرنا چاہئے۔ پہلے ہلکا سا مسہل لینا

ضروری ہے۔

## (313) اکسیر جذام و آتشک وغیرہ

**اسناد:** عزیز حکیم ملک محمد غوث صاحب کھوکھر کا عطیہ خاص ہے۔ نسخہ نہایت قابل قدر ہے۔

**منافع:** روغن سم الفار کا آسان نہایت مفید کیمیاوی نسخہ ہے۔ جو جذام و آتشک کے لئے تیر بہدف ہے۔ مقوی باہ اور مصفی خون ہے۔ خراب پھوڑے جن میں پیپ بہت پڑ گئی ہو اور مرہموں سے شفایاب نہ ہوتے ہوں۔ ہڈی تک پیپ کا اثر ہو چکا ہو ان کو بھی درست کر دیتا ہے۔ سات خوراک میں شفاء ہوتی ہے۔ تمام جلدی امراض مثل ناسور، بھگندر، خارش، پھوڑے پھنسی کے لئے اکسیر ہے۔

**اجزا و ترکیب:** پٹھ کنڈا کو جلا کر اس کی خاکستر بنا لیں اور آٹھ گنا پانی میں تر کریں۔ روزانہ دو تین دفعہ کسی چیز سے ہلا دیا کریں۔ تین روز کے بعد اس کا صاف ذلال نتھار کر لوہے کی کڑھائی میں پکائیں۔ جب پانی خشک ہو جائے گا نیچے نمک جمع ہو گا۔ اس سے 10 تولہ لے کر پیس کر ایک کوزہ گلی میں ایک تولہ سم الفار سفید سالم ڈلی کے نیچے اوپر رکھ کر اس کا منہ چینی سے بند کر کے اوپر دو تین دفعہ گل حکمت کریں اور تین سیر اپلوں کی گڑھے میں محفوظ جگہ آگ دیں۔ جب سرد ہو کھول کر دیکھیں۔ سم الفار شگفتہ ہو گا۔ اسے پیس کر چینی کے پیالہ میں ڈال کر دو روز شبنم میں رکھیں۔ تیل ہو جائے گا۔ شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** صبح نصف قطرہ ناشتہ کے بعد مکھن یا ملائی میں رکھ کر کھلائیں۔ پہلے نصف خوراک شروع کی جائے۔ آہستہ آہستہ حسب برداشت طبع نصف قطرہ تک استعمال کریں۔

**غذا:** مالیدہ مرغن (چوری مرغن) بے نمک تا صحت اس کے بغیر اور کوئی غذا نہ دی جائے۔ دو وقت صرف چوری بے نمک کھائی جائے اور سب اشیاء سے پرہیز ہے۔ دودھ، گھی کافی استعمال کرنا چاہئے۔ سوائے طبیب حاذق کے اس نسخہ کو ناتجربہ کار لوگ استعمال نہ کریں۔ مزاج اور موسم کا لحاظ ضروری ہے۔

## (314) شربت اکسیر مصفی خون

**منافع:** عجیب مصفی خون شربت ہے۔ فساد خون کے اکثر امراض کو مفید ہے۔ ہندوستانی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ خرابی خون سے پیدا ہونے والی امراض کا بے خطا جامع مرکب ہے۔ پھوڑے پھنسیاں، خارش، داد کو خوب فائدہ کرتا ہے۔ اس سے آتشک، جذام، سوزاک کا زہریلا مادہ بھی رفع ہو جاتا ہے۔ عجیب الاثر مستند نسخہ ہے۔

**اجزا:** شاہترہ، چرائتہ، منڈی، ہلیلہ سیاہ، صندل سرخ، عشبہ مغربیب، برہم ڈنڈی، برادہ شیشم ہر ایک 2 تولہ عناب 60 عدد۔

**ترکیب:** چرائتہ، عشبہ، ہلیلہ سیاہ کو نیم کوب کر کے سب ادویہ رات کو ایک سیر پانی میں تر کریں۔ صبح جوش دیں۔ جب آدھ سیر پانی رہ جائے مل چھان کر مصری ایک سیر ملا کر شربت تیار کریں۔

**استعمال:** 2 تولہ شربت میں 5 تولہ عرق عشبہ ملا کر صبح و شام استعمال کریں۔

## (315) روغن اکسیر داد و چنبل

**اسناد:** ایک جراح کا بہت مشہور نسخہ ہے۔ اس سے حاصل کر کے پیش کیا جاتا ہے۔

**منافع:** داد کو دو تین دفعہ لگانے سے دور کر دیتا ہے۔ چنبل کو ازحد مفید ہے۔ نہایت اطمینانی اکسیر الاثر خاص صدری نسخہ ہے۔

**اجزا:** چھلکا ناریل کوفتہ، تخم بنولہ یعنی پیوے کوفتہ، چھلکا بادام، دانہ گندم، ہر ایک سیر سیر، نوشادر ٹھیکری دو تولہ۔

**ترکیب:** پہلی چاروں ادویہ ایک بڑی ہانڈی میں ڈال کر منہ پر چینی رکھ کر اوپر مضبوط گل حکمت کر دیں۔ ہوا سے بچا کر گڑھا اتنا بنائیں جس میں 15 سیر اپلے سما سکیں۔ اس گڑھے کے درمیان میں ایک چھوٹا سا گڑھا بنائیں جس میں ایک چھوٹا کجہ رکھا جا سکے۔ ہانڈی کے پیندے میں ایک سوراخ بنایا جائے۔ اب سا ہانڈی کے نیچے چھوٹا کجہ رکھ کر جائے وصل پر مٹی لگا دیں۔ اوپر 15 سیر اوپلہ ڈال کر آگ لگا دیں۔ جب سرد ہو جائے آرام سے خاکستر الگ کر کے چھوٹے کوزہ گلی کو اٹھا لیں۔ اس میں تیل موجود ہو گا۔ اسے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** داد اور چنبل پر روئی سے لگائیں۔

## (316) حبوب داد

**منافع:** داد (دہدری) کی مجرب دوا ہے۔ چند روز میں فائدہ ہو جاتا ہے۔

**اجزا:** سیماب 6 ماشہ، آملہ سار تولہ، نوشادر 1 ماشہ، سفیدہ کاشغری، مردہ سنگ، سندھور ہر ایک تین ماشہ۔

**ترکیب:** سیماب اور آملہ سار کو کھرل کر کے کجلی تیار کریں۔ باقی ادویہ باریک پیس کر ملا کر آب لیموں میں کھرل کر کے موٹی موٹی گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** بوقت ضرورت پانی میں گھس کر دن میں دو یا تین بار طلا کیا کریں۔

## (317) مرہم داد و خارش

**منافع:** داد (دہدری) اور خارش ہر قسم کو بہت جلد فائدہ بخشتی ہے۔

**اجزا:** سیماب، کبریت، بابچی، مردار سنگ ہر ایک تولہ تولہ۔

**ترکیب:** کبریت اور سیماب کو کھرل کر کے کجلی تیار کریں۔ پھر بابچی اور مردار سنگ باریک کر کے ملا دیں اور دو تین گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔

**استعمال:** ایک حصہ دوائی میں تین حصہ تازہ مکھن (جو کہ اکیس بار پانی سے دھو لیا گیا ہو) ملا کر لیں۔

## (318) دوائے گنج سر

**منافع:** گنج سر (سعفہ) کے لئے سریع الاثر مجرب و آزمودہ ہے۔ جلد فائدہ ہو جاتا ہے اور بال اگ آتے

ہیں۔

**اجزاو ترکیب:** روغن بیضہ مرغ ایک حصہ، آب بھنگرہ سفید ایک حصہ ملا کر لگانا چاہئے۔

## (319) مرہم شبور سر اطفال

**منافع:** بچوں کی سر کی پھنسیاں جو تر ہوں اور ان سے پانی بہتا ہو اس دوا سے بہت جلد دور ہو جاتی ہیں عموماً تین دن میں کلی آرام ہو جاتا ہے مجرب ہے۔

**اجزا:** تخم ارنڈ۔ جغرات (دہی) ہر ایک 5 تولہ خاکستر پاچک دستی ایک تولہ طوطیا بریان تین رتی۔

**ترکیب:** سب کو پیس کر تانبہ کے تھال میں جو قلعی شدہ نہ ہوں اس قدر کھرل کریں کہ مرہم کی شکل اختیار کرے۔

**استعمال:** سر کے پھوڑوں پر مرغی کے پر سے لگا کر اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دینا چاہئے۔

## (320) بال قبل از وقت سفید ہونا

**منافع:** جوانی میں قبل از وقت بال سفید ہونے لگ جائیں تو اس سفوف کے استعمال سے پورا پورا فائدہ ہو جاتا ہے یہ سفوف 41 دن استعمال کرنی چاہئے۔

**اجزا:** برگ بھنگرہ در سایہ خشک کردہ، ترپھلہ، ہلیلہ سیاہ ہر ایک تین تولہ، کھانڈ سفید 4 تولہ روغن بادام حسب ضرورت۔

**ترکیب:** خشک ادویہ باریک پیس کر روغن بادام سے چرب کریں پھر کھانڈ ملا لیں۔

**استعمال:** چھ ماشہ صبح شیر بز ایک پاؤ کے ہمراہ استعمال کریں۔ بادی ترشی سے پرہیز۔

## (321) دوائے خارش

**اسناد:** حکیم محمد بخش صاحب ستیانہ (جھنگ) کا بیس سالہ مجرب عطیہ خاص ہے۔

**منافع:** ہر قسم کی خارش خشک اور تر کے لئے سو فیصدی مفید ہے۔

**اجزا:** گندھک آملہ سار۔ گندھک زرد۔ تربد سفید۔ نیلا تھوتھا بابچی ہر ایک تولہ تولہ۔

**ترکیب:** سب ادویہ باریک پیس کر رکھ لیں۔ آٹا گندم سے دو چپاتیاں بنا کر ایک چپاتی کو توے پر ڈال کر اوپر سفوف مذکور پھیلا کر رکھ دیں اوپر دوسری چپاتی رکھ کر ان کے منہ اچھی طرح ملا دیں نیچے آگ جلائیں۔ جب نیچے والی چپاتی پک کر سرخ ہو جائے الٹا دیں۔ جب دونوں طرف خوب پک جائیں اتار کر سرد کرلیں اور دوا نکال لیں۔

**استعمال:** تین ماشہ دوا میں روغن تارامیرا 2 تولہ ملا کر مالش کریں۔ تین گھنٹہ کے بعد گرم پانی سے غسل کر کے مکھن میں قدرے نمک ملا کر مالش کردیں تین دن ضرور استعمال کرنا چاہئے۔

## (322) دیسی آیوڈین

**منافع:** ہر قسم کے پھوڑے پھنسیوں۔ چوٹ ضرب وغیرہ کے لئے ولایتی آیوڈین سے زیادہ مفید ثابت ہو

ہے بہت جلد نفع بخشتی ہے تجربہ کر کے دیکھیں۔ بنانے میں بھی کوئی دقت نہیں ہوتی۔ بارہا تجربہ ہو چکا ہے۔

**اجزا:** شراب دیسی خالص ایک لٹر سہاگہ ہلدی مصبر زرد۔ بھنگڑی ہر ایک 10-تولہ نیلہ تھو تھ 6 ماشہ۔

**ترکیب:** شراب کو دو بوتلوں میں ڈال کر خشک ادویہ پیس کر بحصہ برابر دونوں بوتلوں میں ملا کر رکھ دینا چاہئے چار یوم کے بعد چھان کر ثفل پھینک دیں اور مصفے دوا کو بوتلوں میں بھر لیں۔

**استعمال:** روئی سے لگایا کریں۔

## (323) مرہم اکسیر طاعون و پھرالی وغیرہ

**منافع:** طاعون پھرالی اور ہر قسم کے پھوڑے پھنسیوں کا مستند مجرب نسخہ ہے۔

**اجزا:** لوبان کوڑیہ۔ کافور دیسی خالص ہر ایک تولہ تولہ۔

**ترکیب:** دونوں ادویہ الگ الگ پیس کر ملا لیں اور دو دو قطرہ پانی ڈالتے رہیں اور کھرل کرتے رہیں حتیٰ کہ مرہم کی طرح بن جائے پھر کسی ڈبیہ میں رکھیں۔

**استعمال:** حسب دستور کپڑے پر لگا کر پھوڑے پھنسیوں پر لگائیں اگر ورم بیٹھنے ولا ہو گا تو فوراً درست ہو کر پھوڑہ تحلیل ہو جائیگا اگر پک کر تحلیل ہونے والا ہو تو اس کو پکا کر بہت جلد اچھا کر دے گا۔

## (324) دوائے دافع بہق ابیض

**منافع:** بہق ابیض یعنی بدن کے سفید داغ (پھلبہری) کی مجرب دوا ہے۔

**اجزا و ترکیب:** گندھک مصفی اور نوشادر برابر وزن پیس کر سفوف بنا لیں۔

**استعمال:** حسب ضرورت سفوف لے کر آب لیموں میں ملا کر داغوں پر لگائیں۔ ایک گھنٹہ لگا رہنے دیں۔ دن میں کم سے کم دو دفعہ لگانا چاہئے۔

# مجربات امراض پشت

## (325) سفوف الاوجاع

**منافع:** جوڑوں کے درد' درد سینہ' درد سر' درد کمر' درد عصبی ہر قسم کی مجرب دوا ہے۔

**اجزا:** سورنجان شیریں' کشنیز خشک ہر ایک 2 تولہ' اسپرین ایک تولہ' انٹی فیرین 5 ماشہ' کیفین سائٹراس 7 ماشہ' قند سفید 6 تولہ۔

**ترکیب:** سب ادویہ باریک کوٹ کر ملا لیں۔

**استعمال:** 2 ماشہ یا 3 ماشہ حسب طاقت مریض دن میں تین بار آب خالص کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (326) دوائے نقرس و عرق النساء

**اسناد:** شاگرد رشید حکیم محمد سعید صاحب ساکن چک نمبر 104 شمالی (سرگودھا) کا عطیہ خاص ہے۔

ہوا ہے۔ ... ان کے لئے یہ سادہ سا نسخہ بہت مفید ثابت ہوا ہے۔

**منافع:** نقرس اور عرق النساء عسر البرء امراض ہیں ان کے لئے یہ سادہ سا نسخہ بہت مفید ثابت ہوا ہے۔

**اجزا:** سورنجاں شیریں 3 تولہ' برگ سناء مکی 2 تولہ' تربد سفید' نمک لاہوری' خربق سفید' غاریقون مغربی' پوست ہلیلہ زرد' ہلیلہ سیاہ' زیرہ سیاہ' زنجبیل بے ریشہ ہر ایک تولہ تولہ۔

**ترکیب:** کوٹ پیس کر سفوف تیار کر لیں۔

**استعمال:** 9 ماشہ صبح ٹھنڈے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

## (327) اکسیر وجع مفاصل

**اسناد:** شاگرد رشید حکیم غلام حسین صاحب کا عطیہ ہے۔

**منافع:** وجع مفاصل (گنٹھیہ) عرق النساء' نقرس' درد کمر' ہر قسم کے عصبی دردوں کی لاجواب اکسیر ہے۔ بہت سریع النفع تجربہ شدہ نسخہ ہے۔ عموماً پہلے دن اثر ظاہر ہوتا ہے۔

**اجزا:** آسگند ناگوری 2 تولہ' سورنجان شیریں 7 تولہ' سونف دیسی 4 تولہ' اسپرین 3 تولہ' فنسٹین 4 تولہ' کیفین سائٹراس 2 تولہ' قند سفید 11 تولہ۔

**ترکیب:** پہلی تینوں دوائیں کوٹ چھان کر سب کو ملا کر کھرل کریں۔

**استعمال:** صبح' دوپہر اور شام ایک ایک ماشہ دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (328) حب اکسیر عرق النساء

**اسناد:** شاگرد رشید حکم محمد سعید صاحب سکان چک نمبر 104 شمالی (سرگودھا) کا عطیہ ہے۔

**منافع:** عرق النساء (لنگڑی کا درد) جسے ریگنگن بھی کہتے ہیں کے لئے نہایت مفید ہیں۔ عموماً ایک ہفتہ میں آرام ہو جاتا ہے۔ نیند تو پہلے دن ہی آنے لگ جاتی ہے۔ مجرب نسخہ ہے۔

**اجزا:** کچلہ مدبر' افیون' عقر قرحہ' فلفل سفید ہر ایک تولہ تولہ آب گھیکوار حسب ضرورت۔

**ترکیب:** ادویہ باریک پیس کر آب گھیکوار میں خوب کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

**استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ایک گھونٹ گرم شدہ گھی کے ہمراہ نگل لینی چاہئے۔ سرد' بادی' قابض اور تیل دار اشیاء سے پرہیز ہے۔

**کچلہ مدبر کرنے کی ترکیب:** چار تولہ کچلہ کو ایک پاؤ دانہ گندم کے ہمراہ کڑاہی بھون لیں۔ جب گندم کے دانے جلنے لگیں کڑاہی کو آگ سے نیچے اتار کر کچلے الگ کر لیں اور ان کو پانچ تولہ گھی میں نرم آنچ پر کڑچھی میں بریاں کریں۔ جب کچلے اچھی طرح پھول جائیں آگ سے اتار لیں اور کچلوں کو الگ کر کے ہاون دستہ آہنی میں باریک کوٹ کر سفوف تیار کریں۔ بقایا گھی عصبی امراض میں مالش کے کام آئے گا۔

## (329) حب اکسیر وجع مفاصل

**منافع:** جب ترش مادہ (یورک ایسڈ) جوڑوں میں بیٹھ جائے تو وہاں دردیں شروع ہو جاتی ہیں۔ یہ گولیاں

ورک ا۔سڈ کے لئے نہایت مفید ہیں۔ ان کے استعمال سے تمام مواد بذریعہ اسہال خارج ہو جاتے ہیں اور دردوں کو آرام ہو جاتا ہے۔ وجع مفاصل یعنی جوڑوں کے درد کا عمدہ ترین بے ضرر نسخہ ہے۔ جس کا بارہا تجربہ ہوا۔ نازک سے نازک مزاج مریض کو بھی اس سے کسی قسم کی تکلیف نہیں ہوتی۔

**اجزا:** عشق پیچہ' مصبر زرد عمدہ' سورنجان شیریں' زنجبیل' تربد سفید' گوگل' غاریقون' تخم حنظل' بابونہ ہر ایک تولہ تولہ' لعاب گھیکوار حسب ضرورت۔

**ترکیب:** تمام ادویہ باریک کوٹ چھان کر لعاب گھیکوار میں خوب کھرل کر کے نخودی گولیاں تیار کر لیں۔

**استعمال:** ایک ماشہ وزن کر کے صبح اور ایک ماشہ شام کو شربت بزوری 3 تولہ' عرق سونف 12 تولہ کے ہمراہ پھانک لیں۔

## (330) روغن مسکن

**منافع:** ضربہ' سقطہ' چوٹ ہر قسم کے ورموں اور دردوں کے لئے نہایت مفید ہے۔ بارہا کے تجربہ کے بعد سریع الاثر اور بے خطا ثابت ہوا ہے۔ چوٹ ہر قسم کے درد میں فوری نفع ہوتا ہے۔ درد جوڑ کو رفع کرتا ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ ہر مطب میں تیار رہنے کے قابل ہے۔

**اجزا:** زرد چوب یعنی ہلدی 5 تولہ' کافور' افیون' اجوائن خراسانی ہر ایک 2 تولہ' روغن کنجد ایک پاؤ۔

**ترکیب:** زرد چوب کو باریک پیس کر پانی میں پیسیں پھر افیون پھر اجوائن پھر کافور ترتیب وار ملا کر پیستے رہیں۔ جب یہ سب نہایت باریک ہو جائیں۔ روغن مذکور ملا کر نرم آگ پر پکانا شروع کریں۔ حتیٰ کہ ادویہ جل جائیں پھر تیل کو الگ کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** مقام ماؤف پر آہستہ آہستہ مالش کریں یا تیل میں کپڑا تر کر کے اوپر رکھیں۔ اگر سوزش محسوس ہو تو کبھی کبھی ٹھنڈے پانی سے چھینٹے مار دیا کریں۔

## (331) حلوائے گھیکوار

**منافع:** درد کمر' وجع المفاصل یعنی گنٹھیہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ مقوی دماغ اور مقوی بدن مجرب المجرب ہے۔

**اجزاو ترکیب:** مغز گھیکوار (کنوار گندل) آدھ پاؤ کو گھی خالص ایک پاؤ کے ساتھ ملا کر نرم آنچ پر بھون لیں پھر کھانڈ سفید 2 پاؤ ملا کر قوام تیار کر کے ادویہ ذیل کا سفوف "جو پہلے تیار کر کے پاس رکھا ہو" ملا دیں۔ ادویہ یہ ہیں۔ دانہ الائچی خورد' دانہ الائچی کلاں' مصطگی رومی' گلسرخ' طباشیر کبود ہر ایک تولہ تولہ' کشمش ...' مغز پستہ' مغز اخروٹ' مغز نارجیل یعنی گری کھوپہ مقشر' خراختہ دور کیا ہوا' مغز بادام شیریں ہر ایک ... تولہ' سورنجان شیریں بوزیدان ہر ایک تولہ تولہ سب کو باریک کر کے زعفران خالص ایک ماشہ گلاب میں کھرل کر کے ملا دیں اور حلوہ تیار کر لیں۔

**استعمال:** دو دو تولہ صبح و شام دودھ گائے کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (332) روغن درد ہر قسم

**منافع:** نمونیہ، ذات الجنب، درد ریاح، گنٹھیہ، درد اعصاب وغیرہ ہر قسم کے دردوں کے لئے نہایت سریع الاثر بے خطا مجرب اور مستند نسخہ ہے۔ آلہ تناسل کے نقائص کے لئے بھی مفید ہے۔ ایک طبیب اس نسخہ سے ہزاروں روپے کما چکے ہیں اور ان کا یہ نسخہ بہت مشہور ہے۔ جو بہت کوشش کے بعد ملا۔

**اجزا:** بیخ ارنڈ، بیخ دھتورہ، بیخ حرمل، بیخ کریر، بیخ مدار، بیخ اکسن، بیخ حنظل، بیخ موکڑی (کٹائی خورد) بیخ سوہانجنہ، بیخ نکو ہر ایک 20 تولہ، روغن کنجد ایک لٹر۔

**ترکیب:** جڑیں کتر کر دس لٹر پانی میں دو دن تک بھگوئے رکھیں۔ پھر جوش دیں جب پانی دو لٹر رہ جائے۔ کپڑے میں چھان کر روغن کنجد ملا کر جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے جائفل، لونگ، آملہ سار، بیر بہوٹی، عقر قرحہ، فلفل دراز، خراطین مصفی، رتن جوت ہر ایک تولہ تولہ کوٹ کر سفوف بنا لیں اور زردی بیضہ مرغ پانچ عدد ملا کر کپڑے میں نرم پوٹلی باندھ کر جوش دیں۔ جب پوٹلی کی ادویہ سیاہ ہو جائیں اور پانی بھی جل جائے اتار کر تیل نتھار لیں۔

**استعمال:** نیم گرم درد کی جگہ پر مالش کرکے اوپر روئی باندھ دیں۔ روزانہ ایک وقت یا دو وقت حسب ضرورت مالش کیا کریں۔ عضو مخصوص پر مالش کرنا ہو۔ تو رات کے وقت چھ سات قطرات حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کریں اور اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ دس روز تک اسی طرح استعمال کریں۔

## (333) نسخہ دیگر

**منافع:** گنٹھیہ، ذات الجنب، نمونیا، درد ریح، درد اعصابی وغیرہ تمام اعضاء کے دردوں کا آسان اور مجرب نسخہ ہے۔

**اجزا:** کائپھل، زنجبیل، قسط تلخ، افیون ہر ایک چھ ماشہ، شیر مدار 2 تولہ، روغن کنجد 20 تولہ۔

**ترکیب:** خشک ادویہ باریک کھرل کرکے شیر مدار میں کھرل کریں اور ایک سیر پانی میں چوبیس گھنٹے تک بھگو رکھیں پھر روغن کنجد ملا کر جوش دیں۔ جب پانی خشک ہو کر صرف تیل رہ جائے نتھار کر شیشی میں ڈالیں۔

**استعمال:** نیم گرم مالش کرکے اینٹ گرم کی ٹکور کرکے اوپر روئی باندھ دینی چاہیے۔

## (334) سفوف نقرس مجرب

**اجزا:** تربد سفید، سورنجان شیریں، پوست ہلیلہ زرد، مصبر، گل سرخ، پوٹاشیم آیوڈائیڈ ہر ایک تولہ تولہ۔

**ترکیب:** سب کو الگ الگ باریک کرکے سفوف کر لیں۔

**استعمال:** تین ماشہ گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (335) روغن اوجاع

**منافع:** وجع مفاصل (گنٹھیہ) نقرس، نمونیہ، درد پسلی، ذات الکبد، درد چوٹ وغیرہ ہر قسم کے دردوں کے

لئے اکسیر ہے۔ اور ٹنکچر آیوڈین کا نعم البدل نہایت موثر و مجرب سہل نسخہ ہے۔

**اجزاو ترکیب:** کافور اصلی دو تولہ کوٹ کر تیل مٹی آٹھ تولہ میں ملا کر رکھ دیں۔ چوبیس گھنٹہ تک کافور حل ہو جائے تا۔ بس تیار ہے۔

**استعمال:** روئی سے درد کی جگہ پر لگا کر اوپر روئی باندھ دینی چاہئے۔

## (336) دوائے درد کمر

**منافع:** درد کمر خواہ کسی وجہ سے ہو انشاء اللہ تین ہی دنوں میں آرام ہو جاتا ہے۔

**اجزاو ترکیب:** گوند پیپل 9 ماشہ باریک کر کے کپڑے میں پوٹلی باندھ کر آدھ سیر دودھ میں لٹکا کر خوب جوش دیں پھر پوٹلی پھینک دیں اور دودھ میٹھا کر کے پی لیں۔

# متفرقات

## (337) حلوائے مسمن بدن

**منافع:** مقوی دماغ و بدن اور مقوی باہ ہے۔ حافظہ کو تیز کر کے نسیان کو دور کرتا ہے۔ کمزور انسان کو موٹا اور طاقتور کرتا ہے۔ کمزور جسم، کمزور دماغ اور دماغی محنت کرنے والوں کے لئے ایک نعمت ہے۔ نہایت لذیذ اور خوشنما ہمہ صفت موصوف حلوہ ہے۔ مجرب ہے۔

**اجزا:** چھوہارا گٹھلی دور کیا ہوا، آرد نخود بریاں (بھنے ہوئے نخود کا آٹا) نشاستہ گندم ہر ایک 20 تولہ، مغز چلغوزہ، مغز بادام، مغز پستہ ہر ایک 5 تولہ، روغن زرد چینی ہر ایک آدھ کلو، دودھ دو لٹر۔

**ترکیب:** چھوہارے دودھ مذکور میں اس حد تک جوش دیں کہ وہ پھول جائیں پھر نکال کر کونڈے میں کوٹ لیں اور اسی دودھ میں دوبارہ ڈال کر پکائیں۔ حتیٰ کہ دودھ کا کھویا ہو جائے۔ بعدہ گھی کو گرم کر کے اس میں نشاستہ گندم کو بریاں کریں۔ سرخی مائل ہونے پر نخود کا آٹا اور ساتھ ہی چھوہارے اور دودھ کا کھوا ڈال کر اسے اچھی طرح بریاں کریں حتیٰ کہ سرخی مائل ہو جائے اور خوشبو آنے لگے پھر کھانڈ ملا کر ہلاتے رہیں۔ جب گھی علیحدہ ہونے لگ جائے میوہ جات نیم کوب کر کے ملا لیں بس تیار ہے۔ کسی چینی کے یا روغنی صاف مرتبان میں ڈال کر رکھیں۔

**استعمال:** ایک چھٹانک سے ڈیڑھ چھٹانک تک صبح نہار کھائیں۔

## (338) حب تارک افیون

**منافع:** اس نسخہ کے استعمال سے افیون کی عادت بلا تکلیف چھوٹ جاتی ہے اور طبیعت میں کسی قسم کی تکلیف پیدا نہیں ہوتی۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

**اجزا:** کشتہ فولاد، قسط تلخ، جاوتری، تخم جوز ماثل مدبر ہر ایک تولہ تولہ، روغن زیتون 2 تولہ، مغز پنبہ دانہ ... مدبر ہر ایک 4 تولہ۔

**ترکیب:** سب کو کوٹ پیس کر شہد ملا کر معجون بنالیں۔
**استعمال:** افیون کے ساتھ ملا کر کھائیں۔ افیون کا وزن کم کرتے جائیں اور اس کی جگہ معجون کا وزن بڑھاتے جائیں۔ اخیر میں صرف اسی معجون پر آجائیں اور آہستہ آہستہ اس کو بھی کم کر دیں۔ غذا مرغن استعمال کرنی چاہیے۔

## (339) خضاب جدید

**منافع:** خضاب کا عمدہ نسخہ ہے۔ پانچ منٹ میں بالوں کا رنگ پختہ سیاہ بنا دیتا ہے۔ بال ملائم ہوتے ہیں۔ کسی قسم کا نقص نہیں ہوتا۔
**اجزا:** پیرافین ڈایامین 2 تولہ' بیریم پرکسائیڈ' ست لیموں اصلی ہر ایک 5 تولہ' برگ حناء تازہ خشک کردہ کپڑ چھان کیا ہوا' برگ وسمہ تازہ خشک شدہ کپڑ چھان کیا ہوا ہر ایک 10 تولہ۔
**ترکیب:** سب کو باہم ملا کر تھوڑی دیر کھرل کر کے شیشی میں مضبوط کارک لگا کر رکھیں۔
**استعمال:** وقت ضرورت پانی میں حل کر کے برش وغیرہ سے لگائیں۔ جب خشک ہو جائے دھو کر کوئی خوشبودار تیل لگائیں۔

## (340) خوبصورت بننے کی دوا

**منافع:** اس سے چہرہ کے داغ دھبے سیاہ نشان' چھایاں جھریاں وغیرہ دور ہو کر رنگ خوبصورت نکل آتا ہے۔ جسم سے خوشبو آتی اور دماغ معطر رہتا ہے۔ عجیب الاثر مجرب نسخہ ہے۔
**اجزا:** پوست ترنج 10 تولہ' چاول ساٹھی' حسن یوسف' گل کسنبہ ہار سنگھار' مغز تخم کدو' مغز بادام' برگ حناء' سوڈا بائی کارب' صندل سرخ و سفید ہر ایک 5 تولہ' زعفران 1 تولہ' عطر موتیا' عطر گلاب' عطر نا گیسر ہر ایک 4 ماشہ۔
**ترکیب:** سب کو کوٹ چھان کر عطریات ملالیں۔
**استعمال:** دودھ کے ساتھ کھرل کر کے چہرہ پر ملیں۔ خشک ہونے پر پانی سے دھو دیں۔

# مجربات سلطانی

مصنفہ

## حکیم مولوی محمد یار خان زبدۃ الحکماء علوی للیانوی

**مجربات سلطانی** نادر و نایاب مخفی صدری رازوں کا ایک لاجواب مجموعہ ہے۔

تھوڑے ہی عرصہ میں اس لاجواب مقبول عام تصنیف کے چار حصے شائع ہو چکے ہیں۔ اور شائقین مجربات نے اسے ہاتھوں ہاتھ خرید کیا ہے۔

ملک بھر کے ممتاز طبی اخبارات اور رسائل اور نامور اطباء نے مجربات سلطانی کے نایاب طبی جواہر پاروں کی انتہائی تعریف و ستائش لکھی ہے۔ بے شمار اطباء نے اسے اپنے مطب کا بہترین اور قابل اعتبار فارماکوپیا قرار دے لیا ہے۔ غرض اس لاجواب طبی ذخیرہ کو جس نے دیکھا حرز جان بنا کے رکھا ہے۔ یہ نادر تصنیف بھارت و پاکستان کے ہر گوشہ میں پہنچ چکی ہے۔ ہر صاحب نظر اس کے عالی ہمت مولف کی بخل شکنی، ایثار و صداقت پسندی اور نیک نیتی کی داد دینے پر مجبور ہوا ہے اور یہ واقعہ ہے کہ اس کتاب میں ایک نسخہ بھی فضول اور بھرتی کا نہیں۔ اس سے ایک معمولی اردو خواں بھی علاج کر سکتا ہے۔ مصنف کی سب سے پہلی قابل قدر و عزت تصنیف ہے اور نہایت تیزی سے بغیر اشتہار کے ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو رہی ہے۔ مکمل کتاب کی قیمت صرف ایک ہی مستند نسخہ کا ادنیٰ ہدیہ بھی نہیں۔ سچے مجربات کے متلاشیوں کو اس سے بہتر کتاب ہرگز نہیں مل سکتی۔

انسان تمام عمر میں صرف چند نسخے ہی تجربہ کر سکتا ہے۔ اگر آپ

**مجربات سلطانی**

ہر چہار حصہ خرید لیں گے

تو آپ کو معمولی داموں سے صدری مجربات کا ایک مستند فارماکوپیا ہاتھ آجائے گا

# مجربات سلطانی

کی اتنی عزت، شہرت اور مقبولیت کی وجہ صرف یہی ہے۔ اس کے نسخہ جات نہایت صحیح اور مستند ہیں۔ مصنف نے عام روش سے ہٹ کر نہایت فراخ دلی سے ایسے ایسے بھروسہ کے کامیاب طبی رازوں کا انکشاف کیا ہے جو بہت نامی گرامی طبیبوں کی عزت و شہرت کا موجب تھے۔ جن کے بل بوتے پر کتنے ہی مشہور استادوں کی دولت و کامیابی کی عمارت کھڑی تھی۔ پنجاب کے مشہور ترین استاد فن علامہ حکیم مفتی سلیم اللہ خان مرحوم اور حکیم محمد بخش مرحوم طبیب خاص نواب صاحب بہاولپور کیسی فنی عظمت اور یکتائی

کے مالک تھے۔ ان کے وہ لاجواب معمول مطب خاندانی مخفی نسخے جن پر ان کی شہرت اور کامیابی کا انحصار تھا آپ کو مجربات سلطانی میں ملیں گے۔

اس زمانہ میں صحیح مجربات کو حاصل کرنا ساری دنیا کو فتح کر لینے سے کہیں زیادہ مشکل ہے۔ لہذا آپ کو یہ کتاب ضرور خرید لینی چاہیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| حصہ اول | طبع چہارم | تعداد نسخہ جات | 211 قیمت:- 90/ |
| حصہ دوم | طبع دوم | تعداد نسخہ جات | 378 قیمت:- 90/ |
| حصہ سوم | طبع دوم | تعداد نسخہ جات | 489 قیمت:- 90/ |
| حصہ چہارم | طبع اول | تعداد نسخہ جات | 340 قیمت:- 90/ |

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز - اردو بازار لاہور

LIKE US ON facebook

Tibbi Books for Atiba Karam